ہیرا :- شکروار اور نکھتر تیش کا ہونا لازمی ہے

نیلم :- شنیچروار۔ اترشا۔ شرون۔ دھنشٹ۔ شتبھشک۔ پوربا چیترا۔ سواتی۔ وشاکھ۔ سے بارہ بجے دن تک دھارن کریں (پرنتو شنیچر مکر۔ کنبھ راشی اور تلا راشی میں ہونا چاہیے)

گومید :- شکروار۔ سواتی۔ شتبھشک صبح ۱۰ بجے سے پہلے کا سمیئے شبھ ہے

لہسونیا :- بدھوار۔ شکروار۔ اشن۔ مگھ۔ مول نکھتر شبھ ہیں۔ صبح دس بجے دن تک شبھ سمیئے ہے۔ چندرما۔ میش اتھوا دھن راشی کا ہونا چاہیئے ؛

(نوٹ) پہننے والے رتن اصلی ہونے چاہئیں۔ پہنتے وقت نکھتر اور وقت کی پابندی بھی نہائت ضروری ہے۔ اور سمیئے مقررہ گذر جانے پر رتن کو بدل لینا چاہیئے ؛

پرپیوق

ایک تھالی میں نوید اور گندھ سری میں چنوادہ ۵ پھیاں رکھ کر گنیش جی کا دھیان کر کے گندھ
پانی سے اپنے آپکو چھڑکتے ہوئے پڑھیں "ترتھ سینے یم، ترجیم ایوہ، سہانام، بھرتی ماناہ
شمشو اُرو دشو، دھرتی، پرانگ مرتے رکھیانو، برمہ نس پتے،، اپنے ماتھے پر تلک لگاتے
ہوئے پڑھیں "پرباتنے، پرشو تملائے، پنچ بھوتا تمکائے وشواتمنے امنترناتھائے آتمنے، نارایناے، آدھار
شکیتے آسمائے نہم گندھونماہ، ارگھونماہ، پُشپم نماہ" دیپ کو تلک لگاتے ہوئے پشپ چڑھاتے ہوئے
پڑھیں: شُوبرکاشو مہادیپو، سرونس تمراپہاہ، پرلیسدہ، ممہ، گو بندہ - دیپ یم برکلپتاہ۔
دھوپ کو تلک لگا کر پڑھیں: ونسپتی" رسو- دِلویو- گندھاڈھیو- گندہ - اوتما- آگھوانم- سرودیوانام
دُھ، پوہیم، پرتی گرہتام،، شُوریہ کا دھیان کر کے پاتر میں تلک پُشپ ڈالتے ہوئے پڑھیں نمودہراکا
بدھائے۔ نماہ شُرکرت۔ ساکھینے نماہ۔ پرتیکشہ۔ دیوائے۔ باسکرائے۔ نمو نماہ۔
کھو- دسے تھال میں جل ڈالتے ہوئے پڑھیں :۔ یتراستی ماتا۔ نہ پتا۔ نہ بندھور بھراتا پی، نو، یترسُوہرت
جنشچہ۔ نہ گیا یہ تے یترونم، نہ :۔ نہ راتری۔ تترامتہ، دی یم- تنرنم، پرپدی۔ آتمنے۔ نارائناے۔ آدھا
شکیتے، دھوپ۔ دیپ سنکلپات۔ سِدراستو۔ دھوپونماہ، دیپونماہ۔
نوید کی تھالی میں دونوں ہاتھوں کسے پکڑتے ہوئے پڑھیں :۔ امرتیشہ، مودریا- امرتی۔ کرتے
امرتم- اشتو- امرتا تیام بتئے دیدیم۔ ساوِترانی۔ ساوترسے۔ دیوسے تواسہ دتو، برکسُو اِشنوا
باہو بھیام- پوشنو ہستا، بھیام، آدو سے، مہاگتہ، اپتیے۔ گومارائے۔ شرکے، سرسوتیئے۔ کھشیے
دِشوکرمنے۔ ودار۔ دیوتا بھیاہ۔ پرجاپتیئے۔ برہمنے۔ کلشہ دیوتا بھیاہ۔ برہمہ وشنو مہیشور۔ دیوتا بھیاہ۔
چاتور وید فیورائے۔ ساوتری ائے۔ رِتو تیئے نارائناے۔ درگائیے۔ تریمبکائے۔ درنلائے بگھیہ ورے
اگنی شواتا دیھباہ۔ پترگنہ، باگہ دیوتا، بھیاہ۔ بجگوتے۔ واسُدیوائے۔ سنکرشناے۔ پردھیومنائے
انہ رُدھائے سیتائے۔ پورشائے۔ اچوتائے۔ مادھوائے۔ گوبندائے۔ سہنرامے وشنوئے لکشمی
سہتائے نارائنائے۔ بھوائے۔ دیوائے۔ بیِ شانائے۔ دیوائے۔ ایشورائے۔ دیوائے۔ اُدما سہتائے
ہرجوائے۔ پاروتی سہتائے پرمیشورائے وِنائیکائے۔ ایکہ دنتائے۔ کرشنہ پنگلائے۔ گجراننائے۔

سبھوڈرائے بھال چندرائے۔ ہی رمبھائے۔ آکھو رتھائے۔ وِگنی ناشائے۔ وگنہ بھگنائے ولمب ہتائے
شری مہاگنپتائے کلیم- کام۔ کومارائے ششٹھی مرکھے۔ بیشوردا ہنائے۔ سینا پتئے کمارائے۔ بھگوتے
ہرام۔ ہریم ساہ شرباے۔ سپتا شوائے۔ ایکا شوائے۔ نیلا شوے۔ پرتیکشہ دوائے پیارتھ سارائے
تیجورپائے۔ پربھا سہتائے۔ آدتیائے۔ بھگوتے۔ اماپیے۔ کاماٹنے۔ جاروبگھیے۔ نانہ دھارنیے تارائیے
بارونیے۔ بھنے۔ شری تارکا بھگوتیے۔ شری شاردھا بھگوتیے، وتستا بھگوتیے۔ گنگا بھگوتیے۔ یمنا
بھگوتیے۔ کالیکا بھگوتیے۔ سترہ کشیرے بھاکشیرے، بھار کوُرسندریے سہنرنامے دیوئیے۔ بھوانے اچینکری
دیوی کھیمنکری بھگوتیے شترد گاتی نیے۔ یہ راشٹر دیتبئی آنند ایشور بھیرائے۔ بیندرائے۔ وجرہتائے۔ اگنی
سکھتی ہتائے۔ یاسے دنڈہتائے۔ نیرتئے کھڈگ ہتائے۔ ورونائے پاشہ ہتائے، وایو دی دوز ہتائے
کوبرائے گداہتائے۔ یشانائے ترشول ہتائے۔ برہمنے پدمہتائے۔ وشنوے چکرہتائے اننتاہ وجیباہ۔
اشتابھیاہ۔ کلنا گہ دیوتا بھیاہ۔ اگنیا دتیا بھیام۔ ودردنو چندرسو بھیام۔ کمار بوما بھیام۔ وشنو بدھا بھیام۔ بیندرا
برہپتی بھیام۔ سرسوتی شکرا بھیام۔ پرجاپتی شنچرا بھیام۔ گنہ پتی راہو بھیام۔ رودکیتو بھیام برہمہ وردا بھیام۔ انج تا
گسنا بھیام۔ برہمنے کورمائے۔ ورودائے۔ ان تن تائے ہرئے بھشٹیے۔ کملائے۔ شکھیاوبھیاہ پنچ چیتوار
نِت۔ داتر شیتی باگہ دیوتا بھیاہ۔ برہمادھیو۔ ماترہیو۔ گوریادھیو ماتربھیاہ للتادھیو ماتربھیاہ۔ درگا کھیتر گنیشو
دِتا بھیاہ۔ اوم بھور بھواہ سوردیوتا بھیاہ۔ اکھنڈ برہمانڈ- یاگ اپہ دُربھیاہ۔ مہا گائتری ساوتری برسوتیئے بھگوکا دیوتا بھیاہ
ولترکا دبھیاہ۔ اپتنم امرتم- دیویم۔ پراک کھیرودھی منتھنات، اتم۔ امرت رُدپی نہ نتے نویدم، پرتی گرہتام تت
برہملوہ تا دت تھوڑے۔ آنئو واانگنماہ کایو پار جتہ پایہ۔ نرازنا رتھم اوم نمو نویدیم۔ نویدیامی تمہ :۔ جیو ہاتھ سے پکڑتے
ہوئے پڑھیں آکاش ماتر بھیو سماہ تھنم گندھونماہ۔ پھل پھول چڑھاتے ہوئے پڑھیں :۔ آکاش ماتربھیا
ارگھونماہ، پشپم نماہ ایک ٹکڑے کو چاول بہت پانی ڈال کر پڑھیں کھیام کھتراد تیبئی انم نماہ۔ دوسرے ٹکڑے کو
چاول بہت پانی ڈال کر پڑھیں رام راشٹراد تیبئی انم نماہ۔ سرداہبیہ درپرداہ ستی۔ پوشٹم وُشٹی بہ ترددا تو۔
ہاتھ جوڑ کر پڑھیں :۔ اِدبھیا بھیام۔ جانو بھیام۔ پانی بھیام۔ شِرسا۔ اُورسا۔ منسا۔ ساچہ۔ بنسکارم
کردمی نماہ ÷

اُوما نگری

یہ پوِتر تیرتھ گھنے جنگلوں سے شوبھت ہمالیہ پربت کے دامن میں واقع ہے۔ یہ وُہ تیرتھ ہے جہاں پاروتی نے بھگوان شنکر کو "ور" روپ میں پراپت کرنے کے لئے گھور تپسا کی تھی۔ جس کُنڈ میں "اُوما بھگوتی" نِت اِبھ شیک کرتی تھی وُہ کُنڈ "شوشکتی کُنڈ" کے نام سے پرسدھ ہے۔ جگت امبھا کی پریرنا سے کشمیر کے پرسِدھ مہاتما سوامی سویم آنند جی نے بہُت پریتن کرکے جنتا سے بیتھا شکتی دان اکٹھا کرکے اُسے "شوشکتی کُنڈ" کو اردھ چندراکار روپ دے کر کُنڈ کے بیچوں بیچ لاکھوں روپیہ خرچ کرکے ایک سُندر مندر بنایا۔ اُسی ماں کی پریرنا سے ہی گت ورش سوامی جی کے ایک شردھالو بھگت شری کاشی ناتھ جی "سانبرونا" والے نے لگ بھگ بیس ہزار روپیہ خرچ کرکے "اُوما بھگوتی" کی آکرشک تھا سُندر سنگِ مرمر کی مُورتی کی پرتِشٹھا اِس مندر میں اپنے گورو دیو سوامی سویم آنند جی کے کوملوں سے کروائی۔ سوامی جی کی اِس تیرتھ کے بارے میں جو یوجنا ہے اُس میں ابھی لاکھوں روپیہ درکار ہے۔ ہمارا کرتویہ ہے کہ اِس مہان شُبھ کاریہ کو سپھل بنانے کی غرض سے سوامی جی کو تن، من اور دھن سے سہیوگ دیں۔

سوامی جی کا نِشچے ہے کہ اُوما بھگوتی کی پریرنا سے اُوما نگری میں ہر ورش مہا درگا شٹمی "کو مہان درگا یگیہ منایا جائے گا جس کا پروگرام حسبِ معمول جنتا کو پہلے ہی دیا جائے گا۔

(سمپادک)

دھارمک کیسیٹ

وجیشور جیوتش کاریالیہ بِجبہارا

سے آپ کو

دھارمک بھرے ہوئے کیسیٹ

مِل سکتے ہیں۔ آپ جس قِسم کا "کیسیٹ" ہم سے بھروانا چاہتے ہیں اُس کا آرڈر مِلنے پر بھر کر بھیج دیں گے:

شوراتری پوجا۔ ۹۰ منٹ کا کیسیٹ (قیمت 75 روپیہ)

جنم دِن پوجا۔ ۹۰ منٹ کا کیسیٹ (قیمت 75 روپیہ)

نِت پاٹھ وِدھی۔ جسمیں مہمنا پار سمپورن۔ پنچستوی۔ گورو ستوتی دیوی ستوتی وغیرہ بھرے ہوئے ہیں۔ ۹۰ منٹ کا کیسیٹ (قیمت = 75 روپے)

*

(نوٹ) خط وکتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط لکھیے

کشمیر کے مہاتماؤں کے یگیہ شرادھ تتھا جینتی

چنڈی گکام مہاتما یگیہ	چیتر شکلہ پکچھ	اشٹم	۳۰ر مارچ	سوامی آتما رام یگیہ (رگوسائی گنڈ)	کارتک شکلہ پکچھ		۲۷ر نومبر
شری بلان کاک شرادھ	دنیاکھ کرشنہ پکچھ	چورم	۱۲ر اپریل				
شنکر صاحب یگیہ	دنیاکھ شکلہ پکچھ	اکدو	۲۴ر اپریل	سوامی شرانند یگیہ (گوتم ناگ)	مارگ کرشنہ پکچھ	ترواد	۱۳ر دسمبر
یوگیراج دھرم ست جی یگیہ	دنیاکھ شکلہ پکچھ	دوی	۲۵ر اپریل				
شری کاک جی یگیہ	جیٹھ کرشنہ پکچھ	دوی	۱۰ر مئی	شری جیون صاحب یگیہ	مارگ شکلہ پکچھ	دوی	۱۷ر دسمبر
بھگوان گوپی ناتھ یگیہ	جیٹھ شکلہ پکچھ	دوی	۲۴ر مئی	شری ودیادھر جی جینتی	مارگ شکلہ پکچھ	تری	۱۸ر دسمبر
بھگوان گوپی ناتھ جینتی	آشاڑھ شکلہ پکچھ	باہ	۳ر جولائی	شری نندلال صاحب جینتی	پوہ کرشنہ پکچھ	دہم	۸ر جنوری
سوامی دید دھرجی یگیہ	آشاڑھ شکلہ پکچھ	ترداہ	۴ر جولائی	سوامی اشوکانند یگیہ	پوہ کرشنہ پکچھ	اماوس	۱۴ر جنوری
سوامی لال جی جینتی	شراون کرشنہ پکچھ	تری	۹ر جولائی	سوامی شیورام جی یگیہ	پوہ شکلہ پکچھ	اکدو	۱۵ر جنوری
سوامی گوبند کول یگیہ	بھادر کرشنہ پکچھ	چوداہ	۱۸ر اگست	شری بونہ کاک جینتی	پوہ شکلہ پکچھ	دہم	۲۴ر جنوری
شنکر صاحب یگیہ بہ گنہ	اسوج کرشنہ پکچھ	اکدو	۴ر ستمبر	سوامی آفتاب رام یگیہ	ماگھ کرشنہ پکچھ	چورم	یکم فروری
سوامی ہرکرشن یگیہ	اسوج شکلہ پکچھ	دوی	۱۸ر اکتوبر	سوامی نندلال یگیہ	ماگھ شکلہ پکچھ	تری	۱۷ر جنوری
سوامی نندلال صاحب شرادھ	اسوج شکلہ پکچھ	ترواد	۳۰ر اکتوبر	سوامی نندلال جینتی	پھاگن شکلہ پکچھ	اشٹم	۲۱ر مارچ
جوتشی آفتاب شرما یگیہ	کارتک کرشنہ پکچھ	تری	۴ر نومبر	شری کشنہ کاک وڈی بودہ یگیہ	چیتر کرشنہ پکچھ	نوم	۵ر اپریل
سوامی مہادیو کاک یگیہ	کارتک شکلہ پکچھ	اشٹم	۲۳ر نومبر				
سوامی برکشن جینتی	کارتک شکلہ پکچھ	گاہ	۲۷ر نومبر	سوامی گواش ناتھ یگیہ	چیتر کرشنہ پکچھ	اماوس	۱۲ر اپریل

سمت ۲۰۳۹ بکرمی میں
ہر کام کے لئے نشیدھ سمیہ

تنگر است ———— ۱۳ر اکتوبر سے ۳۰ر دسمبر تک
برہپت است ———— ۴ نومبر سے ۳۰ر نومبر تک
ادھک ماس اسوج ———— ۱۷ر ستمبر سے ۱۶ر اکتوبر تک
سینگھ ———— ۱۷ر اگست سے ۱۷ر ستمبر تک
پوہ ———— ۱۶ر دسمبر سے ۱۴ر جنوری تک
کھیہ ماس ———— ۱۴ر جنوری سے ۱۲ فروری تک
ادھک ماس - پھاگن ———— ۱۳ر فروری سے ۱۳ مارچ تک

نوٹ "سینگھ" بنیاد مکان کیلئے نشیدھ نہیں ہے پوہ شِشر لاگوں کیلئے نشیدھ نہیں ہے۔" دنشٹ پنچک" میں صرف لکڑی تیل مٹی۔ گھاس وغیرہ گھر میں لانا۔ دکھن کی طرف جانا نشیدھ ہے باقی یجنو۔ پوبت۔ وواہ بنیاد مکان وغیرہ کے لئے اُدتم ہے۔

(نوٹ۔ ساتھ کے کالموں میں ہم نے کشمیر کے مہاتماؤں کے شرادھ اور جینتیاں درج کی ہیں ان کے شرادھ میں بعض دیوا۔ دیکھتے ہیں اور بعض دیوا۔ کا وچار نہیں کرتے۔ اس لئے کسی شرادھ میں ایک دن کا فرق پڑنا لازمی ہے۔ اس کا وچار آپ خود کریں (سمپادک)

ایک مسئلہ

کشمیری پنڈتوں کا ملہ ماس؟

ہم جنتری میں کئی بار لکھ چکے ہیں کہ کشمیر میں رودھی ماس سے ملہ ماس چالو ہے۔ اس بے بنیاد اور سراسر غلط ملہ ماس کو شدھ کرنے کی غرض سے برہمن منڈل نے ۲۰۳۸ بکرمی ہندی جنتری میں ایک پرمان درج کیا ہے "[illegible]" یعنی ۳۲ مہینہ ۱۶ دن کے بعد ملہ ماس آتا ہے اس پرمان سے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے منڈل میں کوئی بھی جیوتش ودیا کا ماہر نہیں ہے۔ جو یسی سادھارن باتوں کا گیان رکھتا ہو۔ یا یہ سمجھا جائے کہ منڈل جان بوجھ کر اپنی ہٹ دھرمی کو سدھ کرنے کے لئے جنتا کو گمراہ کرتا ہے۔ اس شلوک کا مطلب یہ ہے کہ ۳۲ مہینہ ۱۶ دن کے بعد یعنی ۹۷۶ دن کے بعد ملہ ماس آتا ہے۔ جو پرمان سراسر غلط ہے۔ جبکہ آپ کا رودھی ملہ ماس ۹۹۰ دن کے بعد آتا ہے۔ ہماری رائے میں اس مسئلہ کو زیادہ طول دینے کی ضرورت نہیں بلکہ آپ نشچے رکھئے کہ یہ رودڑی ملہ ماس ہمارے پوروج تھا ہم غلطی سے چلاتے آئے ہیں۔ اور اب یہ جانتے ہوئے بھی اس غلطی پر کاربند رہنا سماج کے ساتھ دھوکہ اور پاپ نہیں تو اور کیا ہے۔ اس ملہ ماس کو بھانو ماس سے الگ ماننے سے ہر تیسرے ورش ہمیں شیوراتری جیسے اُتم اور پوتر تہوار الگ الگ منانے پڑتے ہیں۔ اس ورش دو ادھک ماس ہیں اسوج اور پھاگن۔ اسلئے اسوج سے لے کر پھاگن تک کے سبھی تہوار ایک مہینہ آگے پیچھے ہوں گے جس سے کشمیری پنڈت سماج میں ایک پرکار کی کھلبلی مچ جائے گی۔ رودڑھی ملہ ماس کو الگ ماننے سے تہواروں میں کتنا فرق پڑتا ہے۔ اس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:۔

"اس ورش آپکو بھارت کے کئی ایسے پنچانگ بھی ملیں گے جن کے تہوار ہمارے پنچانگ سے نہیں ملیں گے۔ بس آپ سبھی کشمیری پنڈت ہماری نیچے درج کی ہوئی سوچی کے مطابق ہی تمام تہوار ایک کے ساتھ منائیں۔ ہم نے یہ سوچی دھرم شاستر اور اپنی سوجھ بوجھ کے مطابق شدھ کر کے صحیح درج کی ہے۔ (۱۷ ستمبر ۱۹۸۲ء سے ۱۲ فروری ۱۹۸۳ء تک)

تہواروں کیلئے شدھ تاریخوں کی سوچی

اسوج شکلہ پکچھ

۱۷ اکتوبر	آتوار	نوراتری آرمبھ
۱۵ اکتوبر	سوموار	درگا اشٹمی
۲۶ اکتوبر	منگلوار	مہانومی
۲۷ اکتوبر	بدھوار	دسہرہ

کارتک کرشنہ پکچھ

۱۵ نومبر	سوموار	دیپ مالا

کارتک شکلہ پکچھ

۱۶ نومبر	منگلوار	انہ کوٹ
۲۷ نومبر	سنیچروار	ہری بودھنی کادشی
۳۰ نومبر	منگلوار	شری گورو نانک جینتی

مارگ کرشنہ پکچھ

۸ دسمبر	بدھوار	مہاکالی بھیرو اشٹمی
۱۵ دسمبر	بدھوار	سوریہ گرہن

مارگ شکلہ پکچھ

۳۰ دسمبر	شکروار	چندر گرہن

پوہ کرشنہ پکچھ

۳۱ دسمبر	شکروار	مرتیکا پوجا
۶ جنوری	گورووار	مہاکالی جنم
۸ جنوری	سنیچروار	آنند بھیرو جینتی
۱۲ جنوری	بدھوار	لادس چوداہ
۱۳ ؍	گورووار	پکچھیا ماوسی
۱۴ ؍	شکروار	شششر سنکرانتی
۱۴ ؍	شکروار	کھیمہ ماس شروع

ماگھ شکلہ پکچھ

۱۷ جنوری	سوموار	گوری تریتہ
۱۸ جنوری	منگلوار	زپورل
۱۸ جنوری	منگلوار	ترتھوراچوم
۱۹ جنوری	بدھوار	بسنت پنچمی
۲۱ ؍	شکروار	مارتنڈ تیرتھ جینتی
۲۱ ؍	؍	شری گورو گوبند جنم
۲۵ ؍	منگلوار	بھیم سین کادشی
۲۷ ؍	گورووار	بیکھنی چوداہ

۲۸ جنوری — شکروار — کاڈ پونم
۲۹ ر ر — ر — دتاتری جینتی

پھاگن کرشنہ پکھ

۳ر فروری — گوروار — صاحب ستم
۵ ر — سنیچروار — ہوراشٹمی

۹ فروری — بدھ وار — شوراتری
۱۰ ر — گوروار — شوراتری
۱۱ ر — شکروار — شوچتردشی
یعنی مہاشوراتری (ماگھ اور پھاگن کی)
۱۲ فروری — سنیچروار — کھیہ ماس سماپت

رودھی ملہ ماس کے آدھار سے تہواروں کی سوچی جو دھرم شاستر کے آدھار سے اشدھ ہے:- ۱۸ر ستمبر:- نوراتر آرنبھ (ادھک ماس میں) ادھک ماس میں کوئی انوشٹھان آرنبھ کرنا نشیدھ ہے دھرم شاستر

رودھی ملہ ماس کی تہوار سوچی

۲۵ر ستمبر — درگا اشٹمی	۱۶ فروری — گوری تری	۲۷ر فروری — کاڈ پونم
۲۶ر ستمبر — مہانومی	۱۷ر فروری — ترپورا چورم	۱۰ر مارچ — شوراتری
۲۷ر ستمبر — دسہرہ	۱۸ر فروری — بسنت پنچمی	۱۱ ر — شوراتری
۱۶ر اکتوبر — دیپ مالا	۲۰ر فروری — بھیشم اشٹمی	۱۱ ر — شوچتردشی
۱۷ر اکتوبر — انہ کوٹ	۲۳ فروری — بھیم سین کاہ	۱۲ ر — شوچتردشی
۲۸ر اکتوبر — ہری بودھنی کاہ	۲۵ ر — کھینی چوداہ	× × ×

(نوٹ) ۱۰، ۱۱، مارچ کی شوراتری ادھک ماس پھاگن میں ہے۔ آپ ملہ ماسی میں یا بھانو ماسی ادھک ماس میں کوئی تہوار شوراتری جیسا اتسو منانا نشیدھ ہے۔ اسلئے آپ اونشیہ ۹ر فروری کو شوراتری منائیں:

(سمپادک)

اس ورش وجیشور جنتری میں شوراتری دو کیوں؟

اس ورش وجیشور جنتری میں ۹، ۱۰ فروری کو دو شوراتری درج ہیں۔ بھگوان شنکر کی پوجا کا پردھان سمے پردوش کال ہے۔ جو سوریہ است کے بعد ہوتا ہے جس دن ترئودشی سوریہ است کے بعد پردوش کال میں ہو اس دن شوراتری ہوتی ہے۔ پرنتو بھگوان شنکر لنگ روپ میں آدھی رات کو پرکٹ ہوئے ہیں اسلئے جس دن آدھی رات میں ترئودشی ہو اس دن بھی شوراتری ہوتی ہے۔ ایسا دھرم شاستر میں لکھا ہے۔ اسلئے کبھی ایک شوراتری اور کبھی دو شوراتریاں ہوتی ہیں۔ چونکہ اس ورش ۱۰ فروری کو ترئودشی پردوش تتھا آدھی رات دونوں میں ہے۔ اسلئے ۱۰ فروری کو ایک ہی شوراتری منانے میں ادھم کفل کی پراپتی ہوگی

اگر وجیشور جنتری کے متعلق کوئی سندیہہ ہو تو

آپ وجیشور جیوتش کاریالیہ بجبہارا سے رابطہ قائم کریں۔ آپ نشچے رکھئے دھرم شاستر کے آدھار پر ہر شنک و شبہ دور کیا جائیگا۔ چونکہ اکثر پاٹھک جوتش گنت ودیا سے ناواقف ہوتے ہیں۔ اسلئے کئی سبھائیں اور سنستھائیں اپنے سیاسی مفاد کی غرض سے ہمارے خلاف غلط پراپگنڈہ اخباروں میں یا ریڈیو پر کر کے لوگوں کو گمراہ کرتے ہیں حالانکہ انہیں جیوتش تحقیقات سے کوئی سمبندھ نہیں ہوتا بلکہ ان کا مقصد براہمن سنڈل جیسی سنستھاؤں کو خوش کرنا ہوتا ہے۔ لہذا ایسی غلط فہمی کا حل یہی ہے کہ آپ ہر نئے ورش کے آرنبھ پر اسی جنتری کو اپنائیں جس پر آپ کو وشواس ہو:

رُوڈھی ملہ ماس

اگرچہ اِس ورش ادھک ماس تھا تیوہاروں کے بارے میں جوتشیوں میں متضاد رائے رہی ہے۔ پرنتو ہم کشمیری پنڈتوں کے لئے ہر اڑھائی ورش کے بعد اِس رُوڈھی ملہ ماس سے تہواروں کے معاملہ پر اُلجھنیں کھڑی ہوجاتی ہیں۔ اِس پرکار اِس ورش بھی اِس بے بنیاد رُوڈھی ملہ ماس ہے، جو کارتک شکلہ پکھ ۱۸ نومبر بُدھ وار کو شروع ہوکر مارگ شکلہ پکھ ۱۷ دسمبر شکر وار کو سماپت ہوگا۔ شوراتری دیپ مالا نیز نوراترے جیسے تہوار دس ایک مہینہ آگے یعنے منانے کی سمسیا کھڑی ہوگئی۔ اِس بے بنیاد ملہ ماس کے آدھار ہی اِس ورش کشمیری پنڈتوں کو چار شوراتری منانی ہوں گی۔ یعنی اِس ورش کشمیری پنڈت چار حصوں میں بٹ جائیں گے۔ حالانکہ یہ تہوار جہاں سماج کو سنگھٹ کرنے کا سادھن ہوتے ہیں۔ وہاں ہمارے لئے یہی تیوہار وبھکت کرنے کا سادھن بھی بن جاتے ہیں۔ وید بھگوان کی گھوشنا ہے:- "مل کر جیو" संजीवध्वम् "مل کر چلو" संगच्छध्वम् "مل کر بولو" संवदध्वम्

رُوڈھی ملہ ماس کی چرچا وجیشور جنتری میں کیوں؟

اگرچہ ہم کئی ورشوں سے اِس نرادھار ملہ ماس کو سماپت کرنے پر تُلے ہوئے ہیں اور جنتا بھی ہمیں سہیوگ دے رہی ہے۔ پرنتو اب بھی کئی ایسے مہانو بھاو موجود ہیں۔ جو اس ملہ ماس کیلئے چھاتی پیٹ رہے ہیں اور لگاتار اس کی رٹ لگاتے رہتے ہیں۔ چونکہ جنتا پر اِس بے بنیاد ملہ ماس کی بہت سمیہ سے چھاپ پڑی ہے اِسلئے اُن کا بھرم مٹانا لازمی ہے۔ اِسی کارن ہم وجیشور جنتری میں سنکٹ کے روپ میں بار بار ملہ ماس کی چرچا کرتے ہیں ؛

مُسلم تہواروں کی سُوچی

۱۲ مئی - ۲۶ رجب	شب معراج
۷ جون - ۱۴ شعبان	شب برات
۲۳ جون - اول رمضان	روزہ شروع
۱۸ جولائی - ۲۶ رمضان	جمعۃ الوداع
۲۳ جولائی - اول شوال	عید الفطر
۲۴ ستمبر - ۶ ذیقعد	عُرس شاہ ہمدان
۲۸ ستمبر - ۱۰ ذوالحجہ	عید الضحیٰ
۱۹ اکتوبر - یکم محرم	محرم شروع
۲۸ دسمبر - ۱۲ ربیع الاول	عید میلاد النبی
۲۶ جنوری - ۱۱ ربیع الثانی	عُرس دستگیر صاحب

مُسلم مہینوں کا آغاز

چاند نظر آئیگا	مہینہ	مہینہ کا آغاز
۲۶ مارچ	جمادالثانی	۲۷ مارچ
۲۵ اپریل	رجب	۲۶ اپریل
۲۴ مئی	شعبان	۲۵ مئی
۲۲ جون	رمضان	۲۳ جون
۲۲ جولائی	شوال	۲۳ جولائی
۲۰ اگست	ذیقعد	۲۱ اگست
۱۸ ستمبر	ذوالحجہ	۱۹ ستمبر
۱۸ اکتوبر	محرم	۱۹ اکتوبر
۱۷ نومبر	صفر	۱۸ نومبر
۱۷ دسمبر	ربیع الاول	۱۸ دسمبر
۱۵ جنوری	ربیع الثانی	۱۶ جنوری
۱۴ فروری	جمادی الاول	۱۵ فروری
۱۵ مارچ	جمادی الثانی	۱۶ مارچ

ماگھ شکلہ پکچھ اور پھاگن کرشنہ پکچھ میں جنم اور مرن کے بارے میں

دھرم شاستر کا نرنیہ

ماگھ شکلہ پکچھ

چونکہ پوہ شکلہ پکچھ میں لیپ ہے ایسے ہی ماگھ کرشنہ پکچھ، پھاگن کرشنہ پکچھ میں سمایا ہوا ہے۔ اِس ماگھ شکلہ پکچھ میں اگر کسی بچہ کا جنم ہوگا۔ تو کیا اُس کا جنم دن ماگھ شکلہ پکچھ میں منایا جائے گا یا پوہ شکلہ پکچھ میں؟ ایسے ہی اگر کسی کی مرتیو پھاگن کرشنہ پکچھ میں ہوگی تو کیا اُس کا شرادھ آگے ماگھ میں ہوگا یا پھاگن میں؟

دھرم شاستر کا اِس سلسلہ میں یہ نرنیہ ہے کہ فرض کیجئے کوئی ماگھ شکلہ پکچھ اکدو کو پیدا ہوا۔ تو اکدو تِتھی دیکھئے شروع ہونے سے سماپتی تک کتنے سمیہ کے لئے ہے۔ اُس وقت کے دو حصّے کیجئے۔ اگر تِتھی کے پہلے آدھے حصّہ میں جنم ہو تو بچے کا جنم دن آگے پوہ شکلہ پکچھ میں منایا جائے۔ ایسے ہی مرنے کے معاملہ میں بھی اگر تِتھی کے پہلے حصّہ میں مرتیو ہو تو شرادھ کی تِتھی پوہ شکلہ پکچھ ہوگی۔ اگر تِتھی کے دُوسرے حصّے میں مرتیو ہو تو ماگھ شکلہ پکچھ میں آگے شرادھ کی تِتھی ہوگی۔ ایسے ہی پھاگن کرشنہ میں بھی جنم اور مرتیو کے بارے میں وچار کیجئے۔ چونکہ تِتھی کا نصف حصّہ کہاں تک ہے، اور دُوسرا نصف حصّہ کہاں تک ہے یہ وچار کرنا پاٹھکوں کے لئے کٹھن ہوگا اِس لئے آپ کی سہولیت کیلئے سارنی دی جا رہی ہے جو مندرجہ ذیل ہے:۔

اِس سارنی سے آپ بخوبی جان سکیں گے کہ ماگھ شکلہ پکچھ تتھا پھاگن کرشنہ پکچھ میں پیدا ہوئے بچہ کا جنم دن اتھوا کسی کی مرتیو ہونے پر یہ جاننے کے لئے کہ اِس کا شرادھ کب منایا جائے گا؟ اِس سارنی کو غور سے دیکھیں:

دھرم شاستر کی رُو سے سارنی

ماگھ شکلہ پکچھ (ایکدو)

تاریخ ماگھ		تاریخ ماگھ	
۱	۱۰-۲-۳۳م دن سے	۱	۱۱-۵-۳۳م رات تک پوہ
۱	۱۱-۵-۳۳م رات سے	۲	۱۲-۹-۳۹م دن تک ماگھ
دوی			
۲	۱۲-۹-۳۹م دن سے	۳	۳-۹-۱۱م رات تک پوہ
۲	۳-۹-۱۱م رات سے	۴	۴-۵-۰م دن تک ماگھ
چورتھ			
ماگھ	۲-۳-۳۳ دن سے / ۳-۹-۱۱ رات سے		۳-۹-۱۱ رات تک پوہ / ۴-۵-۰ دن تک ماگھ
۴	۴-۵-۰م دن سے	۴	۴-۰-۴۴م رات تک پوہ
۴	۴-۰-۴۴م رات سے	۵	۵-۵-۱۱م شام تک ماگھ
پنچم			
۵	۵-۵-۱۱م شام سے	۶	۵-۷-۳۳ صبح تک پوہ
۶	۵-۷-۳۳ صبح سے	۶	۵-۹-۵۹ شام تک ماگھ
ششم			
۶	۵-۹-۵۹م شام سے	۷	۶-۱-۱۱م صبح تک پوہ
۷	۶-۱-۱۱م صبح سے	۷	۶-۲-۳۱م شام تک ماگھ
ستم			
۷	۶-۲-۳۱م شام سے	۸	۵-۰-۰۵م صبح تک پوہ
۸	۵-۰-۰۵م صبح سے	۸	۵-۹-۴۳م شام تک ماگھ
اشٹم			
۸	۵-۹-۴۳م شام سے	۹	۵-۱۲-۱۱م صبح تک پوہ
۸	۵-۱۲-۱۱م صبح سے	۹	۴-۶-۴۴م دن تک ماگھ
نوم			
۹	۴-۶-۲۴م دن سے	۹	۴-۸-۴م رات تک پوہ
۹	۴-۸-۴م رات سے	۱۰	۳-۰-۳۴م دن تک ماگھ
دہم			
۱۰	۳-۳-۴م دن سے	۱۰	۲-۰-۴۴م رات تک پوہ
۱۰	۲-۰-۴۴م رات سے	۱۱	۱-۰-۵م دن تک ماگھ
کاہ			
۱۱	۱-۰-۵م دن سے	۱۱	۱۲-۳-۵۷م رات تک پوہ
۱۱	۱۲-۳-۵۷م رات سے	۱۲	۱۱-۵۷م دن تک ماگھ

تاریخ ماگھ			
باہ			
۱۲	۱۱-۷۰م دن سے	۱۲	۱۰-۵۲م رات تک پوہ
۱۳	۱۰-۲۷م رات سے	۱۳	۹-۷م دن تک ماگھ
تریودشی			
۱۳	۹-۷م دن سے	۱۳	۸-۹۳م رات تک پوہ
۱۳	۸-۹۳م رات سے	۱۴	۷-۳۱م صبح تک ماگھ
چتردشی			
۱۴	۷-۳۱م صبح سے	۱۴	۶-۱۷م شام تک پوہ
۱۴	۶-۱۷م شام سے	۱۵	۵-۴م صبح تک ماگھ
پونم			
۱۵	۵-۴م صبح سے	۱۵	۳-۵۸م دن تک پوہ
۱۵	۳-۵۸م دن سے	۱۵	۲-۵۳م رات تک ماگھ

پھاگن کرشنہ پکھ

ماگھ			
اکدو			
۱۵	۲-۵۳م رات سے	۱۶	۱-۵۴م دن تک ماگھ
۱۶	۱-۵۴م دن سے	۱۶	۱۲-۷۳م رات تک پھاگن
دوی			
۱۶	۱۲-۷۳م دن سے	۱۷	۱۱-۶۳م دن تک ماگھ
۱۷	۱۱-۷۳م دن سے	۱۷	۱۰-۵۳م رات تک پھاگن
تری			
۱۷	۱۰-۵۳م رات سے	۱۸	۹-۴۲م دن تک ماگھ
۱۸	۹-۴۲م دن سے	۱۸	۸-۹۴م رات تک پھاگن
چورم			
۱۸	۸-۹۴م رات سے	۱۹	۸-۵ صبح تک ماگھ
۱۹	۸-۵م صبح سے	۱۹	۷-۲۲م شام تک پھاگن
پنچم			
۱۹	۷-۲۲م شام سے	۲۰	۶-۵۰م صبح تک ماگھ
۲۰	۶-۵۰م صبح سے	۲۰	۶-۱۹م شام تک پھاگن
ششم			
۲۰	۶-۱۹ شام سے	۲۱	۶ بجے صبح تک ماگھ
۲۱	۶ بجے صبح سے	۲۱	۵-۴۰م دن تک پھاگن
ستم			
۲۱	۵-۴۰م شام سے	۲۲	۵-۳۶م صبح تک ماگھ
۲۲	۵-۳۶م صبح سے	۲۲	۵-۳۲م دن تک پھاگن
اشٹم			
۲۲	۵-۳۲ دن سے	۲۳	۵-۴۴م صبح تک ماگھ
۲۳	۵-۴۴م صبح سے	۲۳	۵-۵۵ شام تک پھاگن
نوم			
۲۳ ماگھ	۵-۵۵م شام سے	۲۴	۶-۱۹م صبح تک ماگھ
۲۴	۶-۱۹م صبح سے	۲۴	۶-۳۴م شام تک پھاگن
دہم			
۲۴	۶-۳۴م شام سے	۲۵	۷-۶۲م صبح تک ماگھ
۲۵	۷-۶۲م صبح سے	۲۵	۸-۱۰م شام تک پھاگن
کاہ			
۲۵	۸-۱۰م شام سے	۲۶	۹-۴۲م دن تک ماگھ
۲۶	۹-۴۲م دن سے	۲۶	۹-۵۳م شام تک پھاگن
باہ			
۲۶	۹-۵۴م شام سے	۲۷	۱۰-۵۵م دن تک ماگھ
۲۷	۱۰-۵۵م دن سے	۲۷	۱۱-۵۶م شام تک پھاگن
ترواہ			
۲۷ ماگھ	۱۱-۵۶م شام سے	۲۸	۱-۱ دن تک ماگھ
۲۸	۱-۱م دن سے	۲۸	۲-۶م رات تک پھاگن
چوداہ			
۲۸	۲-۹م رات سے	۲۹	۳-۷م دن تک ماگھ
۲۹	۳-۷م رات سے	۲۹	۴-۸م رات تک پھاگن
اماوس			
۲۹ ماگھ	۴-۴م رات سے	۱ پھاگن	۵-۴م شام تک ماگھ
۱ پھاگن	۵-۴م شام سے	۲	۶ بجے صبح تک پھاگن

دیکھنے کا طریقہ

جیسے کسی کا جنم اتھوا مرتیو ماگھ شکلا پکھ اکدو مطابق اوّل ماگھ کو ۱۰ بجے ۲ منٹ دن سے ۱۱-۵ ۳ منٹ رات تک ہو گا۔ تو اُس کا جنم دن اتھوا ارشٹ شرادھ پوہ شکلا پکھ اکدو کو ہو گا۔ اگر ۱۱ بجے ۵ منٹ رات سے ۲ ماگھ کو ۱۲ بجے ۹ ۳ منٹ دن تک ہو گا تو جنم دن اتھوا شرادھ ماگھ شکلا پکھ اکدو کو ہو گا۔ ایسے ہی اور تتھیوں کا وچار کیجیے۔

فہرست تعطیلات

نوراترہ ۲۶ مارچ	گورو ہر گوبند جینتی ۷ جون	مہاتما گاندھی لال بہادر شاستری جینتی ۲ اکتوبر	دیپ مالا ۱۵ نومبر	گن تنتر دوس ۲۶ جنوری
شب معراج ۲۲ مئی	عید الفطر ۲۳ جولائی	محرم ۱۹ اکتوبر	گورو نانک جنم ۳۰ نومبر	شو چتردشی ۱۷ فروری
سیلہ کھیر بھوانی ۳۰ مئی	بھارت سوتنتر دوس ۱۵ اگست	دسہرہ ۲۷ اکتوبر		ہولی پونم ۲۷ مارچ

مول کے پاد دیکھنے کا نقشہ سمت ۲۰۳۹ بکرمی

تاریخ	مول آرمبھ	تتھی	وقت	تتھی	پہلا پاد	تتھی	دوسرا پاد	تتھی	تیسرا پاد	تتھی	چوتھا پاد
۱۳ اپریل	ویشاکھ کرشن پکھ	پنچم	۱۱ بجے ۴۳م رات سے	ششم	۶ بجے ۱۰م صبح تک	ششم	۱۲ بجے ۴۷م دن تک	ششم	۷ بجے ۲۴م شام تک	ششم	۲ بجے ۴م رات تک
۱۱ مئی	جیٹھ کرشن پکھ	تری	۶ بجے ۴۱ منٹ صبح سے	تری	۱ بجے ۴۷م دن تک	تری	۸ بجے ۱۳م شام تک	تری	۲ بجے ۵۵م رات تک	چورم	۹ بجے ۱۴م صبح تک
۷ جون	اساڑھ کرشن پکھ	اکدو	۱ بجے ۴۳ دن سے	اکدو	۸ بجے ۲۲م شام تک	اکدو	۳ بجے ۵۱م رات تک	دوی	۹ بجے ۵۰م صبح تک	دوی	۴ بجے ۲۸م دن تک
۴ جولائی	اساڑھ شکل پکھ	ترداہ	۹ بجے ۴۱ منٹ رات سے	ترداہ	۳ بجے ۱۹م رات تک	چوداہ	۹ بجے ۵۷م صبح تک	چوداہ	۴ بجے ۲۷م دن تک	چوداہ	۱۱ بجے ۱۵م رات تک
۳۱ جولائی	شراون شکل پکھ	کاہ	۴ بجے ۱۴م رات سے	باہ	۱۰ بجے ۴۸م دن تک	باہ	۵ بجے ۱۲م شام تک	باہ	۱۱ بجے ۲۶م رات تک	ترداہ	۵ بجے ۴۹ منٹ صبح تک
۲۸ اگست	بھادوں شکل پکھ	نوم	۱۱ بجے ۲۸م دن سے	نوم	۶ بجے ۷م شام تک	نوم	۱۲ بجے ۴۶م رات تک	دسم	۷ بجے ۲۵م صبح تک	دسم	۴ بجے ۲م دن تک
۲۴ ستمبر	ادھک اسوج شکل پکھ	ستم	۶ بجے ۴۳م شام سے	ستم	۱ بجے ۶م رات تک	اشٹم	۴ بجے ۲۹م صبح تک	اشٹم	۲ بجے ۵۲م دن تک	اشٹم	۹ بجے ۱۴م رات تک
۲۱ اکتوبر	شدھ اسوج شکل پکھ	چورم	۱ بجے ۵۳م رات سے	پنچم	۸ بجے ۳۰م صبح تک	پنچم	۳ بجے ۷م دن تک	پنچم	۹ بجے ۴۴م شام تک	پنچم	۴ بجے ۲۳م رات تک
۱۸ نومبر	کارتک شکل پکھ	تری	۹ بجے ۹ منٹ صبح سے	تری	۳ بجے ۴۶م دن تک	تری	۱۰ بجے ۲۳م رات تک	چورم	۵ بجے صبح تک	چورم	۱ بجے ۳۶م دن تک
۱۵ دسمبر	مارگ کرشن پکھ	اماوس	۴ بجے ۲۳م دن سے	اماوس	۱۰ بجے ۵۹م رات تک	اکدو	۵ بجے ۳۶م صبح تک	اکدو	۱۲ بجے ۱۲م دن تک	اکدو	۶ بجے ۴۹ منٹ شام تک
۱۱ جنوری	پوہ کرشن پکھ	ترداہ	۱۱ بجے ۳۵م رات سے	چوداہ	۶ بجے ۳م صبح تک	چوداہ	۱۲ بجے ۳۱م دن تک	چوداہ	۶ بجے ۵۶م شام تک	چوداہ	۱ بجے ۲۶م رات تک
۸ فروری	پھاگن کرشن پکھ	کاہ	۶ بجے ۵۳م صبح سے	کاہ	۱ بجے ۲۸م دن تک	کاہ	۱ بجے ۳م رات تک	کاہ	۲ بجے ۴۵م رات تک	باہ	۹ بجے ۱۵م دن تک
۶ مارچ	ادھک پھاگن کرشن پکھ	اشٹم	۲ بجے ۱۲م دن سے	اشٹم	۸ بجے ۴۶م رات تک	اشٹم	۳ بجے ۲۰م رات تک	نوم	۹ بجے ۵۴م صبح تک	نوم	۴ بجے ۳۰م دن تک
۲ اپریل	چیتر کرشن پکھ	ششم	۹ بجے ۳۰م دن سے	ششم	۴ بجے ۳م رات تک	ستم	۱۰ بجے ۲۶م دن تک	ستم	۵ بجے ۹ منٹ شام تک	ستم	۱۱ بجے ۴۲م رات تک

(نوٹ) اگر مول پر پیدا ہوئے بچے کا جنم ہار بھادروں، اسوج، ماگھ میں ہو یا اتھوا وریش، ورچک، سمہ اور کنبھ لگن پر ہو تو مول نکھتر پر پیدا ہونے کے باوجود بالک کسی پرکار کا ہانی کارک نہیں (۲) مول کا پاد پہلا اگر راتری میں ہو، دوسرا پاد دن میں ہو تو مول کا دوش نہیں ہے۔

کھنڈ گراس سُوریہ گرہن

یہ گرہن مارگ کرشنہ پچھ ۱۱ دی بُدھ وار مطابق ۱۵ دسمبر کو ۳ بجے
دِن شروع ہو کر ۵ - ۱۵ منٹ دِن کو سماپت ہو گا۔ اِس گرہن کا سُوتک ایک دِن
پہلے یعنی منگلوار کو رات کے ۳ بجے سے شروع ہو گا۔ یہ گرہن دھن، مکر، ورشچک
اور کنیا راشی کے لئے اشبھ ہے۔ یہ راشی والے گرہن نہ دیکھیں اور دِن بھر اُپواس
رکھیں گرہن کے سمے یتھا شکتی دان کریں اور نیم سے "ترمبھ کم، یجا مہے، سُو
گندھم، پُوشٹی، وردھنم، اُروا، رُودکم، یہ و، بندھنات، مرتیور، مُوکھشیہ، ماَمرتا"
اِس منتر کا جاپ کریں ؛

کھگراس چندرما گرہن

یہ گرہن مارگ شُکلہ پچھ پُونم ۳۰ دسمبر گُروار کو ۳ بجکر ۲۵ منٹ دِن کو آرمبھ ہو کر
۶ بجے ۲۳ منٹ شام کو سماپت ہو گا۔ چندرما گراس سہت اُودے ہو گا۔ اِس گرہن کا سُوتک
۶ بجے ۲۵ منٹ صبح سے شروع ہو گا۔ میتھن، کرکٹ، کنیا اور کُنبھ راشی پر اِس
گرہن کا اثر ناقص ہو گا۔ لہٰذا لازمی ہے کہ یہ راشی والے گرہن نہ دیکھیں اور اُوپر درج
شُدہ منتر کا جاپ کریں اور جہاں تک ممکن ہو سکے اِس سمیہ دان کریں ؛

بھادوں
ماس ۶

کھیہ ماس

رُوڑھی ملہ
ماس ۶

سمت ۲۰۳۹ بِکرمی میں !

چاند ماس اور سُورماس کو ایک سطح پر لانے کیلئے جیوتش سِدّھانت کے مطابق لگ
بھگ ہر اڑھائی ورش کے بعد ایک چاندر ماس ادھک کیا جاتا ہے۔ جس کے
لئے قاعدہ یہ ہے کہ ایک اماوسی کے انت سے دوسری اماوسی کے انت تک جب
سنکراتی نہ ہو تو وُہ چاندر ماس ۶۰ دِن کا ہوتا ہے۔ ایسے ہی جب ایک اماوسی
کے انت سے دُوسری اماوسی کے انت تک دو سنکراتی ہوں تو کھیہ ماس کہلاتا
ہے۔ جس ورش کھیہ ماس ہوتا ہے اُس ورش دو ادھک ماس ہوتے ہیں۔ اِس نیم
کے مطابق اِس ورش سمت ۲۰۳۹ بِکرمی میں اشوج اور پھاگن ادھک ماس ہیں پوش
شُکلہ پچھ اور ماگھ کرشنہ پچھ کھیہ ماس میں، پوہ شُکلہ پچھ کھیہ ہونے پر ماگھ شُکلہ پچھ
میں اور ماگھ کرشنہ پچھ کھیہ ہونے پر پھاگن کرشنہ پچھ میں لیہ ہو گا۔ پوہ شُکلہ پچھ کے
سبھی تہوار، جنم دِن وغیرہ ماگھ شُکلہ پچھ میں اور ماگھ کرشنہ پچھ کے سبھی تہوار
جنم دِن اور شرادھ وغیرہ پھاگن کرشنہ پچھ میں منائے جائینگے۔ یعنی دونوں پوہ
شُکلہ پچھ اور ماگھ شُکلہ پچھ کے تہوار اور ماگھ کرشنہ پچھ، پھاگن کرشنہ
پچھ کے سبھی تیوہار، جنم دِن وغیرہ ایک ساتھ منائے جائیں گے۔ اِس
قاعدہ کے مطابق ماگھ کی شِو چتردشی اور پھاگن کی شِو چتردشی دونوں ہی
ایک ساتھ ہونگی ؛

دگی۔ آخری ہفتہ خاص ہانی کارک ہو گا۔

دسمبر :- گھر میں کوئی شبھ کام رچانے کا پروگرام بنے جس کے لئے خرچ کی کوئی بڑی یوجنا بنے گی۔ دھارمک اتھوا سماجک کاموں میں دلچسپی۔ بہت وقت کے رُکے ہوئے کام حل ہوں گے۔ شروع کئے ہوئے اکثر کاموں میں کامیابی ضرور ہوگی اِس مہینہ کا دُوسرا ہفتہ خاص فائدہ مند رہے گا۔

جنوری :- نئے ورش کا یہ مہینہ آپ کے لئے شبھ پھل کا سماچار لے کر آیا ہے آپ کے کام کاج میں اوشیہ کوئی تبدیلی آنے والی ہے۔ جو آپ کے بھوشیہ کو چمکانے والی ہوگی۔ جبکہ ۱۱ دیں بھاو میں بوم، بُدھ اور شُکر کا یوگ پڑا ہے۔ یہ تینوں گرہ گوچر سے ۱۱ دیں بھاو میں شُبھ مانے جاتے ہیں۔ جیسا کہ گوچر پھلت میں درج ہے دھن دھانیہ کی پراپتی ہوتی ہے۔ آمدنی میں آشا سے ادھک ورِدھی ہوتی ہے ہر کام میں سپھلتا ہوتی ہے۔ متروں تتھا پریوار کے ممبروں سے سُکھ ملتا ہے۔

فروری :- اِس مہینہ کے آغاز میں شریہ، بوم اور شُکر کا یوگ بارھویں بھاو میں ہوگا جو آپ کے خرچ میں حد سے زیادہ ورِدھی کروانے والا ہو گا۔ فروری کے پہلے دو ہفتے اَشانتی تتھا دوڑ دھوپ کے ہوں گے۔ ۱۷ فروری سے آپ کو پہلے بھاو میں شُکر آئے گا۔ جو آپ کے ہر کام کے سدھار کا کارن بنے گا۔

مارچ :- پہلے بھاو میں شریہ اور بوم کا یوگ ۲۶ مارچ تک رہے گا۔ یہ یوگ آپ کے شریر پہ ناقص پربھاو ڈالے بنا نہیں رہے گا۔ اِس لئے شریر کے وشئے میں ساودھان رہیئے۔ اُدپائے کے روپ میں آپ اِس مہینہ میں اوشیہ وِشنو ہیئے گھر میں بزرگوں کی ناراضگی دور کیجئے ورنہ شاپ کا کارن بنے گی۔ لابھ اُدتم۔

ساڑھ ستی برہنت کلیانی

سہم راشی کیلئے

کمن طول ورچک میں

سمت ۲۰۳۹ بکرمی

سہم راشی کی ساڑھ ستی ۱۹۸۲ اور ۲۱ ستمبر تک پاؤں پر ٹھہریگی جیسا کہ گت ورش کی جنتری میں درج ہے ستھول گنیت کے آدھار سے ۲۱ ستمبر ۱۹۸۲ء کو سنیچر طول راشی میں لوہے کے پاد پر پرویش کریگا۔ اِسلئے اُسی دن ورچک راشی کی ساڑھ ستی شروع ہوگی اور سہم راشی کی ساڑھ ستی سماپت ہوگی۔

سہم :- ۲۱ ستمبر ۱۹۸۲ء تک آپ کو ساودھان رہنا چاہیئے سنیچر دیوتا آپ کو کبھی کبھی اُلجھنوں میں ڈالے بنا نہیں رہیگا۔ خاص طور پر ۲۳ جولائی تک سنیچر کے ساتھ بوم کی یُوتی رہے گی۔ یہ سمبوگ جوتش پھلت میں منحوس مانا جاتا ہے اِس کمزور یوگ کے زیر اثر آپ کے شریر کو اچانک کوئی نہ کوئی روگ گھیرے رکھے گا۔ اگر دیو یوگ سے شریر سوستھ رہے گا تو بھی اچانک چوٹ لگنے کا بھے ہے۔ اگر ایشور انوگرہ سے آپ چوٹ وغیرہ کی دُرگھٹنا سے بچ گئے تو بھی کوئی الزام لگنے کی سمبھاونا ہے۔ اگر آپ تجارت کرتے ہیں تو آپ کی تجارت کو چھپارہ دینے میں بھی سنیچر کوئی کسر نہیں چھوڑیگی۔ البتہ وہی بیوپاری سنیچر کے پربھاو سے متاثر ہوں گے۔ جو بیوپاری غلہ۔ کریانہ یا کپڑے کا کام کرتے ہیں۔ لیکن تیل

لوہا یا مشینری کے بیوپاری مالا مال ہوں گے۔ اُن کو لابھ پہنچانے میں سنیچر پوری طرح سہائیک ہوگا۔ ملازم لوگوں پر بھی سنیچر کا پربھاو ہوگا۔ آلسیہ کی ادھکتا۔ کام سے جی چُرانا۔ نیائے انیائے، سچ جھوٹ کی پرکھ میں کمی۔ نیچ جاتی اتھوا نیچ وچاروں کے لوگوں سے سنگت۔ سمبندھت کام کرنیوالوں سے واد وواد۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں تو بُری سنگت میں پڑنے سے تعلیم کی طرف کم توجہ۔ بزرگوں تتھا ماتا پتا وغیرہ کے ساتھ تیز کلامی۔ ودیا سمبندھت ہر کام میں رکاوٹ پڑیگی۔ لیکن یاد رکھیں کہ جن رشیوں نے سنیچر کے کرور پربھاو کے بارے میں لکھا ہے، انہوں نے ہی سنیچر کے کرور پربھاو کو شانت کرنے کے اپائے بھی بتائے ہیں:

اُپائے

(۱) ہر سنیچر وار کو آپ صبح اپنے پاٹھ پوجن وغیرہ کے بعد نیم سے ۱۰۸ بار سنیچر کے منتر کا اُچارن کریں:۔ "ادم۔ پرانم۔ پرنیم۔ پردنم۔ بساہ۔ بشتنہ ئے نماہ۔"

(۲) اگر ہو سکے تو مچھلیوں کو آٹا ڈالتے ہوئے بھی یہی منتر پڑھیں اور ساتھ ہی اگر ممکن ہو تو مچھلیاں کھانا چھوڑ دیں۔ ایسا کرنا ممکن نہ ہو تو بھی ۱۲ ستمبر تک ضرور پرہیز کریں:

(۳) اپنے کھانے میں سے کچھ بھاگ اُٹھا کر کوّوں کو ڈالیں۔

(۴) سنیچر وار صبح کو کٹوری میں رکھے ہوئے تیل میں اپنا مُنہ دیکھ کر اُس تیل میں سکّہ ڈالیں۔ اور ہر سنیچر وار کو ایسا کرتے رہیں۔ آخر کار ۱۸ ستمبر ۱۹۸۲ء آخری سنیچر وار کو وہ تیل اور چھایا پاتر کا مزید سوا کلو تیل اکٹھا کر کے ثابت ماش، سرسوں، کالا کپڑا، ایک انگیٹھی، ایک چمٹا اور ایک تو کسی یوگیہ پاتر (بھکاری) کو دیجئے:

(نوٹ) اوپر درج شدہ چاروں اپایوں کو عملی روپ دینے سے سنیچر شانت ہوگا اور آپ کو اوشیہ شُبھ پھل کی پراپتی ہوگی۔ اگر چاروں اپاؤں کو عملی روپ نہ دے سکیں گے، تو بھی اپائے ۱ اور ۴ کو ضرور عمل میں لائیں:

کن

۱۹۸۲ء، دسمبر تک ساڑھے ستی پاؤں پر ٹھہریگی۔ اِس درشٹی کے آرمبھ سے ہی بُدھ اور سنیچر کی یُوتی کنیا راشی میں ہے اور دونوں وکرگتی سے چل رہے ہیں۔ دونوں گرہوں کی یہ یُوتی ۲۳ جولائی تک رہے گی۔ اِسی ملے جُلے یوگ کے مطابق آپ کو بھن بھن کشٹوں تتھا سنکٹوں سے دوچار ہونا پڑیگا۔ اگر آپ کا شریر سوستھ ہے تو بھی آپ کو ۲۳ جولائی تک شریر کے وشئے میں ساودھان رہیئے۔ اگر آپ کے شریر کو کسی روگ نے گھیرے رکھا ہے تو ۲۳ جولائی تک اپنے لئے ارشٹ مانیے۔ لازم ہے کہ آپ اپنے وزن کا آٹا کسی کھنڈار کو دان روپ میں دیجئے۔ ۲۳ جولائی سے ۱۲ ستمبر تک جبکہ سنیچر اپنی راشی بدلیگا یہ وقت بھی دوڑ دھوپ تتھا سنگھرش تتھا اشانت واتاورن میں ہی گذریگا۔ نِت نئی سمسیائیں کھڑی ہو جائیں گی۔ اگر آپ ایسی جائیداد کے مالک ہیں جس سے آپ کرایہ وغیرہ حاصل کرتے ہیں۔ ایسے جائیداد کے سمبندھ میں پریشان کرنیوالا جھگڑا کھڑا ہوگا۔ گرہستی ہونے پر آپ کو اس سمیہ میں استری اتھوا سنتان کے بارے میں مانسک اشانتی رہے گی۔ اپائے کے روپ میں ہر سوموار کو بھگوان شنکر پر جل چڑھائیں:

۲۱ ستمبر ۱۹۸۲ء کو سنیچر کن راشی چھوڑ کر طول راشی میں آئے گا۔ طول راشی سنیچر کی اُچیہ راشی ہے۔ گوچر سے گرہوں کی ستھتی راشی بدلتے سمیہ چھتر یوگ کی

پوزیشن میں ہونے سے ۲۱ستمبر سے چھ مہینہ تک سنیچر آپ کے موافق رہے گا جس کام کو آپ ہاتھ میں لیں گے بغیر کسی الجھن کے کامیابی ادشیہ ہوگی۔ رکے ہوئے کام خود بخود حرکت میں آجائیں گے۔ بگڑے کام سدھریں گے۔ آپ کی صحت پر بھی سنیچر کا پربھاو قدرے ٹھیک رہے گا۔ اگر آپ کو گھر کے کسی ممبر کی پریشانی ہے تو وہ خود بخود رفع ہو جائے گی۔ آپ کی آرتھک دشا میں سدھار ہوگا۔ اگر آپ بیوپاری ہیں۔ مشینری کے کام سے آپ کا سمبندھ ہے۔ اتھوا آپ تیل، لوہا وغیرہ کا کاروبار کرتے ہیں تو آپ ادشیہ لابھ میں رہیں گے۔ اگر آپ گھر میں لڑکے اتھوا لڑکی کے وواہ وغیرہ کے بارے میں پروگرام بنانے کی سوچ میں ہیں تو ایسے کاموں میں رکاوٹیں پڑیں گی۔ جہاں تک بھی ہو سکے ایسے پروگرام دوسرے ورش میں رچانے کا نشچے کریں۔ ایسے ہی دیگر تعمیری کام رچانے کا پروگرام بھی مت بنائیے۔ ان میں بھی سنیچر کوئی نہ کوئی اڑچن ادشیہ ڈالے گا۔ تعمیری کام درمیان میں لٹکے رہنے کا اندیشہ ہے۔ ودیارتھیوں پر بھی ۲۱ستمبر تک سنیچر کا پربھاو انوکول نہیں ہوگا۔ یعنی ۲۱ستمبر تک ودیا سمبندھت اکثر کاموں میں رکاوٹیں پڑتی رہیں گی۔ ۲۱ستمبر کے بعد عام طور پر سنبھلنا کی ہی آشا رکھیں ؛

طول ۱۹۸۲ء ۲۱ جولائی تک آپ کی ساڑھ ستی نیتروں پر ٹھہریگی۔ جس کے زیر اثر اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو اچانک ترقی۔ اگر تبدیلی ہوگی تو وہ حسب خواہش ہوگی۔ ایسا ہونے پر بھی سنیچر اپنا پربھاو ڈالے بنا نہیں رہے گا۔ اچانک کوئی الزام لگنے کا اندیشہ ہے۔ جن کے نام کا پہلا اکھشر "ک"۔ "ش"۔ "م"۔ "ن"۔ "د"، ہو ان سے چوکس رہئے۔ ودیارتھی ہونے پر ودیا سے سمبندھت کاموں میں رکاوٹیں پڑنے کے باوجود برہسپتی کے پربھاو سے آخر میں سنبھلنا۔ تجارت پیشہ طول راشی والوں کے لئے یہ وقت سنگھرش تتھا دوڑ دھوپ میں ہی گذریگا۔ آپ کے تجارت سمبندھت وستوؤں میں آشچریہ جنک اتار چڑھاؤ کے کارن آپ کا کاروبار ڈانواں ڈول ستھتی میں رہیگا ؛

۲۱ جولائی ۱۹۸۲ء کو سنیچر یعنی آپ کی ساڑھ ستی تانبے کے پادیہ ہردیہ پر آئیگی ساڑھ ستی کا ہردیہ پر آنا شبھ پھل کا سوچک ہوتا ہے۔ سنیچر کا ہردیہ پر اترتے سمیے تانبے کا پایا دکھا۔ تانبے کے پادیہ ساڑھ ستی کا آنا بھی شبھ پھل کا اشارہ ہے۔ ۲۱ جولائی کو گوچر کے آدھار سے بھی طول راشی والوں کی گرہ ستھتی انوکول ہے۔ اِس ملے جلے یوگ کے مطابق ۱۹۸۳ء ۱۲ اپریل تک کا سمیہ سکھ شانتی کے واتاورن میں ہی گذریگا۔ اگر آپ شریر کے وشئے میں پریشان ہیں تو اچانک آپ کا شریر سوستھ ہوگا۔ اگر کوئی گھریلو پریشانی ہے تو اس پریشانی کا حل بھی خود بخود نکل آئے گا۔ اگر آپ وواہ وغیرہ کوئی مہوتسو رچانے کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو ان میں رکاوٹیں آئینگی۔ اسلئے ایسے پروگرام دوسرے سال پر ملتوی کرنے کی کوشش کریں اگر آپ کوئی تعمیری کام سرانجام دینا چاہتے ہیں تو اسمیں بھی سنیچر کوئی نہ کوئی اڑچن ادشیہ ڈالیگا۔ کیونکہ وہ تعمیری کام بھی کسی نہ کسی وجہ سے درمیان میں لٹکے رہنے کا اندیشہ ہے۔ اگرچہ ۲۱ جولائی سے طول راشی والوں پر سنیچر کا پربھاو قدرے اچھا بھی رہیگا۔ جیسا ہم نے اوپر درج کیا ہے۔ ایسا ہونے پر بھی سنیچر کا پربھاو ودیارتھیوں پر ناقص رہے گا۔ پرنتو اس کے برعکس ۲۱ جولائی کو برہسپتی پانچویں بھاو کو دیکھ رہا ہے۔ اِس شبھ گرہ کے پربھاو سے ودیارتھیوں کو بھی سنبھلنا کی کرن نظر آئیگی۔ سال حالانکہ

لازم ہے کہ آپ ہر اتوار کو پڑھائی آرنبھ کرنے سے پہلے ۱۰ بار گایتری منتر کا اُچارن کیا کریں اور جتنی جلدی ہو سکے شریہ اُٹھنے سے قبل بستر سے اُٹھ کر پڑھنے لکھنے کا پروگرام بنائیں۔ شریہ اٹھنے سے پہلے جتنا بھی مطالعہ کتابوں کا آپ کریں گے، وہ آپ کی سپھلتا میں سہائیک ہوگا۔ اگر آپ ملازمت کرتے ہیں تو ۲۱ جولائی تک اُلجھنوں کا سامنا کرنا پڑیگا۔ لیکن ۲۱ جولائی کے بعد آپ کو اکثر کامیابی ہی ہوگی۔ اگر آپ زمینداری کرتے ہیں یا آپ کی تجارت زمین سے وابستہ ہے۔ تو یہ ورش آپ کیلئے پریشانی کا کارن ہوگا۔ اگر آپ میوہ وغیرہ کا کام کرتے ہیں تو یہ ورش دوڑ دھوپ کا ہوگا اور انت میں انجام وشیش لابھدائیک نہیں رہے گا۔ اگر آپ مشینری سے سمبندھت اتھوا لوہے سے متعلقہ کاروبار کرتے ہیں تو یہ ورش لابھ کے نظریہ سے یادگاری ہوگا ؛

ورچک ۲۱، ستمبر ۱۹۸۲ کو ورچک راشی کی ساڑھ ستی آرنبھ ہوگی۔ راشی بدلتے سمیہ سنیچر کا لوہے کا پاد تھا اور ساتھ ہی راشی بدلتے سمیہ ورچک راشی میں سنیچر کے ساتھ بوم کی یُوتی تھی۔ یہ سمیوگ ۲۰، اکتوبر تک رہے گا۔ یہ ایک ماہ آپ کے شریر کیلئے ہانی کارک ہے۔ اچانک شریر کشٹ اتھوا چوٹ کا بھے۔ شریر کے وشے میں آپ کو اس ورش ساودھان رہنا چاہیئے۔ خاص طور پر ۲۰، اکتوبر تک! اگر آپ خود موٹر سکوٹر وغیرہ چلاتے ہیں تو اگر ہو سکے تو ۲۱، ستمبر سے ۲۰، اکتوبر تک نہ چلائیں۔ ایسے تو سنیچر کا کٹھور پربھاو سال بھر آپ کے شریر پر پڑا رہے گا۔ اسلئے لازم ہے کہ آپ کسی نشیلی وستو کا استعمال نہ کریں۔ لڑائی جھگڑوں سے دور رہیں۔ ہم طور پرست سنگ اتھوا اچھے پُرشوں کے ساتھ سنگت کرنے کا پروگرام بنائیں دھارمک تتھا سماجک کاموں سے دلچسپی رکھیں۔

آپ کی ساڑھ ستی ۲۱ ستمبر سے شروع ہوگی جو چھ مہینہ ۲۰ دن یعنی ۱۵ اپریل ۱۹۸۳ تک دائیں ہاتھ پر رہے گی۔ ایسے تو دائیں ہاتھ پر ساڑھ ستی کا آنا شُبھ مانا جاتا ہے۔ اگر جناب کا شریر ڈانواں ڈول سِتھتی میں رہے گا۔ پرنتو کاروباری لحاظ سے یہ سمیہ اُتم ہی رہے گا۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو نوکری میں ترقی کے آثار نظر آئیں گے۔ اگر آپ بیوپاری ہیں تو بیوپار کو وسعت ملیگی۔ اگر آپ کی جنم پتری میں سنیچر ۳-۶-۱۰ یا ۱۱ ویں گھر میں ہو۔ طول راشی، مکر، اتھوا کُمبھ راشی کا ہو تو ساڑھ ستی دوشن ہونے پر بھی آپ کے لئے بھوشن بنی رہے گی۔ برہسپتی بھی ۱۱ نومبر سے آپکو دوسرے بھاو میں آئیگا۔ جو آپ کے مان، پرتشٹھا میں وردھی کرنے کا باعث بنے گا۔ ودیارتھی ہونے پر ۱۱ نومبر سے برہسپتی کا پربھاو آپ پر اُتم رہے گا۔ ودیا سمبندھت اکثر کاموں میں اچھی پوزیشن میں کامیابی ہوگی۔ سنیچر چونکہ آلسیہ کا دیوتا ہے۔ جس کے پربھاو سے آپکو آلسیہ گھیرے رکھیگا۔ جو آپکے ہر کام میں قدرے بادھک بنے گا۔ اوپائے کے روپ میں آپ ہر سوموار کو دودھ سہت جل بھگوان شنکر پر چڑھائیں۔

یہ ساڑھ ستی ۵، اپریل ۱۹۸۳ کے بعد ۳ مہینہ دس دن کے لئے مُکھ پر رہے گی۔ اِس سمیہ میں آپ پر سنیچر کا پربھاو کیسا رہے گا سمت ۲۰۴۰ بکرمی کی جنتری میں وضاحت کے ساتھ درج ہوگا ؛

کیا آپ اپنا بھوشیہ جاننا چاہتے ہیں؟ تو اس کیلئے جنم پتری کی صحیح گنت کروانی ضروری ہے۔ جیون بھر کے پھلادیش تتھا گنت کروانے کی فیس سو روپیہ ہے ؛ وجیشور جیوتش کاریالیہ بجبہاڑہ (کشمیر) کے پتہ پر خط لکھئے۔

میتھن، کرکٹ، کُنبھ اور مین راشی والوں کیلئے سمت ۲۰۳۹ بکرمی ڈھیا

[illegible]

میتھن :- ۲۱ ستمبر ۱۹۸۲ء تک آپ کو گوچر سے چوتھا سنیچر رہے گا۔ ۲۱ ستمبر کو سنیچر تُول گنت سے سنیچر راشی بدل کر طول میں آئے گا۔ اِس لئے آپ کی ڈھیا ۲۱ ستمبر کو ہی سماپت ہوگی۔ ۲۱ ستمبر تک کشٹوں تتھا الجھنوں کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار رہنا چاہیئے۔ چوتھے سنیچر کے بارے میں گوچر پھلت میں لکھا ہے کہ شترؤوں اور روگوں کی وردھی ہوتی ہے۔ استھان میں تبدیلی آتی ہے۔ سمبندھیوں سے واد وواد ہوتا ہے۔ دھن کی کمی رہتی ہے۔ یاترا میں کشٹ ہوتا ہے۔ مان پرتشٹھا میں کمی ہوتی ہے۔ جائیداد سمبندھت جھگڑے کھڑے ہوتے ہیں:

کرکٹ :- ۲۱ ستمبر سے آپکو چوتھا سنیچر آئیگا۔ جو لگ بھگ اڑھائی ورش کے لئے اُسی راشی میں ٹھہریگا۔ جو ڈھیا کہلاتی ہے۔ چوتھے سنیچر کا پربھاو ہانی کارک ہوتا ہے۔ جیسا کہ ہم نے اوپر میتھن راشی میں لکھا ہے۔ پرنتو ۲۱ ستمبر کو سنیچر کے راشی بدلتے سمیے گرہوں کی پوزیشن کیا تھی۔ اُس کا پربھاو بھی کرکٹ راشی والوں پر پڑنا لازمی ہے۔ راشی بدلتے سمیے کرکٹ راشی کے انوسار لوہے کا پایا دھا۔ جو ناقص مانا جاتا ہے۔ ویسے ہی چوتھے بھاو میں شرپہ، چندر، مریخ، برہسپت اور سنیچر تھا ہوتا بھی گوچر سے ناقص مانا گیا ہے اِس ملے جلے یوگ کے مطابق سنیچر آپ کو شانتی کا سانس

لینے نہیں دیگا۔ آپ کو بھِن بھِن کشٹوں کا سامنا کرنا ہوگا۔ پرنتو یہ انِشٹ یوگ صرف ۱۱ نومبر تک ہی رہے گا۔ کیونکہ ۱۱ نومبر کو برہسپتی آپ کو پانچویں بھاو میں ورچک میں متر راشی میں آئیگا۔ جو گوچر سے پانچویں بھاو میں آنا شُبھ مانا جاتا ہے۔ جیسا کہ گوچر پھلت شاستروں میں درج ہے۔ ہر کام میں سپھلتا ملتی ہے۔ مان پرتشٹھا میں وردھی ہوتی ہے کاروبار میں ترقی ہوتی ہے۔ گھر میں شُبھ اُتسو منائے جاتے ہیں۔ سنتان سُکھ کی پراپتی ہوتی ہے۔ بُدھی بل بڑھ جاتا ہے۔ اچھے پُرشوں سے سمیوگ ہوتا ہے۔ وِدیا سمبندھت ہر کام میں سپھلتا ہوتی ہے۔ یعنی ۱۱ نومبر کے بعد سنیچر کا پربھاو کھین ہوتا ہے۔ سنیچر برہسپتی کے پربھاو سے دبا رہے گا تو بھی سنیچر کے کرور پربھاو کو شانت کرنے کے لئے آپ جنتری کے پاٹھ پرکرن سے روزانہ صبح شکر استوتی کا پاٹھ کیا کریں اور ہر سنیچر کو تیہر بنا کر مچھلیوں کو ڈالا کریں:

کُنبھ :- آپ کو ۲۱ ستمبر تک آٹھواں سنیچر رہے گا جو کہ لگ بھگ اڑھائی ورش سے چل رہا ہے۔ سنیچر کے کرُور پربھاو سے آپ کے گت دو ورش پریشانی میں ہی گذرے ہوں گے۔ سنیچر کا شُبھ اشُبھ پھل جنم پتری کے سنیچر پر منحصر ہے۔ کچھ بھی ہو ۲۱ ستمبر ۱۹۸۲ء تک آپ کو شریر، گرہست، سنتان، نوکری، دھن، جائیداد، ماتا، پتا، بھائی بندھوؤں وغیرہ سے سمبندھت پریشانیاں گھیرے رکھیں گی۔ ۲۱ ستمبر کو آپ کی ڈھیا سماپت ہوگی۔ ڈھیا کے سماپت ہونے کے دن آپ لازمی طور پر ۱/۲ کلو تیل

سابت ماش ۱ ½ کلو۔ لوہا ½ ۱ کلو۔ سرسوں ½ ۱ کلو۔ سوا گز کالا کپڑا اور سوا روپیہ دان کے رُوپ میں کسی بھکاری کو دے دیجئے :۔

مِین :۔ ۱۸ ستمبر سے لگ بھگ ½ ۲ ورش کے لئے آپکو آٹھواں سنیچر آئیگا۔ یعنی اِس تاریخ سے آپ کی ڈھیّا شروع ہو گی۔ سنیچر کے ساتھ برہسپتی کا سمیوگ ۱۱ نومبر تک رہے گا۔ سنیچر اور برہسپتی کا ایک ساتھ ہونا اور وُہ بھی آٹھویں بھاؤ میں ہونا ایک پرکار کے ارشٹ کو جنلاتا ہے۔ آپ کو ۲۱ نومبر تک شریر کے وشئے میں چوکس رہنا چاہیئے۔ ۱۱ نومبر کے بعد آپ کا برہسپتی نویں بھاؤ میں آئے گا۔ جس کے بارے میں گوچر پھلت میں درج ہے کہ دھن کی وردھی ہوتی ہے۔ سنتان سُکھ ملتا ہے۔ بھاگیہ اُدے ہوتا ہے۔ دربار میں عزت ملتی ہے۔ ہر کام میں سپھلتا ملتی ہے۔ دھارمک کاموں میں دلچسپی بنی رہتی ہے یہ سب کچھ ہوتے ہُوئے بھی سنیچر مہاراج آپ کے شریر کو کسی نہ کسی ڈھنگ سے کشٹ دئیے بنا نہیں رہے گا۔ اگر آپ دیو یوگ سے شریر کشٹ سے بچ بھی جائیں تو گرہستی ہونے پر استری کا شریر کشٹ آپ کی اشانتی کا باعث بنے گی۔ اُدپائے کے رُوپ میں آپ روزانہ "ایند راکھی" کے کم سے کم تین پاٹھ کیا کریں

اُدپائے

سِہم۔ کن۔ طول۔ ورچک۔ میتھن۔ کرکٹ۔ کنبھ اور مین راشی والوں کے لیے کرور گرہوں کو شانت کرنے کے لئے ایک ماتر اُدپائے ۰ نوگرہ پیڑا ستوتر ہے آپ روزانہ اِس ستوتر کا اُدشیہ پاٹھ کیا کریں :۔

نوگرہ پیڑا ستوتر

سُوریہ :۔ گرہانام آدر۔ آدتیو۔ لوک۔ رکھن کارکاہ وشمستھان سمبھوتام۔ پیڑام۔ ہرتُو۔ مے رد

چندرما :۔ روہنی شاہ۔ شُودھامُورتی۔ شدھاگاتراہ۔ شدھاشنا وشمستھان سمبھوتام۔ پیڑام۔ ہرتو۔ مے ودھو

بوم :۔ بھُومی پُترد۔ مہاتےجاہ۔ جگتام بھیہ کرت۔ سدا درشٹی کرت۔ درشٹی ہرتاچہ۔ پیڑام۔ ہرتُومے۔ کُوجاہ

بُدھ :۔ اُتپات رُدپو۔ جگتام۔ چندر پترد۔ مہادیوتی ہ سُوریہ پریہ کرو۔ وِدوان۔ پیڑام۔ ہرتُومے۔ بدھاہ

برہسپتی :۔ دیو منتری۔ وشالاکھیا سدا۔ لوک ہیتے۔ رتاہ انیک شِشیہ سمپُورتاہ۔ پیڑام۔ ہرتُو۔ مے۔ گورد

شکر :۔ دےتی منتری۔ گوروستیشام۔ پرانہ دشچہ۔ مہامتی ہ پربھو ستارا۔ گرہانام چہ۔ پیڑام۔ ہرتو۔ مے۔ بھرگو

سنیچر :۔ سُوریہ پترد۔ دِرگھ دےہو۔ وشالاکھیا۔ شِوپریاہ سدا چاراہ۔ پرسناتما۔ پیڑام۔ ہرتو۔ مے۔ شنی ہ

راہو :۔ مہاشرا۔ مہاوکتراہ۔ دھیرگ۔ دنستراو۔ مہابلاہ اتنو شچوردھو۔ کیش شچہ۔ پیڑام۔ ہرتو۔ مے۔ تماہ

کیتو :۔ انیک رُدپہ۔ ورنشچہ شت شوتھ۔ سہسر شاہ اُتپات رُدپو۔ جگتام۔ پیڑام۔ ہرتو۔ مے

پیشہ طول

بارہ راشیوں کا ماسک پھلادیش، ورش پھل اور سوبھاؤ ستمبر ۹

میش (ARIES) راشی کا سوبھاؤ

میش راشی کا سوامی منگل ہے۔ میش راشی والا اُودیوگی یا اُتم دشواسی۔ سوبھاؤ سے تیز اور تند۔ ہر بات کی گہرائی میں جانے والا۔ بچپن سے ہی سنگھرش کا جیون۔ قدم قدم سے ترقی کی سیڑھیوں پر چڑھتا ہے۔ میش راشی والا جس کام میں جٹ جاتا ہے کامیاب ہو کر نام پیدا کرتا ہے۔ بُری سنگت سے اکثر دُور رہتا ہے۔ بات بات پر ترک کرنے کا سوبھاؤ۔ آشاوادی۔ جیون میں کبھی نراش ہونا سیکھا نہیں ہے اپنے لکشیہ تک پہنچنے میں عام طور پر ساودھان رہتا ہے۔ کٹھن سے کٹھن دُکھوں اور مشکلوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرتا ہے۔ مشکلوں اور کشٹوں کی پاٹھ شالہ میں پڑھ کر ہی آگے بڑھتا ہے۔ پانی اور آگ سے سمبندھت دُرگھٹناؤں سے دوچار ہوتا ہے۔ کسی کے سہارے جینا پسند نہیں کرتا۔ جیسے کہ شیر کسی دُوسرے کا مارا ہُوا شکار نہیں کھاتا پریوار تتھا رشتہ داروں سے مت بھید رہنے کے کارن گھریلو جیون اشانت رہتا ہے۔ سوبھاؤ آپ کا ہٹھی ہوتا ہے۔ کسی بھی کام کا فیصلہ کرتے وقت جلد بازی سے کام لیتا ہے اور یہ جلد بازی اکثر سنکٹ کا کارن بن جاتی ہے۔ میش راشی والے نوکری کریں یا بیوپار دونوں میں سپھل رہتے ہیں۔ ان کی اولاد کم ہوتی ہے۔ اور استری جنم تتھا بھاگوان ہوتی ہے۔ وچاروں کا مت بھید جھگڑے کا کارن بنتا ہے۔ میش راشی والے عموماً دھارمک وچاروں کے مالک ہوتے ہیں۔ جیون سنگھرش مئی ہونے کی وجہ سے انت میں چمکتا ہے۔ اوستھا کے ۱۱ ویں ۲۱ ویں تتھا ۴۵ ویں ورش میں شریر کشٹ آیو لگ بھگ ۷۹ ورش کی ہوتی ہے میش راشی والوں کے لئے جولائی۔ اگست، نومبر، دسمبر ماس خاص طور پر شُبھ ہوتے ہیں۔ منگل کا دِن اِن کے لئے شُبھ ہوتا ہے۔ مین تتھا برشچک راشی والوں کے ساتھ سمبندھ رکھنا ان کے لئے لابھ دایک ہو گا۔ ورشچک راشی والوں سے بچنا چاہیئے۔ آپ کے لئے لال رنگ اتھوا گلابی رنگ کا وستر شُبھ ہے۔ رتنوں میں مُونگا پہننا شُبھ ہے۔ کشٹ کے دِنوں میں ہنومان جی کی آرادھنا کیجیئے!

میش راشی کا ورش پھل

اِس ورش کی گرہ چال آپ کے انوکُول ہے۔ بہت سمیہ کے بعد گوچر سے آپکو ایسا شُبھ یوگ آیا ہے۔ اگر آپ کسی اُلجھن میں پھنسے ہُوئے ہیں تو بِنا کسی تدبیر اتھوا پرشرم کے اچانک آپ کی ہر ایک اُلجھن سُلجھ جائے گی۔ یہ ورش آپ کی مان پرتشٹھا کو بڑھانے والا ہو گا۔ جبکہ گوچر سے برہسپتی ساتویں تتھا شکر دسویں بھاؤ میں گئے ہُوئے ہیں خاص طور پر ۱۱ نومبر تک آپکو ایسے لوگوں سے میل ہو گا۔ جو آپ کی ترقی تتھا مان پرتشٹھا کو بڑھانے

میں سہائک نہیں گے۔ اگر آپ کو شریر کے متعلق کچھ پریشانی ہے۔ تو یہ پریشانی ۲۷ اکتوبر سے آہستہ آہستہ کم ہوتی جائے گی اور ۲۸ نومبر تک مکمل طور پر شانتی مل جائے گی۔ مجموعی طور سے اس درشش کے گرہ آپ کی صحت پر ضرور اچھا پربھاؤ ڈالیں گے۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو یہ درشش سکھ شانتی کے واتاورن میں گذرے گا آج تک کے شترو آپ کے گرہوں کے پربھاؤ سے بدل جائیں گے۔ یعنی دشمن بھی دوست بن جائیں گے۔ نوکری سمبندھت جو بھی کام رکا پڑا ہو گا۔ نومبر ماہ سے پہلے ہر سمسیا سلجھ جائے گی۔ اگر آپ تجارت پیشہ ہیں تو یہ درشش آپ کے لئے آشچریہ جنک اتار چڑھاؤ کا ہوگا۔ کبھی آشا سے ادھک لابھ ہوگا۔ کبھی اچانک ایسے نقصان کا بھی اندیشہ ہوگا۔ جو آپ کے کاروبار کو پچھاڑ دیگا۔ اگر گوچر کے آدھار سے آپ کو جنم لگن سے گننے پر برہسپتی کیندر میں یعنی ۱-۴-۷-۱۰ ویں بھاؤ میں اتھوا ترکون یعنی پانچویں اتھوا نویں بھاؤ میں ہوگا تو نقصان کا خطرہ نہیں ہے۔ لیکن خرچ کے نئے نئے راستے نکل آئیں گے۔ اور خرچ شبھ کاموں پر ہی ہوگا۔ تعمیری کاموں پر دھن خرچ کرنا بھی نقصان سے بچنے کا اپائے ہے۔ اگر آپ گرہستی ہیں۔ تو آپ کو اس درشش گرہست سے سمبندھت ہر ایک کام میں سپھلتا ہو گی۔ اگر لڑکے اتھوا لڑکی کے ووّاہ سے سمبندھت سمسیا ہے۔ تو تھوڑی سی توجہ دینے سے یہ سمسیا بھی بڑی شان مان سے حل ہو جائے گی۔ کیونکہ درشش کے آرمبھ پر گوچر سے برہسپتی ساتویں بھاؤ میں ٹھہرا ہے۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں تو یہ درشش آپ کے لئے قابل یادگار درشش ثابت ہوگا۔ ودیا سے متعلق قریباً سبھی کام سپھل ہوں گے۔ اگر آپ ٹریننگ حاصل کرنے کے متلاشی ہیں۔ تو آپ کے گرہوں کے پربھاؤ کے پیش نظر اوشیہ سپھلتا ملیگی۔ یہ بھی ممکن ہے کہ ٹریننگ کے لئے آپ کو گھر سے دور جانا پڑے۔ اگر آپ ٹریڈ جگہ کے متلاشی نہیں ہیں۔ تو جو امتحان بھی اس درشش آپ دیں گے۔ اسمیں لازمی طور پر سپھلتا پراپت ہو گی۔ کسی بھی پرکار کی رکاوٹ نہیں پڑے گی۔ جو ودیارتھی اس سے پہلے امتحان میں ناکام رہتا آ رہا ہوگا۔ وہ اس درشش ضرور پروگرام بنائے۔ اُسے کامیابی یقینی ملے گی۔ خاص طور پر ایسے ودیارتھی جو امتحان میں کئی بار ناکامیاب ہو چکے ہیں۔ وہ مندرجہ ذیل اپائے کو ضرور اپنائیں:۔ یعنی صبح سویرے اٹھ کر ماتا پتا اتھوا گھر کے کسی آدرنیہ ورِدھ پرش کے چرنوں میں سر جھکا کر پرشش کر کے اُن سے آشیرواد پراپت کریں۔ اُن کی آشیرواد آپ کو کامیابی دلانے میں رام بان ثابت ہو گی۔ درشش کے آرمبھ میں برہسپتی اور شکر اچھی پوزیشن میں ہونے سے سماجک، دھارمک اتھوا راجنیتک کاموں سے دلچسپی رہے گی۔ بھلے لوگوں اتھوا سادھو سنتوں سے ملاپ ہوگا۔

میش راشی کا ماسک پھل

اپریل:۔ یہ ماس سکھ شانتی میں گذریگا۔ کاروبار اتھوا نوکری میں اچانک کوئی ترقی کا سلسلہ بنے گا سبھی پریشانیوں کا انت ہوگا۔ بگڑے کام سدھریں گے۔ خرچ میں ادھکتا ہوگی۔ جبکہ بارھویں بھاؤ میں شکر یہ۔ چندرمہ اور بدھ کا یوگ ہے۔ ۳۱ مارچ سے گیارھویں بھاؤ میں شکر آ رہا ہے۔ جو آپ کی آمدنی میں آشا سے زیادہ [illegible] چوتھے چندرمہ میں یعنی ۲-۳ اپریل کو کسی جھگڑا سے بچنے کے [illegible] گھر کے [illegible] ۱۱-۱۲-۱۳ اپریل کو آٹھواں چندرمہ ہونے سے شریر کشٹ۔

مئی :- اس ماس کا پہلا ہفتہ سنگھرش تتھا دوڑ دھوپ میں گذریگا۔ دوسرے ہفتہ سے آہستہ آہستہ شانتی کا دور آرنبھ ہوگا۔ دوستوں سے میل ملاپ کا موقعہ ملیگا شریر سکھ اُتم۔ کاروبار میں وردھی اتھوا نوکری میں ترقی کے آثار پرکٹ ہوں گے اس ماس کے آرنبھ میں آپ کو بارھواں شکر آیا ہے۔ جو آپ کو گھریلو پریشانیوں اور خرچ میں ادھکتا کا کارن بنے گا۔

جون :- لگن میں شکر ہونے سے آپ کی صحت اس ماس میں اچھی رہے گی۔ مہمان نوازی میں وشیش دلچسپی۔ کھانے پینے کے پروگراموں میں خرچ کی بہتات۔ اگر آپ کاروبار کرتے ہیں۔ ۱۴۔۱۵۔۱۶ جون کو آپ ساودھان رہیئے۔ نقصان کا اندیشہ ہے۔ ان دنوں کا بارھواں چندرما ہوگا۔ ۷ جون سے ۲۳ جون تک ادھیشیہ کوئی لابھ ملنے کا یوگ۔

جولائی :- اس ماہ میں گرہ چال آپ کے انوکول ہے۔ شریر سکھ اُتم رہے گا۔ گرہستی ہونے پر گھریلو واتاورن شانت رہے گا۔ ودیارتھی ہونے کی صورت میں ودیا سمبندھت اکثر کاموں میں کامیابی۔ نوکری پیشہ ہونے کی صورت میں نوکری میں ترقی کی سمبھاونا کوئی نئی یوجنا بنے جو آپ کے بھوشیہ کو بنانے والی ہوگی۔ اس ماس کی ۱۔۲۔۳ ۱۸۔۱۹۔ اور ۲۰ تاریخیں ہانی کارک ہیں۔ چوٹ لگنے کا بھئے ہے ساودھان رہیئے۔

اگست :- گھریلو پریشانی۔ کاروبار میں اچانک رکاوٹ۔ نوکری پیشہ ہونے کی صورت میں اچانک کوئی پریشانی۔ مان ہانی۔ خرچ کی ادھکتا۔ کاروباری ہونے پر کاروبار میں خسارہ۔ ودیارتھی ہونے پر ودیا سمبندھت ہر کام میں رکاوٹ۔ اس مہینہ میں آپ پر شنی کا ادھک پربھاو رہے گا۔ اُپائے کے روپ میں آپ منگلوار کو ہنومان مندر میں پوجا کریں اور پرساد لیں۔ اگر ایسا ... اُدے کے بعد گئو ماتا کو گڑ کھلائیں ۔

ستمبر :- اس ماس کے آرنبھ میں کاروبار سمبندھت کوئی نئی یوجنا ب... میں مان پرتشٹھا بڑھے۔ آرتھک دشا میں مضبوطی۔ یہ ماس خاص طور پر ودیارتھی ورگ کیلئے شبھ ہے۔ اس ماس میں دل لگا کر پڑھنے لکھنے میں لگے رہیئے۔ اس کا پڑھا ہوا پاٹھ سپھلتا کی بنیاد بنے گی۔ ودیا سمبندھت ہر کام میں سدھی اگر آپ گرہستی ہیں تو سنتان پکھ سے مانسک شانتی رہے گی۔ اگر اس ماہ میں کوئی شبھ کام کرنا ہو تو وہ گورو وار یا شکروار کو ہی کریں ۔

اکتوبر :- یہ ماس حسب معمول آمدنی کے مطابق ہی چلیگا۔ یعنی خرچ کے مطابق ہی آمدنی ہوگی۔ صحت کیلئے گرہ انوکول ہیں۔ دھارمک کاموں میں وردھی ہوگی۔ یاترا کی بھی سمبھاونا ہے۔ بھائی بندوں اور متروں سے میل ملاپ کا زور رہے گا۔ آٹھواں لوم ہونے سے شریر کے وشے میں ساودھان رہیئے۔ اچانک شریر کشٹ تتھا چوٹ کا بھئے ہے۔ ماس کے انتم ہفتہ میں گرہست پکھ سے اشانتی ۔

نومبر :- ماس کے آرنبھ میں پانچ گرہوں کا اکٹھے ساتویں بھاؤ میں ہونا اس ماہ میں اشانت رہنے کا اشارہ ہے۔ یہ ماس دوڑ دھوپ، سنگھرش تتھا اشانت واتاورن میں گذرے گا۔ اس انشٹ یوگ کا پربھاو شریر پر پڑنا بھی ضروری ہے اس ناقص یوگ کا پربھاو ۱۱ نومبر تک ادھک رہے گا۔ اُپائے کے روپ میں منگلوار کو اور سنیچروار کو کتوں کو روٹیاں ڈالیں ۔

دسمبر :- اِس ماہ جو کام بھی اپنے ہاتھ میں لیں گے اُسمیں لازمی طور پر سپھلتا ملے گی۔ گھریلو واتاورن شانت رہے گا۔ یہ مہینہ مہانوں تتھا رشتہ داروں کے میل ملاپ تتھا سیوا میں گذرے گا۔ خرچ کی ادھکتا پرنتو خرچ شُبھ کاموں پر ہی ہو گا۔ مکر کا منگل آپ کی مان پرتشٹھا میں وردھی کا کارن بنے گا ÷

جنوری ہر ایک چنتا سے چھٹکارا ملے گا دھن لابھ کے علاوہ مان اور شان میں وردھی ہو گی۔ صحت میں سُدھار ہو گا۔ اگر آپ گرہستی ہیں تو گرہست سکھ سے مانسک شانتی رہے گی۔ دھن لابھ کے ساتھ ساتھ خرچ کے بھی نئے نئے راستے کھُل جائیں گے۔ کِسی نئے کام کا آرنبھ کرنا آپ کے لئے لابھ دایک رہے گا ÷

فروری :- اگرچہ اِس ماہ میں دوڑ دھوپ ادھک رہے گی۔ پرنتو ہر خواہش پورن ہو کر رہے گی۔ اگر آپ بیوپاری ہیں تو اِس ماہ میں بیچنے کی نسبت خریدنا لابھ دایک رہے گا۔ ماس کے انت میں اچانک چنتا۔ اگر اِس ماہ میں یاترا کا یوگ بنے تو اُسمیں لابھ کی کوئی آشا نہ رکھیں۔ اِس ماہ کا ہر سنیچروار نقصان دہ رہے گا۔

مارچ :- پریوار کا سُکھ۔ متروں سے میل ملاپ۔ کاروبار سمبندھت کوئی نئی یوجنا بنے۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں تو یہ مہینہ خاص شانتی کا نہیں ہو گا۔ اگر آپ ملازمت کرتے ہیں تو مان پرتشٹھا میں وردھی ہو گی۔ آمدنی کے لحاظ سے یہ مہینہ مدھیم رہے گا۔ خرچ کے لحاظ سے ریکارڈ توڑ ہو گا۔ ودیارتھی ہونے پر ودیا سمبندھت ہر کام میں کامیابی حاصل ہو گی۔ آپ اپنے روپ میں آپ سُریہ اُدے سے پہلے بستر سے اُٹھ کر پڑھائی (مطالعہ) کا پروگرام بنائیں ÷

ورِیش (TAR US) راشی سوبھاو

ورِیش راشی والا سُندر، سُکھی، وِشواس پاتر، گرہست سے ادھک پریم کرنے والا فیشن پرست ہوتا ہے۔ تعمیر و مرمت اور واہن وغیرہ کی اچھیا ہر سمیہ رہتی ہے۔ سوبھاو ہٹھی۔ انوشاسن کرنے والا اور خود بھی انوشاسن کا پالن کرنے والا ہوتا ہے سخت محنتی۔ دوست بنانے میں چتر۔ صفائی پسند اور میٹھا بولنے والا ہوتا ہے اتتھی سیوا میں سب کچھ ارپن کرنے والا ہوتا ہے۔ لڑکیاں ادھک ہوتی ہیں فراخدل سماج میں پرتشٹھا والا۔ آن پر مٹنے والا۔ دوسروں کے من کے بھاو اتھوا گپت رہسیہ چٹکیوں میں سمجھنے والا۔ راج نیتک اتھوا سماجک کاموں سے دلچسپی رکھنے والا۔ ہر مشکل کا حل اپنے باہو بل سے کرنے والا۔ جیون کی اُلجھنوں کا مقابلہ کرتے ہوئے ترقی کے شکھر پر پہنچتا ہے۔ بدلہ لینے کی بھاونا من میں رہتی ہے۔ دوسروں کے نیچے کام کرنا پسند نہیں کرتا۔ اِس لئے انہیں ہٹھی یا ضدی بھی کہتے ہیں۔ دوستوں کی سنکھیا کافی ہوتی ہے۔ دھوکہ دینا جانتے نہیں محنت پر وشواس رکھتے ہیں۔ اپنے پروگرام کو گپت رکھتا ہے۔ جیون کے آرنبھ میں آرتھک سنکٹ سے دوچار ہوتا ہے۔ اِس کے بھاگیہ کا اُدے جیون کے مدھیہ میں ہوتا ہے۔ ورِیش راشی والا ادھک دھنوان نہیں ہوتا۔ جر تر کو بچائے رکھنے میں ناکامیاب رہتا ہے۔ ادھیاتمک پرورتی ادھک ہوتی ہے۔ ماتا پتا کا سُکھ ورِیش راشی والوں کو اوشیہ ملتا ہے۔ سنتان کم ہونے پر گھر کے [illegible] ہوتا ہے۔ کھانے پینے پر کنٹرول نہ ہونے کے باعث شریر [illegible]

ورِش راشی کا ورش پھل

ورش کے آرنبھ پر لگنیش بھاگیستھان میں ٹھہرا ہے۔ یہ
یوگ ورش بھر میں شریر سُکھ کا سنکیت دیتا ہے اس
ورش میں عموماً آپ کا شریر سُکھ اُتم رہے گا۔ اگر آپکے
شریر میں کسی پرکار کا کشٹ ہے تو سرد سادھارن پرہیز اتھوا دوائی استعمال کرنے سے
ہی شریر تندرست ہو جائے گا۔ گیارھویں بھاو میں جہاں سوریہ، چندرمہ .. کا ایک ساتھ
ہونا آپ کیلئے ورش بھر کی آرتھک مضبوطی کا سوچک ہے۔ وہاں میتھن راشی میں ورش
بھر دوسرے بھاو میں راہو کا ہونا آرتھک سنکٹ کو ظاہر کرتا ہے۔ اِس ملے جُلے یوگ
کے مطابق ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اِس ورش آپکو دھن کی راشی ادھک آئے گی پرنتو
خرچ میں بھی حد سے زیادہ ورِدھی آئے گی۔ لیکن یہ خرچ اکثر شُبھ کاموں پر ہی ہو گا
ممکن ہے اِس ورش کوئی تعمیری کام رچانے کا پروگرام بنے۔ پریوار میں بھی خرچ
کے نئے نئے راستے نکل آئیں گے۔ اگر آپ واہن رکھنے کے خواہشمند ہیں۔ تو یہ
آرزو بھی اِس ورش ضرور پوری ہو گی۔ اگرچہ یہ ورش سنگھرش تتھا دوڑ دھوپ میں
ہی گذرے گا۔ پھر بھی آپ کے دھیرج میں کسی پرکار کی ڈھیل نہیں آئے گی۔ بیوپاری
ورگ کیلئے یہ ورش اُتار چڑھاو کا ہی ہو گا۔ کبھی آشا سے زیادہ لابھ اور کبھی
اچانک ہانی کا یوگ! لیکن ایسا ہونے پر بھی بیوپار میں روز افزوں ترقی ہو گی۔
اگر آپ اپنے بیوپار کو نئے سال سے وشال بنانے کا پروگرام بنائیں گے۔ تو ابتدا میں
رُکاوٹیں اور اُلجھنیں درپیش آئیں گی۔ پرنتو آگے جا کر آپکے بیوپار کو وسعت ملیگی

اگر آپ ٹھیکیداری کرتے ہیں تو دل لگا کر کام میں جُٹ جائیں۔ یقیناً [illegible]
میں رہو گے۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو اِس ورش کے پہلے چھ [illegible]
کے ہوں گے۔ دوسرے چھ ماس سپھلتا کے ہوں گے ہر ایک رُکا ہوا یا آرنبھ
کیا ہوا کام سپھل ہو کر رہے گا۔ سمبندھت افسروں تتھا کاریہ کرتاؤں کیساتھ
پریم کا واتاورن بنے گا۔ جو آپ کیلئے ترقی اتھوا لابھ کا سادھن بنے گا۔ ورش
میں ایک بار کسی وشواس پاتر سے دھوکہ کھانے کا اندیشہ ہے۔ ہ۔م۔د۔ن
جن کے نام کا پہلا اکھشر ہو ان سے ساودھان رہیے۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں تو
آپکو اِس ورش ڈٹ کر محنت کرنے کی آوشکتا ہے، ورنہ سپھلتا کی کوئی
آشا نہ رکھیں۔ ۲۷ جولائی تک بدھ اور سنیچر کا سمیوگ پانچویں بھاگ میں رہے گا
اِس لئے ۲۷ جولائی تک ودیا سمبندھت ہر ایک کام میں رُکاوٹ تتھا ناکامیابی
۱۲ ستمبر تک کنیا راشی میں سنیچر ٹھہریگا۔ آپ کو پریتن کرنے کے باوجود حسب مرضی
سپھلتا نصیب نہیں ہو گی۔ البتہ ۱۲ ستمبر کے بعد ودیا سے متعلقہ گرہ قدرے انوکول
رہیں گے۔ لیکن مجموعی طور پر یہ ورش ودیا سمبندھت ہر ایک کاریہ کے لئے ڈھیلا
رہے گا۔ اِس لئے ادھک سے ادھک پریشرم کی ضرورت ہے۔ گرہستی ہونے کی
صورت میں نئی نئی گھریلو سمسیائیں آپکو گھیرے رکھیں گی جس سے آپکو مانسک
اشانتی رہے گی۔ سنتان پکش سے بھی پریشانی بنی رہے گی۔ اگر آپ مہلا ہیں تو
شریر کے وشئے میں ساودھان رہیے۔ اچانک شریر کشٹ یا چوٹ لگنے کا اندیشہ
ہے۔ ورِش راشی والے کو اِس ورش جو بھی کام آرنبھ کرنا ہو۔ سوموار۔ منگلوار
اور سنیچروار کو نہ کرنا چاہیئے اور نہ ہی ادھک یاتراؤں کا پروگرام بنائیں۔ اگر آپ

کے پاس واہن، موٹر وغیرہ ہے تو اُسے منگلوار کو خود نہ چلائیں۔ اگر اِس دن چلانا بہت ضروری ہو تو بارہ بجے دِن سے ۳ بجے دن تک نہ چلائیں۔ اِس ورشِش اُپائے کے رُوپ میں آپ ویشنو ہنے کا نیّم بنائیں۔ اگر ہو سکے تو اپنے کسی ساتھی اتھوا گھر کے کسی اور ممبر کو بھی ویشنو ہنے پر مجبور کریں ::

ورِشش راشی کا ماسک پھلا دیش

اپریل :۔ یہ مہینہ سُکھ شانتی میں گذریگا۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو کوئی ترقی اتھوا لابھ کا چانس ملیگا۔ سمبندھت افسروں سے میل جول میں اضافہ۔ بیوپاری ہونے پر اِس ماس میں آپ کا بیوپار سُست رفتاری سے چلیگا۔ دوڑ دھوپ ادھک پرنتو لابھ سا دھارن رہے گا۔ بھائی بندھوؤں، رشتہ داروں کیساتھ میل ملاپ میں دلچسپی گھر کے کسی ممبر کیطرف سے اُسکے شریر کی پریشانی بنی رہے گی۔ ۱۰/ اپریل سے بارھواں بدھ ہونے سے خرچ کی نئی نئی یوجنائیں بنتی رہیں گی۔ پرنتو خرچ کے ساتھ ساتھ آمدنی میں بھی رفتہ رفتہ وردھی ہوتی رہے گی ::

مئی :۔ اِس ماس میں آرتھک دشا مضبوط ہو گی۔ کاروبار کو وشالتا ملیگی۔ جو ورِشش راشی والے کاروبار کرتے ہیں اُن کے لئے یہ ماس ورشش بھر بہتر پورن ہو گا۔ بگڑے تھاٹ کے کام سُدھر جائینگے۔ کوئی بھی کام خواہ وُہ کاروبار یا نوکری سے سمبندھت ہو، ودّیا یا وِواہ وغیرہ کسی شُبھ کاریہ سے سمبندھت ہو۔ آرنبھ کیجئے۔ اِس ماس میں گرہ آپ کے انوکُول ہیں ادھشٹھ سپھلتا ہوگی۔

جون :۔ اِس ماس میں آپ کو بارھواں شنیگرہ آ رہا ہے۔ کوئی شُبھ مہوتسو رچانے کا پروگرام بنے۔ جسمیں دھن کی بہت راشی خرچ ہو گی۔ گرہوں کے انستوں کی درِشٹی سے یہ ماس اگر آپ ملازم ہیں، تو ترقی کا اشارہ کرتا ہے۔ ودّیارتھی ورگ کے لئے بھی یہ ورشش لابھ دائیک ہے۔ گھریلُو واتا ورن شانت رہے گا۔ اچھے پرشوں سے میل ملاپ ہو گا۔ اِس ماس کے تیسرے ہفتہ میں نقصان کا اندیشہ ہے خاص طور پر ۱۷، ۱۸ جُون کو سا ودھان رہیئے ::

جولائی :۔ یہ ماس سرو سادھارن روپ میں ہی چلے گا۔ جس کسی کام میں بھی آپکا ہاتھ ہو گا رُکاوٹیں آنے پر بھی آخر کار سپھل ہو گا۔ شریر کشٹ اتھوا گھر کے کسی ممبر کے شریر کی پریشانی۔ کوئی شُبھ کام رچانے کا پروگرام۔ ودیارتھیوں کے لئے یہ ماس نقصان دہ ہے۔ کسی دھارمک اتھوا سا ماجک کام میں شامل ہونے کا اوسر ملے۔ کسی وِشواس پاتر سے دھوکہ ملے ::

اگست :۔ اچانک کوئی ایسا کام آپکے ہاتھ میں آنے والا ہے جو آپ کے بھوشیہ کو بنانے میں سہائیک ہو گا۔ اچھی پوزیشن کے منشوں سے ملنے جُلنے کا اوسر ملے۔ سا ماجک اتھوا دھارمک کاموں کیطرف دلچسپی۔ جھگڑے جھاد میں بوم ہونے سے دشمنوں پر وجے۔ اگر آپ کسی مقدمہ میں پھنسے ہوئے ہیں تو اِس ماس میں اُس سے چھٹکارا پانے کا پریتن کیجئے۔ نہیں تو وُہ آپ کیلئے کشٹ کا کارن بنیگا

ستمبر :۔ یہ ماس آپ کے لئے کوئی خاص اہمیت نہیں رکھتا۔ آمدنی میں بھی کوئی اضافہ نہیں ہو گا۔ بلکہ کمایا ہُوا روپیہ ہی خرچ کرنا پڑیگا۔ گرہستی ہونے پر بہت سمئے کے پشچات آپکو گرہست پکھ سے مانسک شانتی ملے گی۔ کوئی [illegible] کرنے کا وچار۔ شریر کے وشئے میں سا ودھان رہیئے۔ اگر آپ کا [illegible]

رہے گا۔ تو بھی کسی پریمی سمبندھی کا شریر کشٹ آپ کیلئے پریشانی کا کارن بنے گا۔ ۱۲ ستمبر سے طول راشی میں سنیچر آرہا ہے۔ جو آپ کے کاروبار کی کایا پلٹ دے گا۔

اکتوبر:۔ گرہستی ہونے پر شریر میں کشٹ۔ مہیلا ہونے پر پتی کے رشتے میں خبرا بنئیے۔ کاروبار میں لابھ۔ نوکری میں ترقی۔ آمدنی میں اضافہ۔ ہر آرمبھ کئیے کام میں سنگھرش کے بعد ہی سپھلتا ملے گی ؛

نومبر:۔ اس ماس میں آپ کے کاروبار کی رُوپ ریکھا ہی بدل جائے گی۔ کاروبار ترقی کی جانب بڑھے گا۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو مان پرتشٹھا کا اوشیہ لابھ ہوگا۔ نوکری سے سمبندھت ہر کام سنتوش جنک پُورن ہوگا۔

دسمبر: اگر آپ گرہستی ہیں تو گرہست سکھ سے اس ماس میں اشانتی رہے گی خاص طور پر استری پکھ کیطرف سے ساودھان رہئیے۔ چونکہ اس ماہ میں آٹھواں منگل آیا ہے۔ اس لئے اُپائے کے طور پر آپ جنتری کے "جپ پرکرن" سے "مرت سنجیونی منتر" کا پاٹھ نتیہ پراتا ہاتھ منہ دھو کر کم از کم دس بار جاپ کریں

جنوری:۔ نئے ورش کا یہ پہلا ماس آپ کے لئے شُبھ رہیگا۔ ہر آرمبھ کئے ہُوئے کام میں حسبِ خواہش کامیابی نصیب ہوگی۔ اگر آپ بیوپاری ہیں تو آپکو اس ماس میں آشا سے ادھک لابھ ملیگا۔ ملازمت کی صُورت میں یہ ماس سرو سادھارن روپ میں ہی گذریگا۔ ودیارتھی ہونے پر ودّیا سے سمبندھت اکثر کاموں میں سپھلتا پراپت ہوگی ؛

فروری:۔ یہ ماس بھی سُکھ شانتی کے واتاورن میں گذریگا۔ گرہستی ہونے پر گرہست سُکھ۔ خاص طور پر سنتان سُکھ اُدتم رہے گا۔ بھائی بندھوؤں اور رشتہ داروں سے ملنے جُلنے کا اوسر ملیگا۔ خرچ کی ادھکتا، پرنتو خرچ ... کاموں پر ہی ہوگا۔ دھارمک کاموں سے دلچسپی! اِس ماہ میں اکثر باہر ... لوگ۔ آدر مان، پرتشٹھا میں وردھی ہوگی ؛

مارچ:۔ شریر سُکھ اُدتم۔ گرہستی ہونے پر گرہست پکھ سے مانسک شانتی رہیگی اگر آپ بیوپاری ہیں تو آمدنی حسبِ معمول ہوگی۔ دوڑ دھوپ اور محنت ادھک اگر آپ ملازمت کرتے ہیں تو اچانک ترقی کا یوگ اتھوا ترقی کے آثار۔ کام کاج کے سمبندھ میں کوئی نیا پروگرام بنے۔ خصُوصاً ہر آرمبھ کئے کام میں سپھلتا ہوگی ؛

میتھن راشی کا سوبھاؤ!

میتھن راشی والا چنچل۔ دیکھنے میں سُندر، بھوگی۔ دھن دولت سے یکت اودھوگی گانے بجانے کا شوقین۔ ماتا پتا کا آدر کرنیوالا۔ کمزور شریر ہونے پر بھی پرسن چت۔ نئی نئی یوجناؤں کا سوجھاؤ دینے والا۔ دشمنوں کو جڑ سے اُکھاڑ دینے کی پردرتی والا۔ اپنے چرتر کی رکھشا کرنے میں سمرتھ۔ کبھی فراخدل، کبھی کنجوس لوگوں کو مات دینے والا۔ کبھی دھرماتماؤں کے گورو اور کبھی ناستکوں کے مُکھیا بن کر رہنے والا۔ عام طور پر یاتراؤں میں رہنے والا۔ یاترائیں ہی آپ کے جیون کی سپھلتا کا ایک حصّہ ہوگا۔ ہر کام کو جلد بازی سے کرنیوالا۔ ہر ایک ویکتی کو کھیل ہی کھیل میں متر بنانے میں چتر۔ ہر منش کے دل کی گہرائی تک جانے والا۔ اپنے بھید کو گپت رکھنے والا ایشور بھگتی سے یکت۔ راج نیتک کاموں میں دلچسپی رکھنے والا۔ مان پرتشٹھا کو بچانے

رکھنے کی خاطر سب کچھ ارپن کرنیوالا۔ کسی کے اُپکار کو جلدی چکانے کی فکر میں رہنے والا۔ ہر کشٹ کا مقابلہ کرنے میں دلیر۔ اپنی تعریف سُننے ہی آپے سے باہر ہونے کا سوبھاؤ۔ میتھن راشی والے کے جیون کا پہلا بھاگ سنگھرش کا دُوسرا بھاگ ایشوریہ کا تیسرا اور چوتھا بھاگ اسوستھ شریر ہوتے ہُوئے بھی مانسک شانتی سے یُکت ہوتا ہے۔ دودوان ہوتے ہُوئے بھی آرتھک طور پر کمزور رہتا ہے۔ کاروبار کی نسبت نوکری میں سپھلتا پراپت کرتا ہے۔ آرتھک دشا استھر ہوتی ہے۔ اپنے باہو بل سے مکان سمپتی وغیرہ بناتا ہے سنتان ہوتے ہُوئے بھی سنتان پکھ سے اشانت رہتا ہے۔ دوست تھا رشتہ دار بہت ہوتے ہیں پرنتو کوئی بھی ہمدرد نہیں ہوتا۔ ہاضمہ میں کچھ کمزوری ہوتی ہے۔ تول۔ دھن تھا کُنبھ راشی والوں سے انہیں لابھ ہوتا ہے۔ ۳۔ ۸۔ [illegible] ۔ ۱۱ اور ۲۸ دیں ورش میں شریر کشٹ۔ آیو لگ بھگ ۶۲ ورش سے ادھک ہوتی ہے۔ میتھن راشی والوں کے لئے رتن "پنا" شُبھ ہوتا ہے۔

میتھن راشی کا ورش پھل

ورش کے آرنبھ میں میتھن راشی کی گرہ ستھتی قدرے ناقص رہیگی۔ ستمبر سے گرہوں کی دشا رفتہ رفتہ انوکول ہوگی۔ ورش کے پہلے چھ ماس شریر کیلئے ناقص ہیں جبکہ لگن میں راہ تھا چوتھے بھاو میں سنیچر لگن کو پورن درشٹی سے دیکھ رہا ہے۔ ۲۳ جولائی تک بوم اور سنیچر کی یُوتی رہے گی۔ یہ ملا جلا یوگ آپ کے شریر کشٹ کو جتلاتا ہے۔ اِس کے علاوہ ۲۳ جولائی تک خاص طور پر دشمنوں کا غلبہ ہوگا۔ تنگدستی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ زمین اتھوا جائیداد کی اُلجھنیں پیدا ہوں گی۔ گھریلو شانتی بھنگ۔ ماتا جیوت ہونے کی صُورت میں ماتا کو شریر کشٹ۔ ۲۳ جولائی کے بعد آپ کی گرہ دشا کچھ سُدھرے گی۔ لیکن شانتی کا دور ۲۱ ستمبر سے مکمل طور پر شروع ہوگا۔ ۲۱ ستمبر سے پانچواں سنیچر آئیگا۔ گوچر سے پانچواں سنیچر بھی ناقص ہوتا ہے۔ پرنتو اُچیہ راشی میں ہونے سے سنیچر کی پوزیشن قدرے اچھی رہے گی۔ پھر بھی اگر آپ گرہستی ہیں تو سنتان پکھ سے اشانتی رہے گی اگر آپ ودیارتھی ہیں تو نشچے رکھیئے کہ یہ ورش آپ کے لئے شُبھ پھلدائیک ہوگا۔ ودیا سمبندھت ہر آرنبھ کئے ہُوئے کام میں کامیابی حاصل ہوگی۔ ودیارتھی ورگ کو چیتاونی ہے کہ اِس ورش ودیا سمبندھت گرہ آپ کے انوکول ہیں صرف آپ کے پریشرم کی ضرورت ہے۔ پریشرم ہی کامیابی کی سیڑھی ہوگی۔ اگر آپ ہاتھ پر ہاتھ دھر کر آلسیہ میں پڑے رہے اور وقت کی قدر نہ کی تو آئندہ نامعلوم ایسا سُنہری اوسر آپکو کب ملیگا۔ جو ودیارتھی پاس ہونے کی آشا چھوڑ بیٹھے ہیں اُن کو چاہیئے کہ وُہ اِس ورش پھر سے ایک بار کمر باندھ لیں۔ اوشیہ کامیابی حاصل ہوگی۔ میتھن راشی والے بیوپاری اپنے بیوپار کو ۲۱ ستمبر تک کوئی وُسعت دینے کا پریتن نہ کریں۔ ۲۱ ستمبر کے بعد بیوپار سمبندھت جو بھی قدم آپ اُٹھائیں گے اُسمیں اوشیہ کامیابی ملیگی۔ آپ جس کام کو بھی اپنے ہاتھ میں لیں گے اُسمیں آشا سے ادھک لابھ ہوگا۔ اگر آپ کریانہ وغیرہ کے کا اندیشہ ہیں تو پہلے تین مہینے میں بیچنے کی نسبت خریدنے کی طرف زیادہ توجہ دیں تو گھر کے [illegible] مہینوں میں خریدا ہوا مال ورش بھر کی آمدنی میں وردھی کر[illegible] اگر آپ پھل کا بیوپار کرتے ہیں تو عام بیوپاریوں کی دشا ڈانواں ڈ[illegible]

لابھ میں رہیں گے۔ آپ بیخوف ہو کر کھُلے دِل سے کام میں جُٹ جائیں۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں اور چونکہ رشوت لینا دینا پاپ ہے۔ اور آپ اِس پاپ کے عادی نہیں تو آپ رشّ کے آرنبھ میں ہی اِس پاپ سے بچنے کی قسم کھائیے۔ نہیں تو نشچے رکھئیے اس ورش آپکو اس کی سزا بھگتنی پڑے گی۔ ہمارے لکھے اُپائے پر وشواس کیجئیے۔ ورنہ بعد میں پچھتانا پڑیگا۔ اگرچہ اِس ورش آپ کے لئے ترقی کا کوئی یوگ نہیں ہے تو بھی ۱۶ فروری سے ممکن ہے آپکو کوئی ترقی کا چانس مِلے جبکہ آپکو گوچر سے ۱۰واں۔ ۱۱واں یوم آئے گا۔ میتھن راشی والوں کو اِس ورش لابھ کے ساتھ خرچ کی یوجناؤں سے بھی دلچسپی رہیگی اِس ورش کوئی شبھ مہوُتسو رچانے کا پروگرام بنے گا۔ آپکا دھن کسی بُرے کام یا بیماری پر خرچ نہیں ہوگا۔ بلکہ اِس خرچ کا نتیجہ آپکی مان پرتِشٹھا کو بڑھانے والا ہوگا۔ اگرچہ اِس ورش سبھی گرہ آپ کے انوکُول ہیں۔ پھر بھی سنیچر اور یوم کی یوتی چوتھے گھر میں جب تک ہے آپکو ادشیہ پریشانیوں سے دوچار ہونا پڑے گا۔ اُپائے کے رُوپ میں ۲۳ جولائی تک ہر منگلوار کو تہر میٹھا ڈالکر چینٹیوں کو ڈالیں۔ سنیچر کی شانتی کے لئے کسی غریب ودّیارتھی کو نیلے رنگ کے وستر۔ کتابوں کے لئے نسبتہ اور پاؤں کیلئے جوتا دے دیں۔ دان دینے کے لئے ۱۰ جُون کا دن موافق ہے۔ جبکہ ۱۰ جُون کو منگلوار تراہ اور سنکراتی ہے۔ ایسے ہی ۱۶ اکتوبر کو جس دن سنیچروار اور اماوس ہے۔ اِس دِن لوہے کی انگیٹھی۔ توا۔ چمٹا۔ کالے سابت ماش ۱/۲ اکلو تیل ۱/۲ اکلو۔ دان دیں۔ اِس ورش آپ ہر ایک شبھ کام بُدھ وار، گورو وار اور شُکروار کو آرنبھ کریں۔ ہر ایت وار کو کسی ستسنگ میں جایا کریں۔ اپنے دچاروں کو شُدھ رکھیں۔

میتھن راشی کا ماسک پھلاد...

پیشہ طول ... خرچ ... آپ کے تجارت ...

ابریل :۔ اِس ماس میں دوڑ دھوپ ادھک دوستوں، رشتہ دار ... باہر ... نوازی میں مصروفیت۔ آمدنی حسبِ معمول پرنتو خرچ کی ادھکتا۔ کسی دو ... رشتہ دار سے اچانک ناراضگی۔ بیوپاری ورگ کے لئے سنگھرش ادھک پرنتو لابھ مدھیم۔ نوکری پیشہ والوں کیلئے یہ مہینہ حسبِ معمول چلتا رہے گا۔ ودّیارتھیوں کے لئے بھی ودّیا سمبندھت اکثر کاموں میں کامیابی۔

مئی :۔ شریر میں اچانک کمزوری۔ رات دِن کام میں جُٹ جانے کی پرورتی۔ زمین اتھوا جائیداد سمبندھت کاموں میں دھن کا خرچ۔ مہوتسوں اتھوا تعمیری کاموں میں مصروفیت۔ آپ کِسی بھی پیشہ سے تعلق رکھتے ہوں یہ مہینہ آپ کیلئے خرچ کا ہی ہے لابھ کا نہیں۔ سماجک اتھوا دھارمک کاموں میں بھی حصّہ لینے کا موقعہ ملے۔ بھائی بندھوؤں اور رشتہ داروں سے میل ملاپ میں بھی اضافہ ہوگا۔ اس ماس میں خاص طور پر شکروار آپ کیلئے فائدہ مند رہے گا۔

جُون :۔ اِس ماہ کے پہلے ۵ دِن ہر پرکار سے مدھیم رہیں گے۔ آمدنی کم۔ شریر سُکھ مدھیم۔ گھریلو سُکھ بھی مدھیم۔ بیوپاری ہونے پر بیوپار مدھم۔ نوکری پیشہ ہونے پر جس کام میں جُٹ جاؤ گے۔ رُکاوٹوں کے بعد ہی سپھلتا ہو گی۔ لگ بھگ ۸ جُون سے آپکی آمدنی اتھوا کاروبار وغیرہ میں اچانک نئی رُوح داخل ہو گی اور آپ کی آرتھک پوزیشن بڑھیگی۔

جولائی :۔ ودّیا سمبندھت ہر کام میں کامیابی۔ ودّیارتھیوں میں پڑھنے لکھنے کی لگن میں اضافہ۔ گھریلو واتاورن شانت رہے گا۔ ودواہت ہونے پر سنتان پکھ سے مانسک

شانتی۔ کوئی شُبھ سندیش ملے۔ اچھے اچھے پرشوں سے ملنے جُلنے کا موقعہ ملے ودیارتھی ہونے پر آپ ادھشیہ ودّیا میں سپھلتا۔ بیوپاری ورگ کیلئے یہ مہینہ بہت دوڑ دھوپ کرنے پر بھی انت میں نقصان دہ ثابت ہوگا۔ کوئی بھی شُبھ کام آرنبھ کرنا ہو گورووار اتھوا شکروار کو کریں :۔

اگست :۔ دشمنوں کا غلبہ۔ چوٹ کا بھئے۔ یاترا کی سمبھاونا۔ آرتھک دشا میں سدھار کوئی شُبھ کاریہ رچانے کا پروگرام بنے۔ گھر کے کسی ممبر کی طرف سے پریشانی بنی رہیگی ۳۰-۳۱ اگست کو خاص طور پر صحت کے متعلق ساودھان رہیئے۔ کوئی بھی شبھ کام آرنبھ کرنا ہو۔ تو وہ بدھ وار اور گورووار کو کریں۔

ستمبر :۔ اس مہینہ میں آلسیہ تتھا کام کرنے کی دلچسپی میں کمی۔ آمدنی میں اچانک رکاوٹ خرچ کے راستے کھُل جائیں گے۔ آمدنی کے مقابلہ میں خرچ زیادہ۔ اچانک نقصان کا اندیشہ

اکتوبر :۔ اس ماہ آپ کے کام کی کایا پلٹ جائیگی۔ ہر آرمبھ کئے کام میں سپھلتا۔ ہر پیشہ کے لوگ اِس مہینہ میں لابھ میں رہیں گے۔ ودیارتھیوں کیلئے بھی اِس ماہ کے بعد بھوشیہ روشن ہوگا۔ کوئی مہوتسو رچانے کا اچانک پروگرام بنے۔ کوئی بھی ایسا کاریہ جو کسی بادھا کے کارن رُکا پڑا ہو خودبخود حل ہو جائے گا۔

نومبر :۔ ہر پرکار سے سُکھ شانتی کے واتاورن میں یہ مہینہ گذریگا۔ گھریلو حالات انوکول ہوں گے۔ گرہستی ہونے پر سنتان پکھ سے شانتی۔ بیوپاری ورگ لابھ میں رہیگا۔ نوکری کرنیوالوں کے لئے یہ مہینہ شانتی تتھا آدر مان کا ہوگا۔ آرتھک لابھ بھی اُتم ہوگا۔ شُبھ کاموں پر خرچ۔ غرضیکہ یہ مہینہ ہر پہلو سے شُبھ رہے گا۔

دسمبر :۔ کوئی تعمیری کام رچانے کا پروگرام بنے۔ کوئی مہوتسو منانے کا وچار درڑھ ہو جائے۔ استری کیلئے یہ مہینہ اُتم ہے۔ گرہستھ پکھ سے شانتی۔ زمین اتھوا جائیداد سمبندھت کوئی سمسیا کھڑی ہوگی۔ جو آپ کیلئے پریشانی کا باعث بنے گی۔

جنوری :۔ نئے ورش کا پہلا مہینہ آپ کے لئے ہر پرکار کا شُبھ سندیش لیکر آیا ہے جو بھی کام آپ کے ہاتھ میں ہوگا اس میں سپھلتا اوشیہ ہوگی۔ استری سُکھ اُتم۔ گرہست پکھ سے مانسک شانتی۔ ہر رُکا ہُوا کام حل ہو جائے گا :۔

فروری :۔ اچانک کوئی شُبھ سندیش ملے۔ اچھی پوزیشن کے آدمیوں سے میل ملاپ کھانے، پینے اور کھلانے، پلانے کی پرورتی اور اسمیں دھن کا خرچ۔ کوئی شُبھ کام سرانجام دینے کا پروگرام۔ اِس مہینہ کے آخری سفتہ میں کوئی شُبھ سندیش ملے۔ استری سُکھ اُتم۔ گرہستی ہونے پر سنتان پکھ سے مانسک شانتی۔

مارچ :۔ استری سُکھ مدھم۔ گرہست پکھ سے اچانک کچھ اشانتی۔ آمدنی کے لحاظ سے یہ مہینہ اُتم ہے۔ بیوپاری ہونے پر بیوپار میں وسعت۔ بھائی بندھوؤں سے میل ملاپ میں وردھی۔ شُبھ کاموں پر دھن کا سارتھک خرچ۔ انتم ہفتہ میں نقصان کا اندیشہ :۔

کرکٹ راشی کا سوبھاؤ!

کرکٹ راشی والے کا جیون سُکھی۔ دھنوان۔ چرتروان تتھا دھارمک ہوتا ہے۔ پیتا کا بھگت۔ اتھوا ماتا پیتا سے سُکھ پانے والا ہوتا ہے۔ عام طور پر … کا اندیشہ تندرست ہوتا ہے۔ لیکن … کام وغیرہ آپکا خاندانی روگ ہوتا … تو گھر کے … وچار … پروپکاری۔ سادھو سنتوں کی سیوا کرنیوالا … [illegible]

پر وشواس کرنیوالا۔ کرک راشی والا دھن بہت کماتا ہے۔ تتھا دھن کا بہت سا بھاگ اپنی شان بڑھانے پر خرچ کرتا ہے۔ ہر ایک کام کو بڑے چاؤ سے آرمبھ کرتا ہے پرنتو آگے جاکر اُتساہ ڈھیلا ہو جاتا ہے۔ آپ جیون میں کئی کام آرمبھ کر کے اُسے ادھورا چھوڑ دیتے ہیں۔ جو کرک راشی والوں میں خاص دوش ہے۔ وہمی طبیعت جیون کا خاص اوگُن ہوتا ہے۔ گرہست کی دیکھ بھال کرنے تتھا شان بڑھانے کے ستلاشی ہوتے ہیں اور اس بخش میں بہت حد تک کامیاب رہتے ہیں۔ سجاوٹ۔ سج دھج اور ڈیکوریشن کی پرورتی آپ میں پائی جاتی ہے۔ سرل سوبھاؤ ہونے کے کارن آپ کئی بار دھوکہ بھی کھاتے ہیں۔ آپ پر چندرمہ کا پربھاؤ دھکے ہے جبکہ کرک راشی کا سوامی چندرمہ ہے۔ اس گرہ کے پربھاؤ سے آپکا سوبھاؤ شانت ہوتا ہے اور اس سوبھاؤ کی وجہ سے آپ دنت بوقت ٹھگے بھی جاتے ہیں۔ سفر آپ کے جیون کا ایک بھاگ ہوتا ہے۔ گرہست پکھ سے آپ سُکھی ہوتے ہیں۔ آپ کی استری سوبھاگیہ شالی ہوتی ہے۔ اس کا سوبھاؤ دھارمک اور سرل ہوتا ہے۔ تتھا اچھی سنتان کو جنم دینے والی ہوتی ہے۔ متر آپکو گھیرے رکھتے ہیں۔ مگر وہ سبھی کے سبھی خود غرض اور چاپلوس ہوتے ہیں۔ سچی دوستی کا ابھاؤ آپکو کھٹکتا ہے۔ پرنتو متر کے بنا آپ ایک قدم بھی نہیں چل سکتے۔ آپ کیلئے خصوصاً سمندر پار کا بیوپار یا ملازمت لابھ دائیک ہوتی ہے۔ کرک راشی والے کی پہلے حصہ ۳۵ سال تک کی زندگی ڈانواں ڈول ہوتی ہے۔ آپکو جوا۔ سٹہ اور لاٹری وغیرہ سے دور رہنا چاہیے۔ طول۔ کنبھ راشی والوں سے سمبندھ نہ رکھیں۔ کرک راشی والے کی آیو لگ بھگ ۷۰ ورش کی ہوتی ہے بشرطیکہ پانچویں اور چوبیسویں ورش بخیریت گذر جائیں۔ آپ کے لئے شبھ رتن "موتی"

ہے۔ آپکو اپنا ایشٹ شنکر بھگوان چننا لابھ کاری سدھ ہوگا

کرکٹ راشی کا ورش پھل

گوچر سے ورش کے آرمبھ پر گرہ ستھتی اچھی ہے۔ خاص طور پر ورش کے پہلے چھ ماس شانتی کے ہوں گے۔ شریر کے بارے میں بے فکر رہیئے۔ اِس ورش آپ تندرست و توانا رہیں گے۔ اگر صحت میں تھوڑی بہت خرابی بھی ہے تو وہ معمولی علاج سے دور ہو جائے گی۔ آپ کا پربھاوت گرہ چندرمہ ترکون میں ہونا آپکے لئے سال بھر کی مانسک شانتی کا اشارہ کرتا ہے۔ اچھے اچھے وچاروں دلو خیالوں کو پرکٹ کرنا اور اُنہیں عملی روپ دینا اِس ورش میں آپ کا مُکھیہ کرتویہ ہوگا۔ دھن کی دشا اِس ورش بہت حد تک سُدھر جائے گی۔ جہاں کہیں بھی آپکا دھن رکا پڑا ہوگا۔ تھوڑا سا پریتن کرنے سے دھن سے متعلقہ ہر ایک سمسیا سُلجھ جائے گی۔ اگر آپ کوئی نیا کاروبار کرنا چاہتے ہیں یا موجودہ کاروبار کو وسعت دینا چاہتے ہیں۔ تو اِس ورش کو سنہری موقعہ سمجھئے۔ آپ ڈٹ کر کام میں جُٹ جائیں اور اِس ورش سے لابھ پراپت کریں۔ تھوک کا بیوپار کرنیوالوں کے لئے لابھ کے لحاظ سے یہ ورش ریکارڈ ہوگا جبکہ ٹھیکیداروں کا کام تعمیری کاموں سے ہوگا وہ فائدہ میں رہیں۔ لیکن اور جن کا کام سڑکوں پُلوں کی تعمیر و مرمت سے ہوگا اُن کے لئے یہ ورش دوڑ دھوپ کا ہوگا اور لابھ بھی مدھم ہی ہوگا۔ اگر آپ ملازمت کرتے ہیں تو یہ ورش آپکی پوزیشن اچھوا عہدہ کو

بڑھانے والا ہوگا۔ اگر آپ کی کوئی ترقی وغیرہ رُکی پڑی ہے تو ذرا سا پرشرم کرنے سے اوشیہ کامیابی ہوگی۔ ودیارتھیوں کے لئے گرہ انوکول نہیں ہیں۔ اگر آپ نے امتحان دینا ہے تو ۱۱ر نومبر کے بعد کا پروگرام سپھلدائیک ہوگا۔ ۱۱ر نومبر سے پہلے ودیا سمبندھت ہر کام میں سپھلتا مدھیم ہے۔ اِس کے بعد آپکو منو وانچھت کامیابی ہوگی۔ اگر آپ گرہستی ہیں اور لڑکے یا لڑکی کے وواہ کے متعلق کوئی کام آرمبھ کرنا ہو تو آپ اِس ورش ضرور کوشش کریں۔ یہ کام پوری شان و شوکت سے سرانجام ہونے کا یوگ ہے۔ اگر آپ نے اِس ورش ڈھیل کی تو دوسرے ورش یہ کام پورے ہونے کی اُمید مت رکھئے۔ اگر آپ کوئی تعمیری پروگرام بنائیں تو یہ ورش شُبھ رہے گا۔ پرنتو یہ بات نوٹ کرلیں کہ تعمیری پروگرام ۱۱ر نومبر تک شروع کردیں۔ تب تک برہسپتی آپ کے انوکول ہے۔ اِسی طرح اگر واہن وغیرہ کی خرید و فروخت درکار ہو تو یہ کام بھی ۱۱ر نومبر تک مکمل کیجیے۔ اِس ورش یاتراؤں کا پروگرام نہ بنائیں۔ یاترا میں نقصان کا اندیشہ ہے۔ کئی پرکار کی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کا وارشک پھلادیش ہم نے خاص طور پر برہسپتی کو پیش نظر رکھ کر لکھا ہے۔ اگر آپکا برہسپتی جنم پتری میں اچھی پوزیشن میں نہ ہو۔ یعنی چھٹے، آٹھویں اور بارھویں بھاؤ میں اتھوا مکر راشی کا نیچ راشی میں ہو تو ممکن ہے کہ اُوپر لکھے پھلادیش میں انتر پڑے۔ پھر بھی مجموعی طور پر یہ ورش کرکٹ راشی والوں کے لئے لابھ دائیک ہی ہے۔

اُپائے کے روپ میں آپ صبح سویرے اُٹھ کر اپنے کمرے کو دھوپ سے سوگندھت کرکے مندرجہ ذیل منتر کا ۱۰۸ بار روزانہ اُچارن کیا کریں:-

"ہرے رام۔ ہرے رام۔ رام۔ رام۔ ہرے ہرے :: ہرے کرشن، ہرے کرشن، کرشنا کرشنا ہرے ہرے"۔ اگر آپ گرہستی ہیں تو ہر اتوار کو وشنو جی اور برہسپتی ورت کا پالن کریں۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں تو گوروار کو آپ وشنو رہیں اور اُس دن صبح اُٹھ کر کسی بزرگ کے درشن کریں اور اُن کے چرنوں کو سپرش کرکے اُن سے آشیرواد لیں۔ یہ اُپائے ودیارتھیوں کو اپنانا چاہیئے۔ آپکی کامیابی یقینی ہے:

کرکٹ راشی کا ماسک پھل

اپریل:- شریر سکھ ادھم۔ آدرمان میں وردھی۔ بھائی بندھوؤں سے میل ملاپ۔ گھریلو حالات سازگار۔ شُبھ کاموں پر خرچ۔ دھارمک اتھوا سماجک کاموں سے دلچسپی۔ اِس مہینہ میں کوئی نیا کام آرمبھ نہ کیجئے کیونکہ اُس کا انجام ٹھیک نہیں ہوگا۔ ہر شُبھ کام گوروار اتھوا شکروار کو کریں۔ ۹-۱۰-۱۱ تاریخیں نقصاندہ۔ ۱۸-۱۹-۲۰ تاریخ کو شریر کے وشئے میں ساودھان رہیئے:

مئی:- اچانک کوئی شُبھ کام رچانے کا پروگرام بنے۔ اچانک کوئی شُبھ سندیش ملے، لابھ کا یوگ۔ اچانک سفر کا پروگرام بنے۔ اِس مہینہ میں دھن تتھا کنبھ راشی والوں سے ساودھان رہیئے، ۱۶-۱۷ مئی کو شریر کے وشئے میں ساودھان رہیئے۔ اِن دو دنوں میں چوٹ یا حادثہ کا خطرہ ہے:

جون:- گھریلو واتاورن اشانت رہنے سے مانسک اشانتی۔ اگر آپ بیوپاری ہیں تو لابھ میں رُکاوٹ۔ کسی دوست اتھوا رشتہ دار سے دھوکہ ملنے کا اندیشہ۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو کسی سمبندھت افسر سے ناچاکی۔ اچانک الزام لگنے کا اندیشہ:

جولائی:- شریر کے متعلق ساودھان رہیئے اگر آپ گرہستی ہیں تو گھر کے [illegible]

پریشانی بنی رہے گی۔ آمدنی کے نظریہ سے یہ مہینہ مدھیم رہے گا۔ اگر آپ بیوپاری ہیں تو بیوپار میں رکاوٹ اتھوا نقصان کا اندیشہ۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو یہ ماس بھی پریشانی اور دوڑ دھوپ میں ہی گذریگا۔ ۲۷-۲۸-۲۹-۳۰ تاریخیں ناقص رہیں گی۔

اگست:- دوڑ دھوپ ادھک۔ پرنتو انت میں ہر کام میں کامیابی۔ خرچ کی بھرمار۔ آمدنی حسب معمول۔ بھائی بندھوؤں اور رشتہ داروں سے میل ملاپ میں وردھی۔ دھارمک اتھوا سماجک کاموں میں مصروفیت۔ شریر سُکھ ادتم ؛

ستمبر:- نئی نئی سمسیائیں کھڑی ہوں گی۔ پرنتو اکثر سمسیاؤں کا حل خود بخود نکل آئیگا۔ آمدنی مضبوط۔ پرنتو خرچ کھلے دل سے ہوگا۔ یاترا کا یوگ۔ گھر میں مہمانوں کی سیوا میں مصروفیت۔ مترو ں رشتہ داروں کے ساتھ میل جول میں وردھی۔

اکتوبر:- یہ مہینہ سنگھرش تتھا دوڑ دھوپ میں گذریگا۔ اچانک کوئی اُلجھن کھڑی ہوگی جو مانسک اشانتی کا کارن بنے گی۔ کھانے، پینے اور کھلانے پلانے تتھا پارٹیوں میں سمّلت ہونے کے اوسر ملیں گے۔

نومبر:- اچانک کوئی ترقی اتھوا لابھ کا یوگ بنے۔ شبھ کاموں میں خرچ۔ کوئی تعمیری کام رچانے کا پروگرام بنے۔ اچھے پرشوں سے ملنے جلنے کا موقعہ ملے۔ لیکن آمدنی میں کوئی اضافہ نہ ہوگا ؛

دسمبر:- وروِدھیوں اتھوا دشمنوں کا خود بخود صفایا ہوگا۔ گرہستی ہونے پر سنتان پکچھ سے سُکھ ملے۔ استری کی طرف سے سُکھ۔ آمدنی میں اضافہ۔ پرنتو سب پرکار کے سُکھ ملنے پر بھی مانسک پریشانی بنی رہے گی۔

جنوری:- یہ نئے ورش کا پہلا مہینہ آپ کیلئے شبھ سندیش لے کر آیا ہے۔ آپ جو کام بھی آرمبھ کریں گے وُہ ادشیہ کامیاب ہوگا۔ اِس مہینہ میں یاترا کے تجارت طور پر بنائیے۔ یاترا کے انوکُول گرہ ہیں۔ کام کا بوجھ ادھک پڑنے پر بھی آپ ہر کام اچھے سے سرانجام دے سکیں گے ؛

فروری:- خوشی کا کوئی سماچار ادشیہ ملیگا۔ ورِدھی دل آپکی شانتی تتھا سُکھ کو بھنگ کرنے میں لگا رہیگا۔ جلد بازی سے کوئی کام نہ کریں۔ آپ کے لئے اِس مہینہ میں گھر سے باہر رہنا مانسک شانتی کے لئے موزوں رہے گا۔

مارچ:- پریوار میں کوئی جھگڑا کھڑا ہوگا۔ جو آپ کیلئے پریشانی کا کارن بنے گا۔ آرتھک لابھ کے لئے یہ مہینہ ادتم رہے گا۔ خرچ کی بھی نئی نئی یوجنائیں بنتی رہیں گی۔ آدربان کے نظریہ سے بھی یہ مہینہ بہتر رہیگا۔ شریر سُکھ ادتم رہے گا ؛

سہم راشی کا سوبھاؤ

سہم راشی والا اودیوگی۔ دھنی تتھا فراخدل ہوتا ہے۔ خصوصاً ملازمت پیشہ ہوتا ہے۔ نوکری میں بیوپار کی نسبت زیادہ کامیاب رہتا ہے۔ بیوپاری ہونے پر کسی کے سہارے اتھوا کسی سے مِل جُل کر کام کرنیوالا ہوتا ہے۔ اپنی جنم بھومی سے عام طور پر دُور رہتا ہے۔ بڑے پریوار میں، جہاں بال بچے بہت ہوں، جنم لیتا ہے اور زندگی کے آخری ایام تک بڑے پریوار میں ہی جیون بسر کرتا ہے۔ دھن بہت کماتا ہے۔ پرنتو دھن کا بہت سا حصّہ اپنائے کا ہوتا ہے اور بہت سا دھن فضول خرچ کرتا ہے۔ کھانے کھلانے کی پرورتی ادھک ہوتی ہے۔ سہم راشی والے کا شریر سدڈول

دیکھنے میں منضبوط ہوتا ہے۔ پرنتو خون کی خرابی امراض میں مبتلا رہتا ہے۔ اور زندگی میں ایک ادھ بار چیر پھاڑ کی بھی نوبت آجاتی ہے۔ شندر وستر اور شندر رہن سہن کی پرورتی والا ہوتا ہے۔ اپنی تعریف تتھا پرشٹھا بنانے کا خواہشمند ہوتا ہے سماج میں سرشیٹھ پد پراپت کرنے کی اچھیا کے باوجود اس میں اسپھل رہتا ہے۔ درڑھ سنکلپ والا ہوتا ہے۔ ایک بار جو سوچ لیتا ہے اس پر اٹل رہتا ہے۔ سہم راشی والا سنتوں، فقیروں کی سیوا کرنیوالا ہوتا ہے۔ ابھیمانی تتھا آتم وشواسی ہونے کے کارن جھکنے کی نسبت ٹوٹنا پسند کرتا ہے۔ اپنی تعریف شنکر آپے سے باہر ہونیوالا۔ اچھی سوسائٹی میں بیٹھنے والا۔ بچپن میں بُری سوسائٹی سے بہت ہانی اٹھانے والا۔ جوانی میں عیش و عشرت کی پرورتی والا ہوتا ہے۔ پورو جنم کے سنسکاروں کی وجہ سے اچانک کسی مہاتما کا انوگرہ پراپت کرتا ہے۔ شیر کی بھانتی ہر ایک کو دبائے رکھنے کا عادی ہوتا ہے۔ جو ایک بھاری دوش ہوتا ہے۔ آپ پتا کی نسبت ماتا کے ادھک بھگت ہوتے ہیں۔ جیون کا پہلا بھاگ سنگھرش تتھا دوڑ دھوپ میں۔ دوسرا حصہ عیش و عشرت میں اور آخری حصہ شانت داتا ورن میں گذرتا ہے۔ آپ کی بینی ہٹھی سو بھاؤ کی ہونے پر بھی دھارمک وچار دھارا کی ہوتی ہے۔ سہم راشی والا سہن شیل مستقل مزاج۔ بدلہ نہ لینے کی پرورتی والا۔ وشواس پاتر تتھا ایماندار ہوتا ہے۔ جو کچھ دل میں ہوتا ہے وہ منہ پر کہہ دیتا ہے۔ خواہ سننے والا ناراض ہو جائے۔ سہم راشی والا دانی تتھا پروپکاری ہوتا ہے۔ کسی کمپنی یا فرم کا پردھان بنکر سپھل رہتا ہے۔ سنتان بہت ہوتی ہے پرنتو ان سے حسبِ خواہش سکھ حاصل نہیں ہوتا۔ زندگی کے ۵ ویں۔ ۲۷ ویں اور ۳۰ ویں

ورش میں شریر کشٹ جو کال ارشٹ بھی بن سکتا ہے۔ ان کشٹوں کے گذر جانے پر آیو لگ بھگ ۷۰ ورش کی ہوتی ہے۔ پیلے اور ہلکے نارنگی رنگ کے وستر آپ کے لئے شبھ ہیں۔ آپ کیلئے شبھ رتن "مانکیہ" ہوتا ہے۔

سہم راشی کا ورش پھل

۱۹۸۲ء ۲۱ ستمبر کو آپکی ساڑھستی سماپت ہوگی۔ ورش کے آرنبھ میں بھی آپکی گرہ ستھتی اچھی نہیں ہے۔ جس کے پھل سروپ یہ ورش بھی سنگھرش تتھا دوڑ دھوپ میں گذریگا شریر کی عام طور پر پریشانی رہے گی۔ اگر دیو یوگ سے آپکا شریر ٹھیک رہا۔ تو بھی پریوار کے کسی ممبر کا شریر آپ کے لئے پریشانی کا باعث بنے گا۔ ادپائے کے روپ میں دوائی کی نسبت پرہیز مفید ثابت ہوگا۔ خاص طور پر تموگنی پدارتھوں کا پریوگ نہ کریں۔ گرہستی ہونے پر برہمچاری ورت کا پالن کریں۔ اتوار، منگلوار کو ویشنو رہیں۔ اس ورش آپ کے دھن کی دشا سنتوش جنک نہیں ہوگی۔ بلکہ کمایا ہوا دھن بھی خرچ کرنا پڑے گا۔ اگر آپ کوئی تعمیری کام نئے سرے سے کرنا چاہتے ہیں تو وہ کام ادھورا ہی لٹکتا رہیگا اور آپ کے لئے پریشانی کا موجب ہوگا۔ اگر آپ کاروبار کرتے ہیں تو کاروبار کی ستھتی بھی اس ورش ڈانواں ڈول رہیگی۔ محنت حد سے زیادہ کرنی پڑے گی۔ لیکن محنت کے مطابق پھل پراپت نہ ہوگا۔ کاروبار سمبندھت کوئی بھی کام بغیر الجھنیں سلجھائے حل نہیں [illegible] کام کو سرانجام دینے میں مقررہ وقت سے ادھک سمیہ لگیگا۔ نوکری پیشہ وا[illegible]

ورشس گرہ سمتھتی آپ کو شانتی کا دم نہیں لینے دیگی۔ شتروؤں کا زور رہے گا۔ اچانک جھگڑے کھڑے ہوں گے۔ آپ کو دیانتداری تتھا ایمانداری سے اپنی ڈیوٹی دینی چاہیئے اچانک کوئی الزام لگنے کا خدشہ۔ سب پرکار کی پریشانیوں سے دوچار ہونے کے باوجود آرتھک لحاظ سے یہ ورشس ادتم ہی رہیگا۔ کرور گرہوں کے کرور پربھاد کا زور ۲۱ ستمبر تک رہیگا۔ ۲۱ ستمبر کے بعد ہی آپکو شانتی نصیب ہوگی۔ آپ کی ساڑھ ستی ۲۱ ستمبر کو ہی سماپت ہوگی اور سنیچر لگ بھگ اڑھائی ورشس کیلئے آپکو تیسرے بھاد میں اچیتہ راشی کا آئیگا۔ جس کے بارے میں گوچر پھلت شاستروں میں درج ہے۔ آپ کے سُکھ میں وردھی ہوگی۔ ہر کام میں کامیابی ہوگی۔ شتروؤں پر وجیئے ہوگی۔ آئے، دھن کا لابھ ہوگا۔ جائیداد، زمین وغیرہ کا لابھ ہوگا۔ ۱۱ نومبر سے آپ کو چوتھا برہسپتی آرہا ہے۔ گرہ دشا شدھ ہونے پر بھی ۱۱ نومبر سے آپکو برہسپتی چوتھے بھاد میں آرہا ہے۔ جو آپ کے ہر تعمیری کام اتھوا کوئی ترقی حاصل کرنے میں کچھ نہ کچھ بادھا ڈالتا رہے گا۔ اِس ورشس جتنا بھی ہوسکے گھر سے باہر رہنے کا پروگرام بنائیں۔ اتھوا یاترا کی یوجنائیں بنائیں یاترا اِس ورشس آپ کیلئے فائدہ مند رہیگی اور ساتھ ہی شانتی کا کارن بھی بنے گی۔ اگر آپ اِس ورشس گھر میں کوئی مہوتسو رچانے کا پروگرام بنائیں گے۔ جسمیں ادھک ماترا میں دھن کا خرچ ہوگا۔ آپ ایسے کام سرانجام دینے میں بھی کامیاب ہوجائیں گے۔ ودیارتھی ورگ کے لئے یہ ورشس قدرے ٹھیک رہے گا۔ بشرطیکہ ودیارتھی دل سے پڑھائی میں لگے رہیں گے۔ ودیارتھیوں کو سوچیت رہے کہ آپ کے گرہ اتنے بلوان نہیں ہیں کہ آپ ہاتھ پر ہاتھ دھر کر بیٹھ جائیں اور آپ سپھل ہوجائیں بلکہ آپ کو کٹھور محنت کرنے پر ہی گرہ آپکو سپھلتا دیں گے۔ سمبھو ہے کہ ۲۱ ستمبر سے پہلے سنیچر آپکو کچھ شاریرک کشٹ دے یا نقصان پہنچائے۔ اِس لئے لازم ہے کہ ۲۱ ستمبر سے پہلے طول میں ہر روز کھانا کھانے سے پہلے کچھ بھاگ اُٹھا کر مچھلیوں کو ڈالیں۔ اگر سنیچر پربھاد سے آپ تنگ آئے ہیں تو اس کشٹ سے چھٹکارا پانے کے لئے مچھلیوں کو آٹا ڈالیں

سہم راشی کا ماسک پھلادیش

اپریل:۔ اِس مہینہ میں دوڑ دھوپ ادھک دوستوں، رشتہ داروں تتھا مہمانوں کی آمد ورفت میں مصروفیت۔ آمدنی حسبِ معمول، پرنتو خرچ کی ادھکتا۔ کسی دوست اتھوا کسی رشتہ دار سے اچانک ناراضگی۔ بیوپار ورگ کیلئے سنگھرش ادھک لابھ مدھیم۔ نوکری پیشہ والوں کیلئے یہ مہینہ حسبِ معمول چلتا رہیگا۔ ودیارتھیوں کو ہر کام میں کامیابی ملے

مئی:۔ شریر میں اچانک کمزوری۔ رات دِن کام میں لگے رہنے کی پرورتی۔ زمین اتھوا جائیداد کے کاموں میں دھن کا خرچ۔ کوئی مہوتسو یا تعمیری کام رچانے کا پروگرام بنے۔ ہر پیشہ ورگ کیلئے یہ مہینہ خرچ کا ہی ہے لابھ کا نہیں۔ سماجک اتھوا دھارمک کاموں کاموں میں حصہ لینے کا موقعہ ملے۔ بھائی بندھوؤں، رشتہ داروں کے میل ملاپ میں بھی اضافہ ہوگا۔ اگر اِس ماہ میں کوئی شبھ کام کرنا ہو تو وُہ شکروار کو کریں۔ شکر کا دِن اِس مہینہ میں آپ کیلئے شبھ ہے۔

جون:۔ اِس ماس کے پہلے دس دِن ہر پرکار سے مدھیم رہیں گے۔ آمدنی کم۔ شریر سکھ مدھیم۔ گھریلو سکھ بھی کم۔ بیوپاری ہونے پر بیوپار مدھیم۔ نوکری پیشہ ہونے پر آپ جس کام میں بھی خواہ کتنی محنت کریں وہ کام ادھورا ہی رہیگا۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں تو آپکا ہر کام سُست رفتاری سے چلیگا۔ لگ بھگ ۱۰ جون سے آپکی آمدنی میں انقلاب آئیگا۔

جولائی :۔ ودّیا سمبندھت ہر کام میں کامیابی۔ پڑھنے لکھنے کی پرورتی میں ودّیارتھیوں کی دلچسپی میں وردھی ہوگی۔ گھریلو واتاورن شانت رہے گا۔ وواہت ہونے پر سنتان سُکھ۔ اِس مہینہ میں ادشیہ کوئی شبھ سندیش ملے۔ اچھے پُرشوں سے مِلنے جُلنے کا موقعہ ملے۔ بیوپاری ورگ کیلئے کافی دوڑ دھوپ کے باوجود یہ مہینہ نقصان دہ ثابت ہوگا۔ کوئی بھی شبھ کام بدھوار یا گوروار کو کریں۔

اگست :۔ دشمنوں کا غلبہ۔ چوٹ کا بھے۔ یاترا کی سمبھاونا۔ آرتھک دشا میں سُدھار۔ دربار اتھوا کاروبار میں ترقی۔ کوئی شبھ کام رچانے کا پروگرام۔ گھر کے کِسی ممبر کیطرف سے پریشانی بنی رہے گی۔ اپنی صحت کے بارے میں ساودھان رہنا ضروری ہے۔ خاص طور پر ۳۰۔۳۱ اگست دو دن منحوس ہیں۔

ستمبر :۔ اِس مہینہ میں آلسیہ کی ادھکتا۔ کام نہ کرنے کی پرورتی۔ آمدنی کے مارگوں میں رُکاوٹ۔ خرچ کے دروازے کھُل جائیں گے۔ آمدنی کی نسبت خرچ کی ادھکتا۔ اِس مہینہ میں کچھ نقصان کا اندیشہ۔ جو کِسی دوست یا رشتہ دار کے ذریعے ہوگا۔

اکتوبر :۔ یہ مہینہ آپ کیلئے شبھ ہے۔ اِس ماہ آپ کے کام کاج کی کایا پلٹ جائیگی ہر آرمبھ کئے کام میں سپھلتا ملیگی۔ ودّیارتھیوں کو اِس سے اگلا مہینہ ردشن بھوشیہ والا ثابت ہوگا۔ کوئی مہوتسو رچانے کا پروگرام بنے۔ بہت دیر سے رُکے ہوئے کام خود بخود سِدھ ہو جائیں گے۔

نومبر :۔ یہ مہینہ ہر پرکار سے سُکھ شانتی کے ماحول میں گذریگا۔ گھریلو حالات موافق ہونگے۔ گرہستی ہونے پر سنتان پکھ سے شبھ سندیش ملے۔ بیوپاری طبقہ بھی لابھ میں رہیگا۔ ملازمت پیشہ لوگوں کے لئے بھی یہ مہینہ سُکھ، شانتی تتھا عزت میں اضافہ کا موجب ہوگا۔ الغرض یہ مہینہ ہر پہلو سے آپ کے لئے شبھ رہے گا۔

دسمبر :۔ کوئی تعمیری کام رچانے پر دھن کا خرچ۔ اتھوا کوئی مہوتسو منانے کا پروگرام اور اُسمیں دھن کا خرچ۔ شریر سُکھ کیلئے یہ مہینہ اوتم ہے۔ گرہست پکھ سے شانتی زمین اتھوا جائیداد سمبندھت کوئی سمسیا کھڑی ہوگی۔ جو اشانتی کا کارن بنے گی۔

جنوری :۔ یہ نئے ورش کا پہلا مہینہ آپ کیلئے کوئی شبھ سندیش لیکر آئیگا۔ جس کام میں آپکا ہاتھ ہوگا۔ اُسمیں لازماً کامیابی ہوگی۔ شریر سُکھ اوتم رہے گا۔ گرہست پکھ سے مانسک شانتی۔ رُکے کاموں کے حل کا ذریعہ بن جائیگا۔ شبھ کاموں پر خرچ ہوگا آمدنی کے ذرائعوں کو وسعت ملیگی۔

فروری :۔ اچانک کوئی شبھ سندیش ملے۔ با پوزیشن لوگوں سے میل ملاپ۔ کھانے پینے اور کھلانے پلانے کی پرورتی اور اُس میں دھن کا خرچ۔ کوئی شبھ کام سرانجام دینے کا پروگرام بنے۔ انتم ہفتہ میں کوئی شبھ سندیش ملے۔ شریر سُکھ اوتم۔ گرہستی ہونے پر سنتان پکھ سے مانسک شانتی۔

مارچ :۔ شریر سُکھ مدھیم۔ گرہست پکھ سے شانتی۔ آمدنی کے لحاظ سے یہ مہینہ اُتم رہیگا۔ بیوپاری ہونے پر بیوپار میں وسعت۔ بھائی بندھوؤں سے میل ملاپ میں وردھی شبھ کاموں پر دھن کا سارتھک خرچ۔ انتم ہفتہ میں کِسی دوست یا رشتہ دار سے دھوکہ کھانے کا اندیشہ۔ ساودھان رہیئے۔

کنیا راشی کا سوبھاؤ

کنیا راشی والا بھاگیہ شالی ہر فن میں ماہر۔ دھن، مکان، بھومی، ایشوریہ اور ... کو

والا ہوتا ہے۔ ہر کام کو اُتساہ اور لگن سے کرتا ہے۔ کٹھور ہردیہ ہونے پر بھی اپنے پریوار تھا سمبندھیوں سے ہمدردی رکھتا ہے۔ لڑائی، جھگڑوں اور الجھنوں کو سلجھانے میں خاص مہارت رکھتا ہے۔ جاتی بھید بھاؤ کو بالائے طاق رکھ کر ہر منش سے یکساں سلوک کرتا ہے۔ دھرم کے کاموں میں آستھا رکھنے والا ہوتا ہے۔ دوسروں کے راز کو سمجھ لینے کی سوجھ بوجھ رکھنے والا اپنا بھید چھپائے رکھنے والا۔ باکھنڈی۔ دھوکہ باز، آپے سے باہر ہونے والا اور چالاک قسم کا ہوتا ہے۔ ضرورت کے وقت ہر قسم کے حربے استعمال کر کے اپنا مطلب نکالنے والا۔ آپ کا آرنبھ کا جیون سنگھرش سے بھرپور ہوتا ہے۔ یہ لوگ جیسے جیسے آگے بڑھتی ہے ویسے ویسے دھن تھا ایشور یہ کے سوامی بنتے ہیں اور ماتا پتا کی سمپتی سے محروم رہتے ہیں سمپتی پراپت کرنے میں مقدمہ بازی کی بھی سمسیا دنا ہے۔ بھائی بہن بہت ہوتے ہیں نشیلے پدارتھوں سے پرہیز کرتے ہیں اور چرتر کو بچائے رکھنے میں آچھل رہتے ہیں آپکی استری کنجوس شیریں زبان تھا سندر ہوتی ہے۔ پتی پتنی میں اکثر تناؤ رہتا ہے دو وواہ کی سمبھاونا ہوتی ہے۔ کسی رشتہ دار سے نہ کوئی سہیوگ ملتا ہے اور نہ ہی سہایتا۔ آپکے دوست بہت ہوتے ہیں اور وہی آڑے وقت میں کام آتے ہیں سچے اور [illegible] دو دوست رکھنے کے باوجود کسی دوست سے ہی جیون میں ایک بار دھوکہ [illegible] کا اندیشہ [illegible] رہتا ہے۔ شریر سے آپ کمزور ہوتے ہیں۔ پھیپھڑے اتھوا پیٹ میں روگ ہو سکتا ہے۔ اگر آپ بیوپاری ہیں تو غلط طریقے اتھوا دھوکہ سے دھن کمانا آپ کیلئے نقصان دہ ہو سکتا ہے۔ دھن کمانے میں آپ ماہر ہوتے ہیں اور خاص طور پر محنت کی بجائے بدھی بل سے دھن کماتے ہیں۔ اگرچہ آپ جیون میں بہت دھن کماتے ہیں لیکن فضول خرچ ہونے کی وجہ سے بعض اوقات تنگدست بھی رہتے ہیں۔ طویل سیر و سیاحت، مہمان نوازی، گھومنا پھرنا، دوستوں کی قربت، پارٹیوں میں دھن خرچ کرنا آپ کے جیون کا ایک خاص وصف ہوتا ہے۔ کسی کے گن، دوش پرکھنے میں آپ کی نظر تیز ہوتی ہے۔ آپ کی بول چال میٹھی تھا مدھر ہوتی ہے۔ آپکو کنبھ اور دھن راشی والوں سے دھوکہ ملتا ہے مگر مکر راشی والوں سے لابھ ملتا ہے آپ کیلئے بدھ وار شبھ دن ہے۔ ہرا، پیلا، نیلا تھا انگوری رنگ کا وستر پہننا آپ کے لئے شبھ ہوتا ہے اور سنکٹ کے سمیہ گنیش جی کا پوجن اور سمرن کرنا لابھ کاری ہوتا ہے۔ سنکٹ موچن کا ورت رکھنا آپ کے لئے شبھ ہے۔ آپکا شبھ رتن "پنا" ہے

کنیا راشی کا ورش پھل

۱۹۹۴ء کے دسمبر تک آپکی ساڑھے ستی چلتی رہے گی سنیچر دکھ دینے والا گرہ ہے۔ اسلئے کنیا راشی والوں کو اس کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار رہنا چاہئے۔ پرنتو ۲۱ستمبر کو سنیچر کنیا راشی سے نکل کر تلا راشی میں آئیگا۔ جو سنیچر کی اُچّ راشی ہے۔ اس کے پھل سوروپ ۲۱ستمبر تک آپکو ہر کشٹ کا سامنا کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ اگر دیو لوگ ہے اتھوا جنم پتری کے شبھ گرہوں کے پربھاو سے آج تک آپ شریر سے سوستھ ہیں تو بھی ۲۰ستمبر تک جبکہ سنیچر راشی بدلیگا آپ اپنے شریر کے متعلق خبردار رہیں۔ نوٹ کرلیں اگر آپکی جنم وار سنیچر ہے تو ۲۱ستمبر سے پہلے پہلے آپ نو گرہ پوجن کرائیں اگر ہو سکے تو کالے

ماش، موٹھ۔ لوہا، تیل وغیرہ سے تُلادان کریں۔ گرہستی ہونے پر آپکو گرہست پکھ سے بھی نئی نئی سمسیائیں درپیش آئیں گی۔ گھر کے کسی نہ کسی ممبر کیطرف سے پریشانی بنی رہے گی۔ کاروبار کے بارے میں بھی آپکو چوکس رہنا ضروری ہے۔ کاروبار میں نئے سِرے سے ادھک دھن لگنے کا پروگرام نہ بنائیں بلکہ پرانے کاروبار کو ہی سنبھال کر رکھنے میں ساودھان رہئیے۔ نوکری پیشہ والے لوگوں کو بھی سنیچر اپنے گھیراؤ میں لائے بنا نہیں رہیگا۔ رُکا ہوا کام پریتن کے باوجود جُوں کا تُوں رہیگا اور ساتھ ہی نئی سمسیائیں بھی سامنے آئیں گی۔ ودیارتھی ورگ کے لئے بھی سنیچر اپنا پربھاو دکھائے بنا نہیں رہیگا۔ پڑھنے لکھنے میں دلچسپی کم۔ آلسیہ کی ادھکتا۔ ودیا سے متعلق ہر کام میں بادھا۔ اگر آپ کوئی تعمیری کام کرنا چاہتے ہیں تو ۲۱ ستمبر تک یہ تو پروگرام بنانا ممکن نہ ہوگا۔ اگر شروع بھی کردیا جائے تو درمیان میں لٹکتا رہیگا۔ اگر آپ نے کوئی مہوتسو منانے کا پروگرام بنانا ہو تو اُس کا پروگرام بھی ۲۱ ستمبر کے بعد کا ہی بنائیں۔ ۱۱ نومبر کو برہسپتی ورچک راشی میں آئیگا۔ جو آپکو گوچر سے تیسرا ہوگا۔ جس کے بارے میں گوچر پھلت میں درج ہے کہ شاریرک پیڑا ہوتی ہے کوٹمبیوں سے جھگڑا ہوتا ہے۔ روزگار میں رُکاوٹ آتی ہے۔ نوکری سے برخاست ہونے تک کی نوبت آسکتی ہے۔ دھن اور مان میں ہانی ہوتی ہے۔ یاترا لابھدایک نہیں ہوتی۔ ۲۱ ستمبر ۱۹۸۲ء سے سنیچر گوچر سے آپکو دوسرے بھاو میں آئے گا گوچر سے دوسرا سنیچر بھی ناقص ہی مانا جاتا ہے۔ جیساکہ گوچر پھلت شاستروں میں درج ہے۔ بنا وجہ کے جھگڑے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اپنے ہی دوست اتھوا سمبندھی شترو بن جاتے ہیں۔ دھن کی ہانی ہوتی ہے۔ کسی کام میں سپھلتا نہیں ہوتی۔

شریر کشٹ ہوتا ہے۔ استری کیطرف سے اشانتی بنی رہتی ہے۔ یہاں تک کہ اُس کی طرف سے کال اریشٹ تک بھی ہو سکتا ہے گھر سے دُور رہنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے اگرچہ دُوسرے بھاو سے سنیچر کے بارے میں ایسا ناقص پھلادیش درج تو ہے پرنتو تُلا راشی میں اُچیہ کا سنیچر ہونے سے سنیچر اتنا پربھاوشیل نہیں رہیگا جیسا کہ ہم اوپر لکھ بھی چکے ہیں بلکہ سنیچر کے تُلا راشی میں آنے سے اگر آپ کاروبار کرتے ہیں تو اُس میں ترقی کی جھلک دکھائی دینے لگیگی۔ آہستہ آہستہ آپ کا کاروبار ترقی کی جانب گامزن ہوگا خاص طور پر اگر آپ لوہے یا تیل وغیرہ کا کاروبار کرتے ہیں یا آپ مشینری سے سمبندھت کاروبار سے تعلق رکھتے ہیں تو اُس کام میں لابھ ہونا یقینی ہے۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو اُس میں بنا کسی رُکاوٹ کے ترقی کا یوگ ہے۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں تو ۲۱ ستمبر ۱۹۸۲ء تک محنت کرنے پر بھی آپکا سپھل ہونا ناممکن ہے۔ ۲۱ ستمبر کے بعد آپ لگن سے محنت کیجئے آپکی کامیابی یقینی ہے۔ اگر ۲۱ ستمبر کے بعد آپ کوئی تعمیری کام یا جائیداد سے متعلقہ کوئی کام کرنا چاہتے ہیں تو وُہ کام رُکاوٹوں کے باوجود آخر کار سرانجام ہو جائے گا۔ اگر آپ یاترا کا کوئی پروگرام بنا رہے ہیں تو اگر ممکن ہو تو اُسے ملتوی کردیں۔ کیونکہ اِس ورش کوئی بھی یاترا آپ کے لئے مفید ثابت ہونے کی بجائے پریشانی کا کارن بنے گی۔ سنیچر کے راشی بدلتے ہی آپ کی آرتھک دشا میں سُدھار ہونا شروع ہو جائے گا اور آپ کے کام کاج کا نیا دَور شروع ہوگا۔ پرنتو دوسرے بھاو میں سنیچر کے ہونے سے خرچ کی نئی نئی یوجنائیں بنتی رہیں گی۔ پرنتو تُلا راشی میں سنیچر ہونے سے خرچ عام طور پر سارتھک ہوگا۔ دھن کا بہت سا حصہ [illegible] بہنوں اور رشتہ داروں کی سہائتا تتھا سیوا کرنے اور کھانے پلانے [illegible]

دھارمک تھا سا جک کاموں سے دلچسپی کی کمی رہے گی۔ اِس درش کوئی شُبھ کام آرمبھ کرنا ہو بدھ وار اتھوا شکروار کو کریں۔ اگر کسی وقت آپ کو کسی قسم کا کشٹ ہو تو آپ اُدیا ئے کے رُوپ میں کنیا پُوجن کریں اور کنیاؤں کو کھیر و ستر، دکھشنا وغیرہ سے سنتشٹ کرنے سے آپ کے ہر کشٹ دُور ہوں گے۔

کنیا راشی کا ماسک پھل

اپریل :۔ آپ ساودھان رہیئے کوئی قیمتی وستو گُم ہونے کا یوگ ہے۔ شریر کی پریشانی بنی رہے گی۔ اگر آپ واہن وغیرہ چلاتے ہیں۔ تو اگر ہو سکے منگلوار کو نہ چلائیں۔ چوٹ لگنے کا بھے ہے۔ اگر آپ منگلوار کو واہن چلانے پر مجبور ہیں تو دکھشن کی طرف نہ چلائیں۔ گھر میں بھی کوئی پریشانی بنی رہے گی۔ گرہستھ سُکھ میں استری کچھ یا سنتان پکھ سے مانسک شانتی۔ اِس ماہ کی ۴۔ ۵۔ ۶ کو ۲ ال چندرمہ ہونے سے نقصان کا خطرہ ۔۲۳۔ ۲۴۔ ۲۵ کو آٹھواں چندرمہ شریر کشٹ۔

مئی :۔ اِس مہینہ میں بُدھ اور شُکر نے راشی بدلی ہے۔ ساتویں شکر کا ہونا گوچر سے شُبھ نہیں مانا جاتا۔ دُوسرے بھاؤ میں بُدھ ہونے سے آرتھک نظریہ سے یہ مہینہ اُتم رہے گا۔ اچانک کچھ لابھ ملے۔ ساتواں شکر گھریلو پریشانیوں کے بڑھانے کا کارن بنے گا۔ بھائی بندھوؤں کے ساتھ اچانک ناراضگی، گرہستی ہونے پر استری کے شریر کے بارے میں ساودھان رہیئے۔ ۱۰۔ ۱۱۔ ۱۲۔ ۱۳ مئی کو چوتھا چندرمہ ہونے سے اِن دنوں میں کوئی جھگڑا ہو کا ساودھان رہیئے۔

جُون اِس مہینہ میں آپ کو آٹھواں تھا نواں شکر آئیگا۔ گوچر سے آٹھواں شکر اُتم مانا گیا ہے۔ آٹھواں شکر شریر کو سوستھ رکھیگا۔ آن، دھن کی ورِدھی ہوتی بڑھے گا۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں تو ودیا سمبندھت کاموں میں عام طور پر کامیابی۔ اگرچہ شکر کا پربھاؤ آپ پر اُتم رہے گا۔ پھر بھی سنیچر اپنے پربھاؤ سے مانسک شانتی بنائے رکھیگا۔

جولائی :۔ اِس ماہ میں یاترا کا کوئی پروگرام نہ بنائیں ورنہ مصیبت کا سامنا کرنا پڑیگا خواہ آپ کاروبار کرتے ہیں یا ملازمت پیشہ ہیں اپنے فرض کی انجام دہی میں لاپرواہی نہ کریں ورنہ مان ہانی کا اندیشہ ہے۔ چھوٹی موٹی باتوں پر زیادہ توجہ نہ دیں ورنہ جھگڑے بڑھیں گے۔ یہ مہینہ عام طور پر دوڑ دھوپ کا ہوگا اور سنگھرش میں ہی گذر یگا۔ آمدنی کے لحاظ سے یہ مہینہ مدھم اور خرچ کیلئے اُتم رہے گا۔

اگست :۔ یکایک نئی پریشانیاں کھڑی ہوں گی اور کام کا بوجھ بھی ادھک پڑیگا خرچ کی زیادتی سے تنگدستی کا شکار ہونا پڑے گا۔ بھائی بندھوؤں، رشتہ داروں تھا دوستوں کی آمد میں اضافہ ہوگا۔ اپنے اتھوا گھر کے کسی ممبر کی شریر پریشانی بنی رہے گی۔ ۱۔ ۲۔ ۳ اور چوتھا چندرمہ ہونے سے مانسک اشانتی۔ ۸۔ ۹۔ ۱۰ تاریخ کو آٹھواں چندرمہ ہونے سے شریر کے متعلق ساودھان رہیئے۔ یہ تین دن مان ہانی کا بھی اشارہ کرتے ہیں اسلیئے ساودھان رہیئے۔

ستمبر :۔ ہاتھ میں آئے ہوئے کام ہاتھ سے چلے جائیں گے۔ کوئی بھی کام مکمل طور پر سُدھرنے اتھوا سِدھ ہونے کا یوگ اِس مہینہ میں نہیں ہے۔ خرچ کی نئی نئی یوجنائیں بنتی رہیں گی۔ خرچ زیادہ تر فضول ہی ہوگا۔ آمدنی حسب معمول رہے گی۔ دائیں تو کہ اِس ماہ اپنے دوستوں اور رشتہ داروں سے ملنے جُلنے کا پرتین نہ کریں۔ زیادہ ملنا

جُلنا آپ کیلئے اشانتی کا باعث ثابت ہوگا - ۷ ویں ۸ ویں چندرمہ ہونے سے شریر کے سنبندھ میں آپ کو ساودھان رہنا چاہیئے - چوٹ کا بھے ہے ؛

اکتوبر :- آپ کی گرہ سستھتی بھی اس مہینہ میں قدرے سُدھرے گی اور طول راشی میں سنیچر بھی آنے گا - سنیچر اور برہسپتی کی یوتی ہوگی - اِس بلے جُلے یوگ کے مطابق اِس مہینہ میں آپ کے کام کاج میں سُدھار ہوگا - ہر آرمبھ کئے کام میں سپھلتا ہوگی - کوئی شُبھ تیرتھ یاترا جانے کا پروگرام بنے - گھریلو واتاورن بھی شانت رہے گا - دھارمک اتھوا سماجک کاموں سے دلچسپی رہے گی ؛

نومبر :- دوسرے بھاو میں پانچ گرہوں کا سمیوگ - سنگھرش تتھا دوڑ دھوپ کا سُوچک ہے - آرتھک سنکٹ سے دوچار ہونا پڑیگا - گھریلو واتاورن اشانت رہے گا - اگر یاترا کا پروگرام بناؤ گے تو نقصان میں رہو گے - گرہستی ہونے پر سنتان پکھ سے اشانتی رہے گی - چوتھا منگل ہونے سے شترؤں سے خبردار رہیئے - زمین یا جائیداد سے سمبندھت کوئی سمسیا کھڑا ہونے کا اندیشہ - ۱۸-۱۹-۲۰-۲۷-۲۸-۲۹ تاریخیں نانص ہیں ؛

دسمبر :- پانچواں منگل آپکی مانسک اشانتی کا کارن بنے گا - اگر آپ گرہستی ہیں - تو سنتان پکھ سے چنتا - اِس مہینہ میں یاترا فائدہ مند رہے گی - کام کاج کا حد سے زیادہ بوجھ پڑے گا - خرچ کی ادھکتا - دوستوں، رشتہ داروں سے میل ملاپ میں وردھی - کوئی شُبھ کاریہ کرنے کا وچار اتھوا کسی تیرتھ میں سمِلت ہونے کا پروگرام -

جنوری :- جنوری کو منگل چھٹے بھاو میں آیگا اور پانچویں بھاو میں بُدھ اور شکر کا یوگ آپ کیلئے شُبھ پھل کا سُوچک ہے - کاروبار اتھوا نوکری میں نمایاں ترقی کا یوگ - ودیارتھیوں کے لئے یہ مہینہ سپھلتا کا ہے - ودیا سمبندھت ہر کام میں کامیابی - اگرچہ اِس مہینہ میں دوڑ دھوپ ادھک کرنی ہوگی پرنتو ہر کام میں سِدھی ہوگی ؛

فروری :- اِس ماس میں آپ کی گرہ سستھتی اچھی ہے - ہر کاروبار سے فائدہ ہوگا - بھائی بندھوؤں اور رشتہ داروں کیساتھ پریم ویوہار - ہر ایک اُلجھا ہُوا کام سُلجھ جائیگا - رُکے ہُوئے کام خود بخود سُدھر جائیں گے - ودیارتھیوں کے لئے سپھلتا یقینی ہے - یاترا خاص طور پر مفید رہے گی ؛

مارچ :- ساتویں بھاو میں ۱۶ فروری کو بوم اور ۱۷ فروری کو شکر آرہا ہے - اگر آپ گرہستی ہیں تو استری کی طرف سے پریشانی رہے گی اتھوا استری کو شریرک کشٹ - ساتواں منگل اور شکر آپ کے کاروبار اور کام کاج کو پچھاڑ دیگا - ہر کام میں رکاوٹ - ہر نئے دن نئی سمسیا سامنے کھڑی ہوگی - کوئی بھی کام اُلجھن کے بغیر سرانجام نہ ہوگا -

---

طول (تُلا) راشی کا سوبھاؤ!

طول راشی والا گمبھیر سوبھاؤ والا - وچار شیل - آتم وشواسی - ایشور پر ادھک وشواس کرنیوالا - استری کے وش میں رہنے والا - سُندر استری والا اور خود بھی سُندر تتھا سڈول جسم والا ہوتا ہے - اچھے پُرشوں سے سنگت رکھتا ہے - ہر کام پوری ذمہ داری سے نبھاتا ہے - کاروبار اتھوا لین دین میں ایماندار ہوتا ہے اپنی تعریف کا خواہشمند - اپنی معمولی سی نندا سُنکر آپے سے باہر [illegible] بدلے کی بھاونا رکھتا ہے - طول راشی والا کھانے پینے [illegible] استری کے کارن اپنے ماتا پتا اتھوا بزرگوں سے مت [illegible]

ہونا آپ کا پیدائشی وصف ہے۔ آپ کا شریر عام طور پر سوستھ رہتا ہے اور دیرگھ آیو ہوتی ہے۔ طول راشی والا ماتری بھومی کا بھگت ہوتا ہے۔ سبھا سمیلن میں عموماً شامل ہونا آپ کے جیون کا لکش ہوتا ہے۔ سُندر رہن سہن کے آپ دلدادہ ہوتے ہیں۔ دوسروں کی ترقی دیکھ کر آپکو رشک آتا ہے۔ طول راشی والا جھٹ پٹ دُوسروں کو اپنا متر بنانے میں ماہر ہوتا ہے۔ غریبوں اور دکھیوں پر دیا کرنے والا۔ دوست ہمیشہ آپ کو گھیرے رہتے ہیں آپ کو کرودھ بھی جلدی آتا ہے۔ پرنتو پانی کے بلبلے کی طرح جلد ہی ہٹ جاتا ہے۔ آپ کے وچار نگاتار بدلتے رہتے ہیں۔ آپ تھوڑی سی بھلائی پر خوش ہو جاتے ہیں اور تھوڑی سی اسپھلتا پر دُکھی بھی ہو جاتے ہیں آپ خرچ کرنے میں فراخدل اور دانی ہوتے ہیں۔ ٹیکنیکل کاموں سے آپ کو بچپن سے ہی لگن ہوتی ہے۔ سٹہ لاٹری وغیرہ سے بھی آپکو لابھ مل سکتا ہے۔ آپ کا بھاگیہ جوانی میں اُدے ہوتا ہے۔ لگ بھگ ۳۰ ورش کی آیو تک آپکو سنگھرش سے گذرنا پڑتا ہے۔ آپ کا وواہ چھوٹی عمر میں ہی ہو جاتا ہے۔ تُلا راشی والا دھن کا کمزا نہیں ہوتا۔ آپ کا آخری جیون امیرانہ ہوتا ہے۔ آپکو والدین کی جائیداد کا بھی لابھ ہوتا ہے۔ آپ کے بہن بھائی بہت ہوتے ہیں اور عام طور پر وہ سبھی خوشحال ہوتے ہیں پرنتو آپ کو کوئی سہیوگ نہیں دیتا۔ آپ کی اولاد خوشحال ہوتی ہے۔ آپ کھانے پینے کے بہت شوقین ہوتے ہیں میٹھی تھالی نمکین چیزوں سے آپکا پیار زیادہ ہوتا ہے۔ میش، سنگھ، دھنش اور کنبھ راشی والوں سے متر تا ہوگا ان سے مِل جُل کر کام کرنے سے آپ فائدہ میں رہتے ہیں۔ ورشچک، مکر اور مین راشی والوں سے آپ کو بچنا چاہئیے۔ شکروار آپ کے لئے شبھ ہے۔ آپ کیلئے بھورا، پیلا، آسمانی رنگ شبھ مانا گیا ہے۔ "ہیرا" آپ کے لئے شبھ رتن ہے۔ ۶۸ واں ورش گذر جانے پر آپکی آیو ۸۰ سال تک ہے۔

طول راشی کا ورش پھل

آپ کی ساڑھ ستی چل رہی ہے۔ ساڑھ ستی کا پربھاو ناقص ہوتا ہے۔ ۱۱ نومبر تک برہسپتی پہلے بھاؤ میں ٹھہرا ہے گوچر سے پہلا برہسپتی شبھ نہیں ہوتا۔ جیسا کہ گوچر پھلت میں درج ہے۔ عزت میں کمی کا خطرہ روزگار میں رکاوٹ آتی ہے۔ مانسک اشانتی رہتی ہے کوئی بھی کام اُلجھن کے بغیر سدھ نہیں ہوتا۔ یاترا میں کشٹ ہوتا ہے سکھ میں کمی آجاتی ہے۔ خرچ کی ادھکتا سے تنگدستی سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ ۱۱ نومبر کے بعد آپ کا برہسپتی دُوسرے بھاؤ میں آئیگا جس کے بارے میں پھلت شاستر میں درج ہے کہ آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ پریوار سے سکھ ملیگا۔ گھر میں کوئی بہو آجانے کی یوجنا بنے۔ گرہستی ہونے پر سنتان پکھ سے سکھ تھا مانسک شانتی ملے گی پتر دو پر وجئیے ہوگی۔ آدر مان میں اضافہ ہوگا۔ غریبوں دُکھیوں کی سہائتا کرنے کی لگن۔ ورش کے آرمبھ پر گوچر سے آپکو شریر اچندرمہ اور بدھ کا یوگ چھٹے بھاؤ میں ہے۔ یہ سیوگ گوچر سے منحوس ہوتا ہے۔ ایسے ہی بارھویں بھاؤ میں بوم اور سینچر کا اشبھ یوگ بھی اشبھ پھل کا ہی سُوچک ہے۔ مجموعی طور پر گوچر سے شبھ اشبھ گرہ چال کو مدنظر رکھنے سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ یہ ورش آپ کو سنگھرش تھا دوڑ دھوپ میں ہی گذریگا۔ لیکن گذشتہ سال کی نسبت بہتر رہیگا۔ آپکو شریر کے

بارے میں ۱۱ نومبر تک سادھان رہنا ضروری ہے۔ البہار اور پرہیز کی طرف زیادہ توجہ رکھیں۔ اِتنی سادھانی سے ہی آپ کا شریر ٹھیک رہیگا۔ ۱۱ نومبر سے آپ کے گرہ انوکول ہیں۔ اگر آپ کی صحت ٹھیک نہیں رہتی تو کسی نئے وَید یا ڈاکٹر سے علاج کروانے سے صحت ٹھیک ہو جائے گی۔ اگر اپریشن وغیرہ کی ضرورت ہے تو ۱۱ نومبر کے بعد ہی کروائیں۔ اوشیہ سپھلتا ہوگی۔ بیوپار یا نوکری وغیرہ خواہ کوئی بھی جیون نرواہ کا سادھن ہو۔ ہر کام کی سِدھی کیلئے سخت محنت درکار ہوگی۔ گھریلو واتاورن شانت رہے گا۔ اگر آپ گرہستی ہیں تو استری تھا پتر پکھ سے وشیش شانتی رہیگی۔ بھائی بندؤں اور رشتہ داروں کے میل جول تھا کھانے پلانے میں ادھک دلچسپی بنی رہے گی۔ اگر دِواہ وغیرہ کوئی مہوتسو رچانے کا کوئی پروگرام ہے تو اُسے ۱۱ نومبر کے بعد ہی عملی رُوپ دیجئے۔ وِدّیارتھی ہونے پر بھی ۱۱ نومبر تک پڑھنے لکھنے میں رُکاوٹیں پڑتی رہیں گی۔ ۱۱ نومبر کے بعد وِدّیا سمبندھت ہر کام میں کامیابی ہوگی۔ اگر آپ پریکھشا میں اسپھل رہتے ہیں تو اِس درش پریشرم کیجئے اور ساتھ ہی ہمارے لکھے اپائے کو دھیان میں رکھیے آپ ضرور سپھل ہوں گے۔ اپائے یہ ہے کہ:۔ صبح چار بجے اُٹھیئے اور ہاتھ منہ دھو کر سوریہ اُدے تک مطالعہ میں لگے رہیئے۔ سُوریہ اُدے کے بعد کچھ کھانے سے پہلے پکھشیوں کو پانچ بار منتر پڑھ کر چاول کی پانچ مٹھیاں ڈالیں۔

منتر:۔ کرشنہ کرشنہ، جہا کرشنہ، سردگیہ، پرسید۔ مے ۞ رما، رمنہ، وشیوشہ، دیدیام، آشو پریکھے ۞

اگر آپ مشینری سمبندھت کاروبار کرتے ہیں تو آپ کیلئے نشچت رُوپ سے یہ درش فائدہ مند رہیگا۔ اگر آپ کپڑے کا بیوپار کرتے ہیں تو لابھ کی آشا نہ رکھیں۔ اگر آپ کریانہ تھا کھادیہ پدارتھوں سے سمبندھ رکھتے ہیں تو محنت کرنے پر بھی آپ کے ہاتھ کچھ نہیں پڑیگا۔ اگر آپ میوہ کا کام کرتے ہیں اور صرف مال بیچنے کی ضرورت ہے تو آپ لابھ میں رہیں گے۔ اگر آپ نے خرید و فروخت کرنا ہے تو آپ کو کچھ وشیش لابھ نہیں رہے گا۔ نوکری پیشہ والوں کے لئے یہ درش حسب معمول چلتا رہے گا۔ آپ کو ۱۴ ستمبر سے گوچر سے پہلے بھاؤ میں سنیچر آئے گا۔ جس کے بارے میں گوچر پھلت شاستروں میں درج ہے۔ بُدھی کام نہیں کرتی۔ مانسک اور شاریرک پیڑا ہوتی ہے۔ بھائی بندھوؤں سے جھگڑا ہوتا ہے۔ شستر اتھوا پتھر سے چوٹ لگنے کا بھئے ہوتا ہے۔ دُور دراز کا سفر کرنا پڑتا ہے۔ دوست بھی دشمن بن جاتے ہیں۔ سبھی کاموں میں ناکامیابی ہوتی ہے آرتھک دشا کمزور ہوتی ہے۔ نویں بھاؤ میں سال بھر طول راشی میں راہو رہے گا جس کے پربھاؤ سے آشا سے ادھک لابھ ہوگا۔ نوکری میں ترقی ہوگی۔ وِدّیا میں کامیابی ہوگی۔ سال بھر کے گرہ چال کو مدنظر رکھ کر معلوم ہوتا ہے کہ طول راشی والوں کے لئے یہ درش۔ گت درش کی نسبت بہت حد تک شُبھ پھلدائیک ہوگا۔

اپائے کے رُوپ میں مندرجہ ذیل منتر کا بار بار اُچارن کیا کریں:۔

لیسیاہ، پربھاوم، اَتولم۔ بھگوان۔ اَن نتو ۞ برھما، ہرشچہ، نہ ہی، وِک توم اِلم، بلم۔ جہ سا، چنڈ کا، کھلا جگت، پری پالہ نائے ۞ ناشائے اچا، شبھُ، بھیہ سی برتم، کرو تو

طول راشی کا ماسک پھلادیش

اپریل:۔ یہ مہینہ سُکھ شانتی کے واتاورن میں ہی گذر یگا۔ ہر آرمبھ کئے ہُوئے کام میں رُکاوٹوں کے بعد ہی اُس کا انجام آپ کے حق میں [illegible] درش [illegible] ل [illegible]

[illegible]

سے ۲۷ اپریل کو ۲ بجکر ۱۰ منٹ دن تک شریر کے وشئے میں ساودھان رہیئے۔ اگر آپکی صحت اچھی بھی رہے تو بھی چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ اِس بارے میں بھی محتاط رہیئے۔ اِس ماہ میں فضول خرچ ہوگا اور خرچ کے مطابق ہی آمدنی میں بھی اضافہ ہوگا

مئی:۔ دوڑ دھوپ ادھک۔ کام کاج کی بھرمار۔ رات دن کام کاج میں جٹے رہنے سے مصروفیت میں اضافہ۔ جسمانی کمزوری۔ بھوجن اور نیند میں بادھا۔ برادری میں مان ہانی کا خطرہ۔ استری کی طرف سے پریشانی۔ کوئی مھتو پورن اتھوا تعمیری کام بنانے کا پروگرام ہے جس پر بہت سی دھن راشی خرچ کرنی ہوگی۔ دھارمک پرورتی میں کمی پاپ کرموں کی طرف ادھک پرورتی۔ ۱۳ مئی کو ۱ بجکر ۱۱ منٹ دن سے ۱۸ مئی ۱۱ بجے ۲۲ منٹ دن تک سنبھ اور ۲۲ مئی کو ۶ بجے شام سے ۲۴ مئی ۱۰ بجکر ۳۰ منٹ رات تک ہانی کارک دن ہیں؛

جون:۔ ۷ جون تک یہ مہینہ ہر پرکار سے ہانی کارک تتھا پریشانی کا رہے گا۔ شریر کی سمسیا بھی بنی رہے گی۔ بھائی بندھوؤں سے ناراضگی۔ اگر آپ ساجھا کاروبار کرتے ہیں تو اچانک کوئی جھگڑا کھڑا ہونے کا اندیشہ ہے۔ چرتر میں گراوٹ۔ گھر کے کسی ممبر کی پریشانی۔ ہر پرکار سے مانسک اشانتی۔ ۸ جون سے آپ کو آٹھواں شکر آئیگا۔ جو آپ کے ہر کام کو شدھ بنانے کا باعث ہوگا۔ آن دھن کا لابھ ہوگا؛

جولائی۔ دشمنوں پر دجیئے۔ نوکری پیشہ ہونے پر اچانک کوئی ترقی کا یوگ۔ آدرمان میں وردھی ہوگی۔ گرہستی ہونے پر سنتان پکھ سے مانسک اشانتی۔ سنبھ کاموں پر دھن کا خرچ۔ سماجک تتھا دھارمک کاموں میں مصروفیت۔ ودیارتھی ہونے پر ودیا سمبندھت ہر کام میں سادھارن بادھا آنے پر انت میں کمپوٹرن روپ سے کامیابی ہوگی۔ ۲۰ جولائی ۵ بجے ۱۱ منٹ [illegible] تک [illegible] اِس مہینہ کے خاص لابھ دائیک دن ہیں؛

اگست:۔ کسی سمبندھی اتھوا استر کے ذریعے نقصان ہونے کا اندیشہ۔ کسی کے بہکاوے میں آکر گھر کا واتاورن اشانت ہوگا۔ دشمنوں کو منہ کی کھانی پڑے گی آرتھک لابھ مدھیم رہیگا۔ گرہستی ہونے پر استری تتھا سنتان پکھ سے اچانک پریشانی ۳ اگست سے ۷ اگست تک ہانی کارک دن ہوں گے؛

ستمبر:۔ اِس مہینہ میں آپکو دسواں شکر آئے گا۔ دسواں شکر گوچر سے ناقص ہوتا ہے۔ باقی گرہوں کی استھتی بھی انوکول نہیں ہے۔ جس کام میں آپ کا ہاتھ ہوگا اُسمیں سپھلتا تتھا لابھ کی آشا نہ رکھیں۔ گرہستی ہونے پر گرہست پکھ سے کوئی پریشانی بنی رہے گی۔ اوپائے کے روپ میں اِس ماہ ہر منگلوار سُریا اودے ہونے کے بعد کتوں کو روٹیاں ڈالیں؛

اکتوبر:۔ یہ مہینہ ہر لحاظ سے ڈانواں ڈول استھتی میں رہے گا۔ اگر آپ کاروبار کرتے ہیں تو آشا سے زیادہ لابھ ملیگا۔ کا بے نقصان کا بھی یوگ ہے۔ بھائی بندھوؤں کے میل ملاپ میں ادھکتا، پرنتو کبھی کبھی ناراضگی کا بھی یوگ۔ اِس مہینہ کے آغاز سے انت تک خرچ کی ادھکتا بنی رہے گی۔ گھریلو واتاورن بھی یکساں نہیں رہے گا کبھی شانتی اور کبھی اشانتی کا ماحول بنے گا۔ ۲۰ اکتوبر سے آپ کو تیسرے بھاو گوچر سے منگل آئیگا۔ جو آپ کے آئندہ آنے والے مہینوں میں لابھ کا باعث بنے گا۔ تیسرا منگل گوچر سے اُتم مانا جاتا ہے؛

نومبر:۔ پہلے بھاو کا برہسپتی، جو گوچر سے ناقص مانا جاتا ہے اِس ماہ بھی اُست

بھی ہوگا۔ یہ گرہ آپکے شریر پر قدرے ناقص پربھاو ضرور ڈالیگا۔ ایسے ہی باقی گرہ سنبھتی کے پربھاو سے بھی یہ مہینہ دوڑ دھوپ تھا سنگھرش میں ہی گذریگا۔ اوپائے کے رُوپ میں اِس مہینہ کی پہلی گوروار یعنی ۴ نومبر کو کسی وردھ بزرگ کو ساتوک بھوجن کِھلاکر ترپت کیجئے۔ اگر ہوسکے اِس دن آٹا، چاول، چینی، گھی اور دُودھ یتھاشکتی دان دیجئے

دسمبر:۔ ورِچک راشی کا برہسپتی، جو آپ کو دُوسرے بھاو میں آیا ہے آپ کی آرتھک دشا کا سُدھار کرے گا۔ آپ کو اچانک ایسا لابھ ملیگا جس کی آپ کو آشا بھی نہ ہوگی کوئی شُبھ کام رچانے کا پروگرام بنے۔ گھریلو واتاورن شانت رہیگا۔ بھائی بندھوؤں اور دوستوں سے میل ملاپ میں اضافہ ہوگا۔ ۷ دسمبر کو تیسرے بھاو میں شُکر آئیگا اور اِس ماہ میں شُکر کا اُدے بھی ہوگا۔ یہ یوگ آپ کے کاروبار اتھوا کام کاج کو وستت دے گا ودیارتھیوں کے لئے بھی یہ بہت شُبھ ہے ؛

جنوری:۔ یہ ماس بھی شانت واتاورن میں ہی گذریگا۔ ہر ایک کاریہ بغیر کسی اُلجھن کے سُدھر جائے گا۔ گھریلو واتاورن شانت رہے گا۔ اگر آپ وواہت ہیں تو استری پکھ سے سُکھ اور لابھ۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں تو آپ کو اِس مہینہ کوئی شُبھ سندیش ملے۔ ودیا سے متعلق ہر کام میں کامیابی۔ سماجک کاموں میں مصروفیت رہے گی ؛

فروری:۔ اِس مہینہ میں آپ کو گوچر سے چھٹے بھاو میں شُکر اور پانچویں بھاو میں شُریہ آیا ہے۔ اِن دونوں گرہوں کا پربھاو آپ پر ہانی کارک ہوگا۔ کاروبار اتھوا کام کاج میں رکاوٹوں کے بعد ہی سپھلتا پراپت ہوگی۔ رات دِن کام میں جُٹے رہنا ہوگا۔ بھائی بندھوؤں سے ناراضگی۔ ۱۶ فروری کو چھٹے بھاو میں بوم آئے گا جو شترُو ناشک یوگ کا سُوچک ہے۔ آرتھک ستھتی اچھی رہے گی۔ اچھے کاموں پر خرچ۔

مارچ:۔ یہ مہینہ ہر پرکار سے شُبھ رہے گا۔ ہر کام میں کامیابی۔ بھائی بندھوؤں سے میل ملاپ میں ورِدھی۔ شُبھ کاموں اور کھانے پلانے میں دھن کا خرچ ہوگا شُبھ مہوتسووں میں سمِلت ہونے کا پروگرام بنے۔ گھریلو واتاورن شانت ہوگا ودیارتھی ہونے پر آپ کی کامیابی یقینی ہے۔ ودیا سمبندھت کوئی بھی کام شروع کرنا ہو اِس مہینہ میں اوشیہ کریں۔ دھارمک کاموں سے ادھک دلچسپی ؛

ورِشچک راشی کا سوبھاؤ!

ورِشچک راشی والا اپنے باہو بل پر کھڑا ہوکر آگے بڑھتا ہے۔ محنت کرنا اپنے جیون کا مقصد مانتا ہے۔ دھن کمانے کے نئے نئے طریقے سوچنے کا سوبھاو رکھتا ہے بچپن عام طور پر سنکٹ کے ماحول میں گذرتا ہے۔ لگ بھگ ۳۰ ورش کی عُمر تک بھاگیہ کے ساتھ لڑتا ہے۔ بولنے میں چتر ہوتا ہے۔ سماجک کاموں سے دلچسپی رکھنے والا اور کھانے پینے کا شوقین ہوتا ہے۔ شریر سوستھ، سُندر تھا سڈول ہوتا ہے۔ ورِشچک راشی والا اُس پیشہ کو ادھک پسند کرتا ہے۔ جہاں انوشاسن ہو۔ اکثر کاموں میں جلد بازی کرنیوالا ہوتا ہے۔ جوش میں آکر اپنے ہوش کھونے والا ہوتا ہے۔ لڑائی جھگڑوں میں مداخلت کرنے کی پرورتی والا ہوتا ہے۔ لڑائی جھگڑوں میں اپنے ہٹھ پر ڈٹا رہتا ہے۔ جہاں تک پریوار تھا گرہست کا پرشن ہے۔ آپ گرہستی جیون میں سپھل نہیں رہتے۔ گھر کے ممبروں کے ساتھ بات چیت [illegible] پرمت بھید رہتا ہے اور تُو تُو، مَیں مَیں کی عادت بھی [illegible]

جانتے ٹونا جانتے ہیں۔ آپ کسی کا انوشاسن برداشت نہیں کرتے۔ آپ کو کسی کے آدھین رہنا ایک ٹیڑھی کھیر ہوتا ہے۔ آپ کٹھن سے کٹھن کام کو سلجھانے میں کسی پرکار کی گھبراہٹ محسوس نہیں کرتے۔ دھارمک کھیتر میں آپ ترک وترک سوبھاو کے ہوتے ہیں۔ پرنتو ایشور ستا پر وشواس ہوتا ہے۔ انتم جیون میں آپ کو اچانک کسی مہاتما کا انوگرہ ہوتا ہے۔ جو آپکی مانسک شانتی کا کارن بنتا ہے۔ اگرچہ آپکا سواستھ عام طور پر ٹھیک رہتا ہے۔ لیکن جیون میں ایک آدھ چوٹ لگنے یا شریر میں کچھ چیر پھاڑ کا بھی بھے ہوتا ہے۔ آپ میں ادھک جائیداد بنانے کی پرورتی ہوتی ہے۔ آپ عام طور پر دوسروں کی رائے نہیں مانتے۔ اپنی بات منوانے کے لئے آپ ہٹھ (ہٹ) دھرمی سے کام لیتے ہیں۔ آپ اپنا سنکلپ پورا کرنے کے لئے بڑی سے بڑی قربانی دینے کو تیار رہتے ہیں۔ برشچک راشی والا لڑکا پڑھنے کا شوقین اتھوا مشہور لیکھک ہوتا ہے۔ ورشچک راشی والے کے دو روپ ہوتے ہیں۔ ایک وہ جو سماج میں لوگوں کو دیکھنے میں ملتا ہے دوسرا روپ اپنا پوشیدہ ہوتا ہے کہ اس کی باہر کسی کو ہوا کبھی نہیں لگتی۔ آپکا انترک روپ عیاشی تتھا ولاستا سے پورن ہوتا ہے۔ جبکہ آپ سماج میں آدرش وچار والے ہوتے ہیں آپ بدھیمان مشہور تتھا باعزت ہوتے ہیں۔ آپ اپنے جیون میں اچھا دھن کماتے ہیں اچانک دھن ملنے کی بھی سمبھاونا ہوتی ہے۔ جائیداد بنانے کے خاص مشتاق ہوتے ہیں۔ سنتان ہونے پر بھی سنتان سکھ مدھیم ہوتا ہے۔ آپ سمبندھیوں کو چاہتے ہیں۔ لیکن ان سے کوئی لابھ حاصل نہیں ہوتا اور نہ ہی سہیوگ ملتا ہے۔ آپ بات کے دھنی اور دھن کے پکے ہوتے ہیں۔ آپ عزت، مان، مریادا تتھا اپنی پرتشٹھا بنائے رکھنے پر مر مٹنے والے ہوتے ہیں۔ نوکری کرنے کی صورت میں ادھیکاری [illegible] آپ کی تیز سوبھاو والی پرنتو چرتر شیل ہوتی ہے آپ استری [illegible] ہوتے ہیں۔ ورشچک راشی والے کے من میں بدلہ لینے کی بھاونا ہوتی ہے۔ آپ دوسروں کی رائے کو نہیں مانتے۔ ورشچک راشی والوں کو میتھن اور کنبھ راشی والوں سے سادھان رہنا چاہیئے۔ کرکٹ۔ مین راشی والوں سے آپکا سمبندھ لابھ دائیک رہتا ہے۔ پیلا لال۔ ہرا۔ نیلا اور بھورا رنگ آپ کیلئے شبھ ہے۔ آپ کے لئے مونگا شبھ رتن ہے

ورشچک راشی کا درش پھل

درش کے آرنبھ پر پانچویں بھاو میں شریہ، چندرما اور بدھ ان تین گرہوں کا سمیوگ ناقص مانا جاتا ہے۔ پرنتو اس کے برعکس ۱۱ ویں بھاو میں بوم اور سنیچر کا سمیوگ ورش بھر کی آرتھک مضبوطی کو جتلاتا ہے۔ ایسے ہی آٹھواں راہو اور دوسرے بھاو کا کیتو بھی گوچر سے شبھ مانا جاتا ہے۔ جیسا کہ آٹھویں راہو کے بارے میں گوچر شاستروں میں درج ہے۔ اچانک دھن کی وردھی، یاترا میں کامیابی تتھا لابھ شریر کشٹ۔ ایسے ہی دوسرے کیتو کے وشئے میں لکھا ہے۔ دھن لابھ کے ساتھ آنکھوں میں کشٹ۔ بوم کے راشی سنچار کا پربھاو آپ کے شریر پر خاص طور پر پڑیگا منگل کے بارے میں گوچر شاستروں میں درج ہے اس کے مطابق گوچر سے تیسرا اور ۱۱ واں منگل اتم مانا گیا ہے۔ باقی ۱، ۲، ۴، ۵، ۶، ۷، ۸، ۹، اور ۱۰ واں منگل ہانی کارک

تھا اشبھ مانا جاتا ہے. چونکہ اس ورش ہی یوم آپ کے شریر کا سوامی ہے۔ اِس کے پربھاو سے یہ ورش آپ کے سواستھ کیلئے ہانی کارک تھا ناقص رہیگا۔ سال بھر شریر کی پریشانی بنی رہے گی۔ اِس ورش برہسپتی دجو آپ کے کوش کا مالک ہے، ۱۱ نومبر تک بارھویں بھاو میں ٹھہریگا اور اِس کے بعد ورشچک راشی کا پہلے بھاؤ میں آئیگا۔ برہسپتی کا بارھویں بھاو میں اُتھوا لگن میں ہونا گوچر سے اشبھ مانا جاتا ہے۔ برہسپتی کا اِس ورش آپ کے لئے اچھی ستھتی میں نہ ہونا آپ کی آرتھک پوزیشن کی ڈانواں ڈول ستھتی کو جتلاتا ہے دھن سمبندھت کوئی بھی مسئلہ اُلجھن کے بغیر نہیں سُلجھیگا۔ بلکہ دھن سے متعلقہ سمسیا سال بھر آپ کے دماغ میں کھٹکتی رہیگی۔ دھن خرچ کرنے کے نئے نئے راستے نکل پڑینگے۔ اگر آپ کا وچار کوئی شُبھ مہوتسو رچانے کا ہے تو اِس ورش ضرور پروگرام بنائیں۔ اگر کوئی تعمیری کام کرنے کا وچار ہے تو اُسے شروع کرنے میں ڈھیل نہ کریں ایسے کاموں پر خرچ کیا ہُوا دھن سارتھک ہوگا۔ جائیداد زمین اتھوا پشو دھن سے بھی آپ کو اِس ورش لابھ ہوگا۔ زمین سمبندھت جائیداد کی اگر کوئی سمسیا چل رہی ہو تو اس کا فیصلہ بھی آپ کے حق میں ہوگا۔ پانچویں بھاو میں شریہ، چندرما اور بُدھ کا یوگ بھی ہانی کارک مانا گیا ہے اگر آپ گرہستی ہیں تو آپ کو سنتان پکھ سے یکے بعد دیگرے نئی نئی پریشانیاں پیش آتی رہیں گی۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں تو آپ کو اِس ورش ڈٹ کر پڑھائی میں لگے رہنا چاہئیے اگر ذرا بھر بھی سُستی کی تو آپ سپھل نہیں ہوں گے کیونکہ ودیا سمبندھت گرہ اِس ورش آپ کے حق میں نہیں ہیں۔ اُن ودیارتھیوں کو بھی چیتاونی ہے جو آج تک اچھی پوزیشن میں پاس ہُوئے ہیں۔ اگر انہوں نے بھی پڑھائی میں لاپروائی کی تو وہ بھی پاس ہونے کی آشا نہ رکھیں۔ یاترا کا پروگرام بنانا اور زیادہ تر گھر سے باہر رہنا آپ کیلئے مفید رہیگا۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو آپ کے لئے اِس ورش کے آخری تین مہینے خاص طور پر فائدہ مند رہیں گے۔ اِن تین مہینوں میں ترقی کیساتھ ساتھ تبدیلی کا بھی یوگ ہے۔ اگر آپ کاروبار کرتے ہیں تو ورش کے آخری چھ ماہ خاص فائدہ مند رہیں گے۔ آپ کو سال بھر سنگھرش سے گذرنا پڑیگا۔ اور سنگھرش کے بعد آخر کار ہر کام میں کامیابی ہوگی۔ سماجک کاموں میں مصروف رہنا آپ کا شغل ہوگا۔ سادھوؤں، سنتوں، مہاتماؤں، غریبوں اور دُکھیوں کی یتھا یوگیہ سہایتا کرنے کی پرورتی سال بھر بنی رہیگی۔ ادپائے کے روپ میں آپ روزانہ ایندرا کھی کے تین تین پاٹھ کرنے کا پروگرام بنائیں۔ اگر ممکن ہو تو ہر سوموار کو پانی اور دودھ چاول سہت بھگوان شنکر پر "اوم نماہ شوائے" منتر سے ڈالا کریں۔

بارہ راشیوں کا ماسک پھلادیش

اپریل :۔ اِس مہینہ میں آپ ہر پہلو سے چوکس رہئیے۔ آرتھک یعنی آمدنی کی دشا بھی پریشان کُن رہے گی۔ لابھ والے ہر کام میں بھی نقصان کی سمبھاونا۔ صحت کیطرف وشیش توجہ دیں۔ اگر آپ گرہستی ہیں تو استری کے وشئے میں بھی محتاط رہئیے۔ کوئی بھی کام اِس ماہ نئے سِرے سے شروع نہ کریں۔ بھائی بندھوؤں اور رشتہ داروں سے بھی اچانک ناراضگی کا اندیشہ ہے۔ الغرض یہ مہینہ ہر پہلو سے ناقص ہے۔ ادپائے کے روپ میں لازم ہے کہ ہر منگلوار کو تہر (میٹھا ڈال کر) پکھشیوں کو ڈالا کریں۔ ہوسکے تو کتوں کو شریہ اودے سے پہلے روٹیاں ڈالا کریں۔

مئی :۔ بھائی بندھوؤں سے میل جول میں وردھی شُبھ کاموں [illegible] کا خرچ ہر [illegible]

آرمبھ کئے ہوئے کام میں رکاوٹیں پڑتی رہیں گی پرنتو انت میں سپھلتا ہوگی۔ شریر سکھ بھی اُدتم رہیگا۔ گھریلو حالات بھی سازگار رہیں گے۔ پرتھوی تتھا پشو دھن سے لابھ ملیگا پرنتر ہین ہونے کا خطرہ۔ اگر آپ کے ہاں کوئی نوکر ہے تو اُس کے ذریعے دھوکا یا نقصان کا اندیشہ ہے ؛

جُون:۔ ۱۱ دیں بھاو میں بوم اور سنیچر کا یوگ پڑا ہے۔ گوچر سے یہ یوگ شبھ پھلدائیک ہی مانا جاتا ہے۔ جیسا کہ پھلت شاستروں میں درج ہے۔ مشینری۔ پتھر۔ سیمنٹ اور کوئلہ سے لابھ ملتا ہے۔ روگ سے مکتی ملتی ہے۔ عہدہ میں ترقی ہوتی ہے اور آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے۔ پرتھوی اتھوا پشو دھن سے لابھ ملتا ہے۔ ہر کام میں کامیابی ہوتی ہے ؛

جولائی:۔ اگرچہ اِس مہینہ میں بوم اور سنیچر کا سمیوگ حسبِ معمول چل رہا ہے پرنتو ساتویں بھاو میں بُدھ اور شکر کا ایک ساتھ ہونا گوچر سے ناقص مانا جاتا ہے جیسا کہ گوچر شاستروں میں درج ہے۔ استری تتھا سمبندھیوں سے اَن بن رہتی ہے۔ یاترا میں نقصان ہوتا ہے۔ پریشانیاں منش کو گھیرے رکھتی ہیں۔ گرہستی ہونے پر استری کو کشٹ ہوتا ہے۔ سب پرکار سے پریشانیوں کا یوگ ہونے پر بھی ۱۱ دیں بھاو میں بوم اور سنیچر کے پربھاو سے آرتھک دشا مضبوط رہے گی ؛

اگست:۔ ۶ اگست کو ۱۰ دیں بھاو میں بُدھ آئیگا۔ جو اچانک کوئی لابھ یا ترقی دینے والا ہوگا۔ مان میں وردھی ہوگی۔ اچھی اچھی اُمنگیں آمد ہوں گی۔ اچھے پرشوں کی سنگت (صحبت) میں بیٹھنے کا اوسر ملے۔ ۸ اگست کو نویں بھاو میں شکر آئے گا جو آپ کے ہاں کوئی شبھ مہوتسو رچانے کا موجب ہے۔ شبھ کاموں پر خرچ ہوگا دھارمک اتھوا سماجک کاموں سے دلچسپی بنی رہیگی۔ بھائی بندھوؤں رشتہ داروں کے میل ملاپ میں وردھی ہوگی۔ ۱۴ اگست کو ۱ بجے دن سے ۱۷ اگست ۵ بجکر ۱۸ منٹ صبح تک شریر کے وشئے میں محتاط رہیئے ؛

ستمبر:۔ یہ مہینہ سکھ شانتی کے واتاورن میں گذریگا۔ جس کام میں بھی آپ ہاتھ ڈالیں اسمیں لازمی طور پر کامیابی ملیگی۔ اِس مہینہ سے آپ لابھ اُٹھائیں۔ محنت کریں گرہ آپ کے انوکول ہیں۔ بھائی بندھوؤں اور دوستوں کے ساتھ میل ملاپ میں وردھی ہوگی۔ شریر سکھ اُدتم رہیگا۔ گھریلو حالات بھی انوکول ہوں گے۔ برادری تتھا سماج میں آدر بڑھے گا۔ کوئی شبھ کام رچانے کا پروگرام بنے گا ؛

اکتوبر:۔ ۲۰ اکتوبر تک منگل پہلے بھاو میں رہے گا۔ اور تب تک ایسے ہی شکر بھی ۱۱ دیں بھاو میں ٹھہریگا۔ بوم آپ کے شریر پر بُرا پربھاو ڈالے بنا نہیں رہے گا۔ اگر آپ گرہستی ہیں تو آپ کی استری بوم کے ناقص پربھاو سے نہیں بچ سکتی۔ اِس کے برعکس شکر کے پربھاو سے آپ کے کاروبار، کام کاج میں ادھیک وردھی ہوگی۔ ۱۷ اکتوبر سے طول راشی میں سُورج اور سنیچر کا یوگ فضول خرچی کی دلیل ہے ؛

نومبر:۔ اِس مہینہ کے آغاز میں طول راشی میں پانچ گرہوں کا سمیوگ ہے۔ یہ سمیوگ گوچر سے منحوس مانا گیا ہے۔ شریر آپ کا اسوستھ رہیگا۔ پریشانیوں کا زور رہے گا عزت میں کمی کا احتمال۔ دُشمن غالب آئیں گے۔ کوئی بھی شبھ کام رچانے کا پروگرام بنا دُگے رکاوٹوں کے پہاڑ سامنے آکھڑے ہوں گے۔ آمدنی کے لحاظ سے بھی یہ مہینہ مدھیم رہے گا۔ گھر کے کسی نہ کسی ممبر کی طرف سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا ؛

دسمبر:۔ اِس ماہ میں دونوں بُدھ اور شکر آپکے دُوسرے بھاو میں آ گئے ہیں۔ جو

کماتے ہیں اور سار تھک خرچ کرنا تھا دھن کو سنبھال کر رکھنا بھی جانتے ہیں۔ آپکو جیون میں اچانک دھن ملنے کی بھی سمبھاونا ہوتی ہے آپکو والدین کی سمپتی بھی ملتی ہے آپ اپنی کمائی سے زمین جائیداد وغیرہ بھی بناتے ہیں۔ آپ کے بہن بھائی کم ہوتے ہیں۔ سنتان ہونے پر بھی سنتتی سے ادھک سکھ نہیں ملتا۔ آپ کے وچار دھار رنگ ہوتے ہیں۔ بُڈھی دادی وچاروں کا آپ سمان کرتے ہیں۔ پرانے ریتی رواجوں سے آپ کا پریم ہوتا ہے۔ آپ کو یاتراؤں کا بہت شوق ہوتا ہے نئی نئی باتوں کی جانکاری پراپت کرنا آپ کا سوبھاؤ ہوتا ہے۔ دھن راشی والے دو پرکار کے ہوتے ہیں ایک تو وہ جو نیموں کا پالن کرتے ہیں اور دوسرے وہ جو نیموں کا اُلنگھن کرتے ہیں۔ ان میں کئی تو پروپکاری اور کئی محض خود غرض ہوتے ہیں۔ دھن راشی والے عام طور پر بڑی کمپنیوں کی اونچی پدویوں پر پہنچتے ہیں۔ دھن راشی والے کامیاب جج یا وکیل بھی بن سکتے ہیں۔ اگر آپ کاروبار کریں گے تو وہ کاروبار خاص طور کپڑے کا ہوگا۔ اس بیوپار میں آپ اپنا نام پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ دھن بھی کماؤ گے۔ پتا کا سُکھ آپ کے بھاگیہ میں کم ہوتا ہے۔ سسرال پکش سے مت بھید رہتا ہے آپ کے لئے برہسپت وار شُبھ ہوتا ہے۔ آپ کے لئے کالا۔ نیلا۔ بینگنی رنگ شُبھ مانا گیا ہے "پکھراج" رتن آپ کے لئے شُبھ ہے۔ سنکٹ کے وقت بھگوان شنکر کا پوجن آپ کے لئے منگل کاری ہوتا ہے:۔

دھن راشی کا وارشک پھل

آپکے شریر کا سوامی اس ورش برہسپتی ہے۔ جو خاص طور پر آپکا بھاوت گرہ ہے۔ اس

ورش برہسپتی وار آپ کے لئے شُبھ ہے۔ ہر شُبھ کام برہسپتی وار کو کرنے سے شُبھ پھلدائک ہوگا۔ برہسپتی ماس اس ورش آپ کیلئے خاص فائدہ مند رہے گا جو ۱۴ ۸ اکتوبر سے شروع ہو کر ۲۶ نومبر تک رہے گا:۔ ایسے ہی ورش کے آرمبھ میں شکر بھی دوسرے بھاؤ میں ٹھہرا ہے۔ یہ دونوں گرہ اس ورش آپ کے انوکول ہیں۔ اکتوبر سے سنیچر بھی آپ کے انوکول رہے گا یعنی مجموعی طور سے گرہوں پر وچار کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ورش ہر پہلو سے آپ کیلئے شُبھ پھلدائک ہوگا۔ شریر کے متعلق اگر آپکو کوئی پریشانی ہے تو یہ پریشانی بھی ختم ہو جائے گی۔ کیونکہ اس ورش گرہ آپ کے شریر کو سوستھ رکھنے میں سہائک ہوں گے۔ لہذا صحت کے بارے میں متفکر مت رہئیے۔ اگر آپ کے شریر میں کوئی ایسا روگ ہے جو چیر پھاڑ یا اپریشن سے درست ہو سکتا ہے تو آپ ۱۱ نومبر سے پہلے پہلے علاج کرائیں آپ یقین رکھیں کہ آپ کا روگ جڑ سے اُکھڑ جائے گا۔ اگر آپ گرہستی ہیں اور آپ کی استری کی صحت ٹھیک نہیں ہے تو برہسپتی کے پربھاؤ سے تھوڑا علاج کروانے سے آپکو اس پریشانی سے بھی چھٹکارا مل سکتا ہے۔ پرنتو نوٹ کیجئے کہ شریر سے متعلق کوئی بھی سمسیا ہو وہ ۱۱ نومبر سے پہلے پہلے حل ہونی چاہئیے کیونکہ ۱۱ نومبر تک آپ کا برہسپتی ۱۱ ویں بھاؤ میں ٹھہریگا۔ نوکری پیشہ والوں کے لئے پربھاوت گرہ اس ورش بُدھ ہے۔ جو ورش کے آرمبھ پر گوچر سے چوتھے بھاؤ میں ٹھہرا ہے۔ چوتھے بُدھ کے بارے میں گوچر پھلت میں درج ہے کہ وھن کی پراپتی ہوتی ہے۔ ماتا کو سُکھ ملتا ہے زمین جائیداد سے فائدہ ملتا ہے۔ اچھے دوستوں۔ سرشٹھ پرشوں تھا [illegible] ورش [illegible]

اس مہینہ کے ہر کام میں کامیابی کی دلیل ہیں۔ کوئی بھی کام خواہ کتنا سخت سے سخت ہو تھوڑا سا پریشرم کرنے سے اس کا حل ہونا یقینی ہے۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں تو یہ مہینہ سپھلتا کا ہے۔ ودیا سمبندھت ہر کام مکمل طور پر سپھل ہوگا۔ بھائی بندھوؤں تتھا رشتہ داروں سے میل جول میں وردھی ہوگی۔ اگرچہ خرچ کا یوگ بلوان ہے۔ لیکن آمدنی بھی خرچ کے انوسار ہوگی :۔

جنوری :۔ اگرچہ آمدنی کے نظریہ سے یہ مہینہ اُتم ہے پرنتو شریر کیلئے ناقص ہے اسلئے شریر کے بارے میں محتاط رہئے۔ اگر آپ گرستی ہیں تو آپکو گرہست پکھ سے کوئی نہ کوئی پریشانی بنی رہے گی۔ سماج اتھوا برادری میں اچانک کوئی نہ کوئی جھگڑا کھڑا ہوگا لیکن وہ جھگڑا انت میں آپ کی پرتشٹھا میں اضافہ کرنے کا باعث بنے گا :۔

فروری :۔ دوڑ دھوپ تتھا سنگھرش ادھک بھائی بندھوؤں اور رشتہ داروں کے ساتھ میل ملاپ میں رُکاوٹ۔ گھریلو حالات ناساز گار رہیں گے۔ گھر کے کسی ممبر کی پریشانی بنی رہے گی۔ اِس ماہ کوئی تعمیری کام آرمبھ نہ کریں۔ کیونکہ اگر کوئی تعمیری کام کا پروگرام بنے گا بھی تو وہ درمیان میں لٹکتا رہے گا بلکہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ ودیارتھیوں کے لئے یہ مہینہ اُتم ہے :۔

مارچ :۔ اِس مہینہ میں آپ نے شانتی کا دم لینا ہوگا۔ زمین اتھوا جائیداد سے لابھ ملے۔ اچھے پُرشوں سے مترتا ہوگی۔ اچھا اچھا لٹریچر پڑھنے کی طرف آپ کی پرورتی بڑھے گی اتقراست ستسنگ وغیرہ میں سمّلت ہونے کا اوسر ملیگا۔ اگر یاترا کا پروگرام بنے تو اُس میں آپ کو ادشیہ سپھلتا ہوگی :۔ شُبھ کاموں پر خرچ۔ مان پرتشٹھا میں اضافہ ہوگا۔

دھن راشی کا سوبھاو

دھن راشی والا تیز بدھی کا سوامی ہوتا ہے۔ دان ویر۔ اُدھار چیت تتھا ایکانت کا دِلدادہ ہوتا ہے اپنی پرتشٹھا کو بنائے رکھنے کے دھیان میں ہر سمے رہتا ہے دوسروں کو دبائے رکھنے کی بھاونا کے کارن اپنے ماتحتوں کو سنتُشٹ بنائے رکھتا ہے۔ کسی بھی کام میں اسپھل رہنے کے باوجود ہمت نہیں ہارتا بلکہ اُس کام کو سپھل بنانے کے لئے جوش ولگن سے آگے بڑھتا ہے جو آپ کے جیون کو کامیاب بنانے والا ایک خاص گُن ہے دھن راشی والا گمبھیر سوبھاو والا سہن شیل اور دھن جمع کرنے کی پرورتی والا ہوتا ہے۔ آپ کے وچار اُونچے ہوتے ہیں اور آپ کا رہن سہن بالکل سادہ ہوتا ہے۔ ودیارتھی جیون میں آپ سکول کے نیتا اور گرہستی جیون میں پریوار کی باگ ڈور آپ کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ پڑوسی، متر اور بھائی بندھو اپنی سمسیائیں حل کرنے کے لئے آپ کا سہارا لیتے ہیں۔ اگرچہ آپ کو ہر سمے دوستوں، رشتہ داروں کی ٹولیاں گھیرے رکھتی ہیں پرنتو اُن میں سے آپ کا کوئی بھی سچا دوست یا ہمدرد نہیں ہوتا۔ آپ ہر ایک کو اپنے انوشاسن میں رکھنے کی یوگتا رکھتے ہیں۔ آپکا جیون کشٹوں کی پاٹھشالہ ہونے پر بھی آپ گھبراتے نہیں ہیں۔ آپ کا سوبھاو اندر سے مکھن سے ادھک کومل، پرنتو باہر سے کٹھور ہوتا ہے۔ آپ کا ویواہ ایک ہی ہوتا ہے۔ پرنتو آپ کی استری کی مرتیو آپ سے بہت پہلے ہو جاتی ہے۔ دھنوان ہونے کے باوجود آپ کو کبھی کبھی آرتھک سنکٹ سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ پرنتو ایسا آرتھک سنکٹ بھی صرف دو چار دن کا کھیل ہوتا ہے دائمی نہیں ہوتا۔ آپ جیون میں اچھا دھن

سے میل ملاپ اچھوا دوستی میں اضافہ ہوتا ہے۔ گھریلو جیون کا سُکھ اُدتم رہتا ہے۔ یہ ورش ودیارتھیوں کیلئے ڈانواں ڈول ستھتی میں ہی گذریگا۔ اس ورش ودیا سمبندھت پربھاوت گرہ بدھ ہے۔ مندرجہ ذیل دن نوٹ کریں یہ دن ودیا سمبندھت ہر کام کے لئے شبھ ہیں:۔ ۲۳ جولائی سے ۸ ستمبر تک ÷ ۷ جنوری سے ۱۶ فروری تک ÷ ۱۶ فروری سے ۲۶ مارچ تک ÷ جبکہ بدھ آپ کو گوچر سے لگاتار ۱۱ ویں اور ۱۲ ویں چھٹے بھاو میں آئے گا۔ اس وقت میں یاد کیا ہوا پاٹھ آپ کیلئے کامیابی کا کارن بنے گا یہ اوقات آپ کے پڑھنے پڑھانے کے لئے نہایت اہم ہیں۔ ایک ایک لمحہ کی قدر کیجئے اور رات دن پڑھائی میں جُٹ جایئے۔ اگر آپ گرہستی ہیں اور لڑکے یا لڑکی کے وواہ کے بارے میں کوئی پروگرام بنانا چاہتے ہیں تو بغیر کسی ہچکچاہٹ کے پروگرام بنایئے آپ کا یہ کاریہ بھی شان اور مان سے سرانجام پائے گا۔ اگر آپ کوئی تعمیری کام یا جائیداد زمین سمبندھت کوئی کام شروع کرنا چاہتے ہیں تو اوپر درج شدہ تاریخوں پر کیجئے ورنہ یہ سبھی کام لٹکتے رہیں گے اور آپ کے لئے پریشانی تتھا نقصان کا موجب ہوں گے۔ لہٰذا اوپر درج شدہ تاریخوں کو سال بھر کے لئے شبھ قرار دیجئے۔ اگر آپ کاروبار کرتے ہیں اور آپ کا سمبندھ کریانہ اتھوا کھادیہ پدارتھوں سے ہے تو یہ ورش قیمتوں کی ڈانواں ڈول ستھتی کی وجہ سے پریشانی کا باعث بنے گا۔ اگر آپ مشینری لوہا تتھا کپڑے کا کام کرتے ہیں۔ تو آپ اس ورش فائدہ میں رہیں گے۔ اگر آپ پھلوں کا کاروبار کرتے ہیں تو درمیانی درجہ کا فائدہ ہوگا مجموعی طور سے یہ ورش دھن راشی والے کیلئے فائدہ مند رہیگا جبکہ نومبر تک برہسپتی اور ستمبر سے سنیچر آپ کے ہر کام میں مدد دیں گے۔ اگر آپ ان دونوں گرہوں کو بلوان بنانا چاہتے ہیں تاکہ یہ ورش آپ کا سُکھ شانتی کے ماحول میں گذرے تو میرے لکھے اُپائے کو ضرور اپنائیں:۔ سب سے پہلا اُپائے یہ ہے کہ اگر آپ کے گھر میں کسی بزرگ کیساتھ آپ کی ناراضگی ہے تو اُسے دور کیجئے ورنہ اس ورش بزرگ کی ناراضگی آپ کے لئے شاپ کا کارن بنے گی جس کے پربھاو سے آپکا کوئی بھی شبھ گرہ، شبھ پھلدائک نہیں بنے گا۔ سب کچھ قربان کر کے اس بزرگ کا آشیرواد پراپت کریں۔ تو آپ دیکھیں گے کہ بزرگوں خاص طور پر ماں باپ کے آشیرواد میں کتنا بل ہے۔ اگر آپ مانس کھاتے ہیں تو اس ورش مچھلیاں کھانے سے پرہیز کریں بلکہ ہو سکے تو مچھلیوں کو آٹا ڈالیں÷

دھن راشی کا ماسک پھلادیش

اپریل:۔ شریر سُکھ اُدتم رہے گا، مانسک شانتی رہیگی۔ آرتھک دشا میں سُدھار ہوگا۔ اچانک لابھ اتھوا ترقی کا یوگ بنے۔ آرمبھ کئے بیشتر کاموں میں کامیابی ہوگی۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو ترقی کی سمبھاونا ہے اتھوا ترقی کی کوئی یوجنا بھی ہو جائیگی۔ بگڑے کام سُدھر جائیں گے۔ اس مہینہ میں پانچویں بھاو میں سُریہ اور بُدھ کی یُوتی ہوگی۔ گوچر سے یہ یوگ ناقص مانا جاتا ہے۔ جس کا پربھاو خاص طور پر آپ کے شریر پر پڑے گا شریر کے بارے میں محتاط رہیئے÷

مئی:۔ اس مہینہ میں آپ کو چوتھا شنی آ گیا ہے۔ جس کے بارے میں گوچر شاستروں میں لکھا ہے۔ منو کامنائیں پورن ہوں گی۔ دھن کی پراپتی ہوگی۔ واہن، موٹر وغیرہ کا سُکھ ملیگا۔ سمبندھیوں سے میل ملاپ میں وردھی ہوگی۔ شریر سُکھ اُدتم رہے گا۔ ایسے ہی باقی گرہوں کی ستھتی بھی قدرے ٹھیک ہی ہے۔ جن کے پربھاو سے [illegible]

...... ہر ہر پہلو سے آپ کیلئے سُکھ شانتی کا ہو گا۔ کوئی بھی کام جو آپ اپنے ہاتھ میں لیں گے اُس میں اوشیہ سپھلتا ہو گی۔

جُون :۔ بنے کام بگڑنے کا اندیشہ ہے۔ گرہستی ہونے پر گھر کے کسی ممبر کی پریشانی بنی رہے گی۔ جائیداد اتھوا زمین سمبندھت جھگڑے کا اندیشہ۔ مزاج میں چڑچڑا پن۔ نیچ خیال لوگوں سے میل ملاپ اور نیچ وچاروں کا پرکٹ ہونا۔ پارٹیوں میں سمّلت ہونے کے پروگرام بنتے رہیں۔ اِس مہینہ کے آپ کے لئے شُبھ دن ہیں :۔ ۱۲ جُون ۱۱ بجکر ۲۴ منٹ دن سے ۱۴ جُون ۷ بجکر ۱۸ منٹ شام تک ؛ ۱۹ جُون سے ۲۱ جُون ۶ بجکر ۴۰ منٹ دن تک اور ۳۰ جُون :۔

جولائی :۔ شریر سُکھ اوتم رہے گا۔ گھریلو حالات اشانت رہیں گے۔ بھائی بندھوؤں اتھوا برادری میں اچانک کوئی جھگڑا کھڑا ہو گا۔ زمین اتھوا جائیداد سے لابھ ملے دھن خرچ کی نئی نئی یوجنائیں نکل آئیں گی۔ خرچ کیساتھ ساتھ آمدنی کے ذرائعوں میں بھی وردھی ہو گی :۔ اِس مہینہ کے آپ کیلئے یہ ناقص دن ہیں :۔ ۴ جولائی سے ۹ جولائی تک ؛ ۱۲ جولائی سے ۱۶ جولائی تک ؛ ۲۰ جولائی سے ۲۴ جولائی تک :۔

اگست :۔ کام کاج میں رات دن مصروفیت۔ گھریلو حالات پریشان کُن۔ گھر کے کسی ممبر کی طرف سے چنتا۔ شریر سُکھ مدھیم۔ بھائی بندھوؤں اور دوستوں وغیرہ کے ملاپ میں ادھکتا۔ دھن کے نظریہ سے یہ مہینہ اوتم رہیگا۔ اچھے پرشوں سے ہاتھ ملانے کا یوگ۔ اِس ماہ کے آخری ہفتہ میں اپنی صحت کے بارے میں ساودھان رہیئے۔ جو کا بھئے

ستمبر :۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو اچانک تبدیلی کا یوگ۔ تبدیلی کے ساتھ پد کی میں ترقی۔ گھر میں کوئی مہوتسو منانے کا پروگرام بنے۔ پارٹیوں اتھوا دعوتوں میں شمولیت۔

طول [illegible]

گرہستی ہونے پر سُسرال کی طرف سے لابھ ملے۔ اچھے پرشوں سے میل ملاپ ...

اکتوبر :۔ اگر آپ واہن، موٹر وغیرہ چلاتے ہیں تو ساودھان رہیئے۔ اچانک ... کا خطرہ ہے۔ شتروؤں کا بھی زور رہیگا۔ دوڑ دھوپ ادھک۔ یاترا کا یوگ بنے جو آپ کے لئے لابھدائیک رہے گی۔ ہر کام میں رکاوٹوں کے باوجود انت میں کامیابی ہو گی۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں۔ تو ودیا سمبندھت اکثر کاموں میں کامیابی ہو گی :۔

نومبر :۔ اِس مہینہ کے پہلے اور آخری ہفتہ میں کوئی دُرگھٹنا پیش آنے کا اشارہ ملتا ہے۔ نئی نئی سمسیائیں اچانک کھڑی ہوں گی اور پُرانی اُلجھنیں بھی از سرِ نو پریشانی کا موجب بنیں گی۔ اگر آپ بیوپاری ہیں تو آپکو ساودھان رہنا چاہیئے۔ کسی ساجھیدار سے یا کسی نوکر کے ذریعے نقصان کا خطرہ ہے۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو دفتر میں کسی افسر سے اَن بن ہونے کا خطرہ ہے۔ جو آپ کی اشانتی کا کارن بنے گا :۔

دسمبر :۔ مہینہ کے آغاز پر بارھویں بھاو میں چار گرہوں کا سمیوگ آپ کی آمدنی میں رکاوٹ کا باعث بنے گا اور خرچ کی ادھکتا کا کارن بنے گا۔ صرف مُلازمت پیشہ لوگوں کے لئے یہ مہینہ ہر پہلو سے لابھ دائیک ہوگا۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں تو آپ کیلئے بھی اِس مہینہ کے گرہ موافق نہیں ہیں بلکہ سبھی گرہ آپ کو پریشان کرنے میں سہائیک ہوں گے جس کیوجہ سے پڑھنے پڑھانے میں دل نہیں لگیگا :۔

جنوری :۔ اچانک دھن لابھ کا یوگ ہے کام کاج کی ادھکتا۔ آمدنی میں اضافہ شُبھ کاموں پر خرچ۔ دواہ وغیرہ کوئی دھارمک سمارودہ منانے کا پروگرام بنے۔ اگر آپ بیوپار کرتے ہیں تو آپ کا بیوپار اِس ماہ میں کامیاب رہیگا۔ یہ مہینہ سُکھ شانتی میں گذریگا :۔

فروری :۔ آپ اپنا ہر کام احتیاط سے کریں۔ ذاتی طور پر آپکو کوئی گُپت پریشانی بنی رہیگی

بھائی بندھوؤں اور رشتہ داروں میں سنمان بڑھیگا۔ شترؤوں پر غلبہ۔ فضول جھگڑوں میں وقت ضائع ہوگا۔ وواہ وغیرہ کوئی شبھ کاریہ سرانجام دینے کا پروگرام بنے۔

مارچ :۔ اِس مہینہ میں گرہ آپ کے انوکول ہیں۔ ممکن ہے یاترا کا یوگ بنے۔ پرنتو اُسمیں صرف خرچ ہی کرنا ہوگا۔ لابھ کی کوئی آشا نہ رکھیں۔ اگر آپ بیوپاری ہیں تو بیوپار میں خرچ کرنا ہوگا۔ جو آپ کے بیوپار کو وُسعت دیگا۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں۔ تو تھوڑا سا پریشرم کرنے پر بھی آشا سے ادھک سپھلتا ہوگی۔ ورش پھل میں لکھے اُپائے کو ضرور اپنائیں

مکر راشی کا سوبھاؤ

آپ بھاگیہ شالی ہیں آپ کی راشی مکر ہے۔ آپ کا جنم نکشتر اتر اشاڑھا شرون تھا دنشٹھا ہے۔ آپ کی راشی کا سوامی سنیچر ہے اِس لئے آپ کے جیون پر ادھک پربھاد سنیچر کا ہونا ضروری ہے کشٹوں کی پاٹھ شالہ میں پڑھ کر آپ کا جیون بنا ہوا ہوتا ہے آپ دھن کے پکے، نربھے تتھا ہٹھی سوبھاؤ کے ہوتے ہیں۔ آپ باہری پریم تتھا دِکھاوے سے نفرت کرتے ہیں جس کے کارن لوگ آپ کو کٹھور تتھا ناستک سمجھنے کا دھوکہ کھاتے ہیں آپ سرمیہ مان پرنشٹھا کو بچائے رکھنے کی دُھن میں لگے رہتے ہیں۔ آپ کی بات اِتنی پختہ اور سُوجھ بُوجھ والی ہوتی ہے کہ اُس کا مذاق اُڑانے یا اُسے فضول سمجھنے کی کسی میں جرأت نہیں ہوتی دھن کمانا، خود کھانا اور دُوسروں کو کھلانا، سیر سپاٹے میں دلچسپی آپ کے جیون کا مکھیہ لکشن ہوتا ہے۔ دھنا ڈیہ ہونے پر بھی آپ فضول خرچی سے بچتے ہیں

اِس لئے آپ کو کئی لوگ کنجوسوں کے زمرہ میں شامل کرتے ہیں۔ جیون میں آپ کو بہت سے اُتار چڑھاؤ دیکھنے پڑتے ہیں پھر بھی آپ کسی پہلو سے نراش نہیں ہوتے اور نہ ہی کسی کے سامنے جُھکتے ہیں۔ سنسار کا اُتار چڑھاؤ جاننے کی بُدھی رکھتے ہیں۔ سماج میں آپ کی گنتی سرو سادھارن جنتا میں ہوتی ہے آپ کا نام عام طور پر گپت ہوتا ہے۔ دھارمک پرورتی آپ کی کم ہوتی ہے سادھو سنت، فقیروں کی سنگت سے آپ دُور رہتے ہیں۔ آپ ظاہرا طور پر خشک سوبھاؤ کے نظر آتے ہیں لیکن اندر سے آپ کا من پریم اور ہمدردی سے بھرا ہوا ہوتا ہے۔ کسی کو کشٹ دینا آپ کا سوبھاؤ نہیں ہوتا۔ آپ زیادہ دوست نہیں رکھتے پرنتو آپ کو دوست بنایا جا سکتا ہے۔ جس کسی کے ساتھ آپ کی دوستی ہوتی ہے وہ دائمی اور قابلِ یقین ہوتی ہے۔ آپ کی سوچ شکتی بہت مضبوط ہوتی ہے۔ بِلا سوچے سمجھے آپ کوئی کام نہیں کرتے آپ ساہسی اور محنتی ہوتے ہیں۔ آپ کسی کے ماتحت کام کرنا پسند نہیں کرتے۔ آپ ملازمت کرنے میں زیادہ کامیاب نہیں ہو سکتے بلکہ بیوپار میں پھلتے پھُولتے ہیں۔ آپ کا گرہستی جیون سُکھ شانتی کا ہوتا ہے آپ کی سنتان کم ہوتی ہے پرنتو سنتان سے آپ سُکھی ہوتے ہیں۔ آپ کی صحت عام طور پر صحیح ہوتی ہے اور کوئی نہ کوئی روگ آپ کو گھیرے رکھتا ہے آپ کو ۵۶ ویں ورش میں شریر ارشٹ ہوتا ہے اُس کے گذر جانے پر آپ کی آیو لگ بھگ ۷۲ ورش کی ہوتی ہے دو ورش کم مکر راشی والوں سے متر بھاؤ اور شبھ رہتی ہے۔ پرنتو میش سِمہ راشی ... آپکا سمبندھ اچھا دوستانہ تعلقات ٹھیک نہیں رہ سکتے ...

شبھ ہے۔ آپ کیلئے بھورا، ہرا، کالا رنگ شبھ ہے اور پکھراج رتن مفید ہے۔

مکر راشی کا وارشک پھل

درش کے آرنبھ میں پہلے بھاو میں شکر کا ہونا اِس درش کے شبھ پھل کا اشارہ ہے گوچر سے جب پہلا شکر آتا ہے تو اس کے بارے میں گوچر پھلت میں لکھا ہے۔ کہ دھن کی پراپتی ہوتی ہے۔ شتروؤں کا ناش ہوتا ہے دواہت نہ ہونے پر حسب خواہش دواہ اوشیہ ہوگا۔ اگر آپ گرہستی ہیں اور پتر کے خواہاں ہیں تو سنتان اوشیہ ہوگی۔ اِس کے برعکس نویں بھاو میں بوم اور سینچر کا ایک ساتھ ہونا ناقص یوگ مانا گیا ہے جیسا کہ گوچر پھلت کا کہنا ہے۔ اِس ناقص یوگ کے پربھاو سے دکھ روگ تتھا دشمنوں کی وردھی ہوتی ہے۔ دھرم کے کاموں سے منش بے مکھ ہوجاتا ہے آچار بھرشٹ ہوجاتا ہے۔ برادری سے آن بن۔ متروں سے دھوکہ کوئی جھوٹا الزام لگنے کا اندیشہ۔ شریر میں کمزوری۔ پٹھوں میں درد۔ بھاگیہ میں خرابی۔ شتروؤں کا بھے۔ درش کے آرنبھ پر گوچر سے تیسرے بھاو میں شریہ چندر اور بدھ کا ہونا شبھ مانا جاتا ہے۔ اِس یوگ کے زیر اثر اچھے پرشوں سے میل ملاپ ہوتا ہے۔ شتروؤں کا ناش ہوتا ہے۔ مان پرتشٹھا میں وردھی ہوتی ہے۔ کھانے پینے اور آرام و آسائش کا سکھ ملتا ہے۔ سواستھ ٹھیک رہتی ہے من پرسن رہتا ہے۔ بھائی بندھوؤں سے پریم میں وردھی ہوتی ہے۔ برہسپتی کا دسواں ہونا بھی ناقص مانا جاتا ہے۔ اِس ملے جلے یوگ کے ... طول جیسی ستھتی میں گذر یگا نہیں۔ شریر کی دشا بھی ڈانواں ڈول ... سواستھ کبھی شریر کشٹ۔ آمدنی بھی ایک جیسی نہیں رہے گی۔ گا۔ ... آمدنی میں ایسا اضافہ ہوگا جس کی آپ کو آشا بھی نہیں ہوگی۔ پرنتو کہا ہے آمدنی میں ایسی رکاوٹ پڑے گی جو آپ کے لئے تنگدستی کا باعث ہوگی۔ بھائی بندھوؤں، رشتہ داروں کے ساتھ میل جول میں پریم کی ادھکتا ادر گاہے اچانک رنجش۔ تعمیری کام اتھوا واہن وغیرہ کی خرید میں رکاوٹ پڑے۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں تو یہ درش آپ کے لئے مکمل کامیابی کا درش ہے۔ ودیارتھیوں کو چیتاونی ہے، کہ وہ ایک ایک لمحہ کی قدر کریں اور رات دِن پڑھائی میں جٹے رہیں ورنہ ایسی کامیابی کا اوسر آئندہ آنیوالے کئی درشوں تک نہیں ملیگا۔ اگر کوئی ودیارتھی کئی بار پریکشا دینے پر ناکام رہا ہے تو اس کیلئے لازمی ہے کہ وہ اِس درش پھر سے امتحان میں سملت ہوجائے۔ آپ کی کامیابی یقینی ہے۔ ودیا سمبندھت کوئی بھی سمسیا کیوں نہ ہو ذرا سا دھیان دینے سے ہر ایک کام سدھ ہوگا۔ اگر آپ میرے لکھے ہوئے اوپائے پر عمل کریں گے تو یقین رکھیں کہ آپکو سو فیصدی کامیابی ہوگی آج ہی پرتگیا کیجئے کہ آپ کسی بزرگ سے گرم کلامی سے پیش نہیں آئیں گے۔ خاص طور پر اپنے ماتا پتا کو خوش رکھنے کا پریتن کریں گے۔ صبح بستر سے اٹھتے ہی ان کے چرنوں کو سپرش کر کے ان سے آشیرواد پراپت کریں گے۔ یہی ایک اوشدھی آپ کی سپھلتا کی کنجی ہے۔ اگرچہ اِس درش شتروؤں کا زور رہے گا پرنتو کوئی شترو آپ پر غالب نہیں آسکیگا۔ میش، سہم تتھا کن راشی والوں سے ساودھان

رہیئے۔ کوئی بھی شراکت یا ساجھے داری اُن لوگوں سے نہ کیجیئے جن کے ناموں کا پہلا اکھشر ج۔ ل۔ م۔ ٹ یا ہ۔ ڈ ہو بلکہ اِن سے بچکر رہیئے۔ اگر آپ گرہستی ہیں تو آپ کو گرہست پکھ سے مانسک شانتی بنی رہے گی۔ دھارمک تتھا سا ماجک کاموں سے دلچسپی کم رہے گی بلکہ ایسے کاموں میں حصّہ لینے کا اوسر ہی نہیں ملیگا۔ دسویں بھاو کا سوامی شکر لگن میں ہونے سے اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو یہ ورش شانتی تتھا باعزّت طور پر گذریگا۔ بیوپاری ورگ کو اِس ورش اشانت واتاورن سے گذرنا ہوگا۔ کبھی آپ کو لابھ ہوگا اور کبھی تنگدستی سے دوچار ہونا پڑیگا۔ اگرچہ راشی پھل جہلاؤں تتھا پُرش دونوں کا ایک جیسا لکھا جاتا ہے۔ پرنتو تو بھی اِس ورش اُن کو پُرشوں کی نسبت زیادہ سُکھ شانتی رہے گی۔

مکر راشی کا ماسک پھل

اپریل :۔ چھٹے بھاو میں بوم اور سنیچر کا سمیوگ تتھا دُوسرے بھاو میں شکر کا ہونا اِس مہینہ کے شبھ پھل کا سُوچک ہے۔ شریر آپ کا تندرست رہے گا۔ گھریلوُ حالات انوکول رہیں گے۔ شبھ کاموں پر خرچ ہوگا۔ دھارمک اتھوا سا ماجک کاموں میں دلچسپی بنی رہے گی۔ آمدنی میں وردھی ہوگی۔

مئی :۔ یہ مہینہ سُکھ شانتی کے واتاورن میں گذریگا۔ جس کام میں آپکا ہاتھ ہوگا اُسمیں اوشیہ سپھلتا ہوگی۔ شریر سُکھ اُتم رہے گا۔ گرہستی ہونے پر گرہست پکھ سے مانسک شانتی۔ شُبھ کاموں پر دھن کا سارتھک خرچ۔ بھائی بندھوؤں سے میل ملاپ میں وردھی۔ آمدنی کے سادھنوں میں بڑھاوا ملیگا۔ اچھے پُرشوں سے میل ملاپ میں وردھی۔ اِس ماہ کی ۸۔ ۹۔ ۱۰۔ ۱۳۔ ۱۴ ۱۴ اور ۱۵ تاریخیں شبھ ہیں۔

جُون :۔ اِس مہینہ میں شکر ورِش راشی میں اور شریہ میتھن راشی میں آئے گا۔ یعنی شریہ چھٹے بھاو میں اور شکر پانچویں بھاو میں آئیگا۔ اِن دونوں گرہوں کا پربھاو آپ پر شُبھ ہوگا۔ ہر کام میں کامیابی ہوگی۔ اَن دستر وغیرہ کا لابھ ہوگا کاشتکار ہونے کی صُورت میں زمین اتھوا پشو دھن سے لابھ ملیگا۔ شریر سوستھ رہے گا۔ ملازمت کی صُورت میں اچانک ترقی کا یوگ بنے گا۔

جولائی :۔ یہ مہینہ شُبھ پھل کا ہی سُوچک ہے۔ جِس کام میں آپکا ہاتھ ہوگا وُہ لازمی طور پر سپھل ہوگا۔ گرہست پکھ اتھوا سُسرال سے سُکھ شانتی ملیگی۔ گھریلوُ سُکھ کا لابھ ملے۔ اچھے پُرشوں سے میل ملاپ میں اضافہ ہوگا۔ سا ماجک اتھوا دھارمک کاموں سے دلچسپی بنی رہے گی۔ ودّیارتھی ہونے پر ودّیا سمبندھت اکثر کاموں میں اوشیہ کامیابی ہوگی۔

اگست :۔ کوئی شبھ کام سرانجام دینے میں دلچسپی بنی رہے گی۔ گرہست پکھ سے مانسک اشانتی۔ نوکری پیشہ ہونے پر سمبندھت افسر سے اچانک ناراضگی یا اَن بن۔ ودّیارتھی ہونے پر پڑھنے پڑھانے میں پرورتی کم۔ نیچ اتھوا اوچھے پُرشوں سے واسطہ پڑے۔ آمدنی میں وردھی ہوگی پرنتو خرچ آشا سے زیادہ ہوگا۔ اِس ماہ کی ۳۔ ۴۔ ۵۔ ۱۴۔ اور ۱۸ اگست تتھا ۲۴ اگست سے ۲۸ اگست ۱۱ بجے ۲۶ منٹ دِن تک شبھ تاریخیں ہیں۔

ستمبر :۔ کھانے پلانے کی پرورتی بنی رہے گی۔ بھائی بندھوؤں سے میل جول۔ اچھے پُرشوں سے مُلاقات کا اوسر ملے۔ جو آ[illegible]

ہر پریشانی کا خاتمہ ہوگا۔ اگر آپ زمیندار ہیں تو آپ کو زمین اتھوا پشو دھن سے فائدہ ملیگا۔ اچانک کوئی جھگڑا کھڑا ہونے کا اندیشہ ہے۔ اگر آپ جہلا ہیں تو سنتان پکھ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

اکتوبر:۔ اِس ماس کے دوسرے ہفتے میں آپ کو منگل بارھواں آئیگا۔ جو آپ کے لئے ہر پہلو سے لابھ دائیک رہے گا۔ اگر آپ زمیندار ہیں تو زمین سے لابھ ملیگا اگر آپ نوکری پیشہ ہیں تو نوکری میں لابھ اتھوا ترقی۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں تو ودیا سمبندھت ہر کام میں کامیابی ہوگی۔ شریر سُکھ اُدتم رہے گا۔ اگرچہ اِس مہینہ میں لابھ اُدتم ہوگا پرنتو خرچ کے راستے بھی وسیع ہوتے جائیں گے۔

نومبر:۔ اِس مہینہ کے آغاز میں آپ کو گوچر سے پانچ گرہوں کا یوگ دسویں بھاو میں ہوگا۔ یہ پنچ گرہ یوگ دسویں بھاو میں ہونا آپ کے لئے کوئی اُلجھن کھڑی کرنے کا باعث بنیگا۔ لازم ہے کہ آپ میرے لکھے ہوئے اُپائے پر عمل کریں۔ اِس مہینہ کے ہر سوموار کو آپ بھگوان شنکر پر جل چڑھاتے ہوئے پڑھیں "ترمبکم۔ یجامہے۔ سُوگندھم۔ پُشٹی وردھنم۔ اُروارُکم۔ یہ د۔ بندھنات۔ مرتیور مُکشیہ مامرتات" ۔

دسمبر:۔ یہ ماس سنگھرش میں گذریگا۔ ہر کام میں رُکاوٹوں کے بعد ہی سپھلتا کی سمبھاونا ہے۔ شریر سُکھ مدھیم رہے گا۔ پھر بھی آرتھک نظریہ سے یہ مہینہ اُدتم رہے گا۔ مہینہ کے انت میں کوئی شُبھ کام شروع کرنے کا پروگرام بنے۔ یکم دسمبر سے ۱۰ دسمبر تک اِس مہینہ کے ناقص دِن ہیں۔

جنوری:۔ نئے سال کا یہ مہینہ آپکو کوئی شُبھ سندیش لیکر آیا ہے۔ آپ جس کام کو ہاتھ میں لیں گے کامیابی آپ کے قدم چومیگی۔ بھائی بندھوؤں سے میل جول [illegible] وردھی ہوگی۔ شریر سُکھ مدھیم۔ پارٹیوں میں سمِلت ہونے کے پروگرام بنتے [illegible] مہمان نوازی میں مصروفیت۔ فضول خرچ۔ آمدنی میں بھی اچانک وردھی۔ طالب علموں کے لئے یہ مہینہ اُدتم رہے گا۔ کِسی دوست اتھوا قریبی رشتہ دار سے اَن بن کا اندیشہ۔

فروری:۔ یہ مہینہ دوڑ دھوپ تتھا سنگھرش میں ہی گذریگا۔ پرنتو ہر کام میں سپھلتا ہوگی۔ اچانک کوئی شُبھ سندیش مِلے۔ مُدت سے چلی آرہی اُلجھنیں سُلجھ جائینگی آرمان کے لحاظ سے یہ مہینہ اُدتم ہے۔ اِس ماہ کے انتم ہفتہ میں اچانک کوئی لابھ مِلے۔ یاترا میں فائدہ رہے۔ دھارمک اتھوا ساماجک کاموں سے دلچسپی۔

مارچ:۔ کوئی شُبھ کام سرانجام لانے کا پروگرام بنے۔ شُبھ کاموں پر خرچ۔ آمدنی میں اچانک وردھی۔ ودیارتھی ہونے پر ودیا سمبندھت ہر کام میں کامیابی شریر سُکھ اُدتم۔ پرتشٹھا اتھوا عزت میں وردھی ہوگی۔ اِس ماہ کا پہلا ہفتہ لابھ دائیک

کُنبھ راشی کا سوبھاؤ

کُنبھ راشی کا سنیچر سوامی ہے۔ کُنبھ راشی والا ہر بات کو گپت رکھنے کا سوبھاؤ والا ہوتا ہے۔ سادھارن بات کو بھی گھما پھرا کر کہتا ہے۔ یش مان پرتشٹھا کی اچھیا آپ میں پائی جاتی ہے۔ ایک آزاد پکشی کی بھانتی رہنا آپ پسند کرتے ہیں۔ آپ کا سوبھاؤ حاسدانہ ہونے کے ساتھ ساتھ دیالو بھی ہوتا ہے۔ غریبوں، دُکھیوں کی سہائتا کرنے میں آپ کِسی سے پیچھے نہیں رہتے۔ آپ کی بات سپشٹ ہوتی ہے یا یوں کہیئے کہ

کہ آپ کھُلی کتاب کی مانند ہیں۔ آپ ہر کام کے لکش تک پہنچنے کے لئے راج مارگ کو چھوڑ کر گلی کوچوں کو اپناتے ہیں تاکہ لکش تک جلدی پہنچا جا سکے۔ اگر آپ کو شارٹ کٹ بھی کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا لمبے چوڑے جھمیلے اتھوا اد وِواد میں پڑنا آپ پسند نہیں کرتے ہیں۔ کل کی چنتا نہ کرنا اور ورتمان کو بھلی پرکار سے گذارنا آپ کا سوبھاؤ ہوتا ہے۔ آپ کا سواستھ اکثر ڈھیلا رہتا ہے۔ پرنتو آپ کا شریر سڈول تتھا سُندر ہوتا ہے کسی انگ میں چوٹ کا نشان بنا رہتا ہے۔ نراش ہونا آپ نے جیون میں کبھی سیکھا ہی نہیں ہے۔ آپ کے دوستوں کی گنتی ادھک ہوتی ہے پرنتو کوئی وفادار نہیں ہوتا آپ دوسروں کے بتائے ہُوئے راستہ پر نہیں چلتے بلکہ اپنا راستہ خُود بناتے ہیں۔ دُوسروں سے دھوکہ کھانے کے باوجُود آپ اُن پر وشواس کرتے ہیں۔ یہ آپ میں سب سے بڑی کمزوری ہوتی ہے۔ آپ کسی کام میں ذرا سی کمزوری ہونے پر اُسے چھوڑ دیتے ہیں اور معمُولی ناکامی پر دِل برداشتہ ہو جاتے ہیں۔ بات چیت کے ذریعے دُوسروں کا پیٹ بھر دینا آپ کو اچھی طرح آتا ہے۔ عام طور پر آپ نوکری کرتے ہیں اور اُسمیں کامیاب رہتے ہیں۔ جیون میں ایک بار آپ کا بھاگیہ ضرُور اُدے ہوتا ہے پرنتو بھاگیہ اُدے کے لئے کوئی نشچت سمیہ نہیں ہوتا۔ یہ کسی بھی آیُو میں ہو سکتا ہے۔ آپ کا گرہستی جیون اُتار چڑھاؤ کا ہوتا ہے۔ آپ کے بھائی بہن کم ہوتے ہیں۔ اگر زیادہ بھی ہوں تو بھی اُن سے اَن بن رہتی ہے۔ سنتان ہونے پر بھی آپ کو سنتان پکھ سے کشٹ ہوتا ہے۔ آپ کو نشیلی دستوؤں سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ کیونکہ نشیلی دستوؤں کے سیون سے آپ کی ترقی رُک جائے گی۔ کرکٹ راشی والوں سے آپ کا سمبندھ ٹھیک نہیں رہتا جبکہ میتھن اور کنبھ نیز طُول راشی والوں کے ساتھ آپکا سمبندھ لابھدائیک رہتا ہے۔ آپ کے لئے سینچر کا دِن شُبھ تتھا فائدہ مند رہتا ہے۔ آپ کے لئے نیلا لال اور بینگنی رنگ نیز کالا شُبھ ہوتا ہے۔ یعنی ایسے رنگ کے کپڑوں کو اِستعمال کرنا آپ کے لئے فائدہ مند رہتا ہے۔ رتن "نیلم" رنگ آپ کیلئے شُبھ ہے ÷

کُنبھ راشی کا ورش پھل

اِس ورش کے آرمبھ پر آپ کے گرہ کچھُ اچھے نہیں ہیں۔ جبکہ کیندر میں کوئی گرہ نہیں ہے۔ ایسے ہی آٹھویں بھاؤ میں بوم اور سینچر۔ بارھویں بھاؤ میں شکر۔ دُوسرے گھر میں شریہ، چندرمہ کا ہونا یہ بیلا چُبا یوگ ناقص ہے جو سال بھر کے سنگھرش تتھا اشانتی کا سُوچک ہے۔ آپ کا پربھاوت گرہ سینچر ہے جو آپ کو ۲۱ ستمبر تک آٹھویں بھاؤ میں رہے گا۔ یہ کردر گرہ اپنے ناقص پربھاؤ سے آپ کو ادشیہ پربھاوت کریگا۔ شریر کی پریشانی بنی رہے گی۔ اگر آپ شریر سے سوستھ ہیں تو بھی ۲۱ ستمبر تک شریر کے وِشئے میں آپ کو محتاط رہنا چاہیئے۔ کیونکہ اچانک شریر بگڑنے کا اندیشہ ہے۔ اگر آپ کا شریر پہلے سے ہی اسوستھ ہے تو آپ علاج کے علاوہ لازمی طور پر اُپائے کریں ورنہ شریر کشٹ کا خطرہ ہے۔ جِس کا اُپائے یہ ہے کہ اِس سال جب سنکراتی اور سینچر وار ہوں یعنی ۱۷ جولائی اور ۱۲ فروری کو اپنے وزن کا کالا آٹا، ماش، مونگ، موٹھ، تیل [illegible] وغیرہ۔ کسی غریب پاتر کو دکھشنا سہت دیجئے۔ اگر ایسا نہ ہو سکے [illegible]

اپنے صبح کے نیم کے انت میں ۱۰۸ بار جہامرتنجے کا جاپ کیا کریں۔ منتر یہ ہے:۔ "اوم۔ تریمبکم، یجامہے، شوگندھم، پوشٹہ وردھنم۔ اُروا رُوکم، یہ و۔ بندھنات، مرتیور، موکھشیہ مامرتات"۔ دھن کی دشا بھی اِس ورش ڈانواں ڈول ہی رہے گی جبکہ ورش کے آرمبھ میں ہی دھن کے ستھان میں شُکریہ، چندرمہ اور بُدھ کا یوگ پڑا ہے۔ شُکریہ چندرمہ کا دُوسرے بھاو میں ہونا ناقص مانا جاتا ہے۔ جیسا کہ گوچر پھلت میں درج ہے جب دُوسرے بھاو میں شُکریہ اور چندرمہ پڑا ہو تو دُوشٹ لوگوں سے میل جول رہتا ہے۔ سر اور آنکھوں میں پیڑا ہوتی ہے۔ بیوپار اتھوا دھن کی ہانی ہوتی ہے متر اور سمبندھیوں سے جھگڑا ہوتا ہے۔ بیشتر کاموں میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ پاپ کرم کی طرف پرورتی بڑھتی ہے۔ اِس کے برعکس دُوسرے بھاو میں آئے ہوئے بُدھ کے بارے میں لکھا ہے کہ آنند کی وردھی ہوتی ہے۔ ودّیا میں سپھلتا ہوتی ہے۔ گھر میں سُکھ کی وردھی ہوتی ہے۔ اِس ملے جُلے یوگ کے مطابق گا ہے دھن کی کمی ہوتی ہے گاہے دھن کی وردھی ہوتی ہے۔ کبھی لابھ کبھی نقصان یعنی دھن کی دشا استھر رہتی ہے۔ ایسا ہونے پر بھی دھن کا سارتھک خرچ ہوتا ہے جس کام میں آپ دھن خرچ کریں گے اُس سے آپ کی شان اور مان میں اضافہ ہوگا۔ اچھے اچھے کاموں میں دھن خرچ ہونے کے پروگرام بنتے رہیں گے۔ گھر میں کوئی اُتسو رچانے کا پروگرام بنے۔ اتھوا کوئی تعمیری کام چالو کرنے کی یوجنا بنے جسمیں پُورن رُوپ سے سپھلتا ہوگی۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو آپ کا پربھاوت گرہ اِس ورش بوم ہوگا۔ جو ورش کے آرنبھ پر سنیچر کے ساتھ آٹھویں بھاو میں ٹھہرا ہے۔ آٹھویں بھاو میں بوم، سنیچر کا ہونا ناقص یوگ ہے۔ اِس کُرُور یوگ کے پربھاو سے غصّہ ادھک

قوت برداشت (سہن شکتی) میں کمی۔ جھگڑے دل تتھا اُلجھنوں سے دوچار ہونا ہو

طول

۲۰ اکتوبر سے ۲۹ نومبر تک آپ کو ۱۱ واں بوم آئے گا۔ جس کے پربھاو سے یہ دور آپ کے لئے لابھ دایک رہے گا۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں اور آپ کی ترقی کا کوئی سلسلہ چل رہا ہو تو اُس دشیئے میں کامیابی ہوگی۔ نوکری سمبندھت کوئی بھی کام آپ نے آرنبھ کرنا ہے۔ اِس سمیئے میں شروع کیجیئے۔ کامیابی یقینی ہے۔ اگر آپ ودّیارتھی ہیں اور ودّیا سمبندھت آپ کا پربھاوت گرہ بُدھ ہے۔ جو آپ کو ودّیا سے تعلق رکھنے والے ہر کام میں کامیابی دلانے والا ہوگا۔ بُدھ چونکہ ڈانواں ڈول ستھتی والا گرہ ہے۔ شُبھ گرہوں کے ساتھ جانے سے شُبھ اور پاپ گرہوں کے ساتھ جانے سے اشُبھ ہو جاتا ہے۔ ورش کے آرمبھ پر شُکریہ اور چندرمہ کے سمپرک میں پڑنے سے دونوں شُبھ اور اشُبھ دشاؤں میں پھنسے ہوئے ہیں۔ اِس لئے ودّیارتھیوں کو چیتاونی ہے کہ آپ تبھی پاس ہونے کی آشا رکھیں جب آپ میرے لکھے ہوئے اُدپائے کو عملی رُوپ دیں گے۔ اُدپائے یہ ہے کہ آپ شُکریہ اُدے سے پہلے جتنا تڑکے ہوسکے اپنے مطالعہ کا پروگرام بنائیں اور صبح اُٹھتے ہی گھر کے آدرنیہ بزرگ کے چرنوں کا سپرش کر کے اُن سے آشیرواد پراپت کریں۔ اگر آپ گھر سے باہر تعلیم حاصل کر رہے ہیں تو اپنے ماتا پتا کے فوٹو اپنے کمرے میں رکھیں اور صبح اُٹھ کر سب سے پہلے سَر جھکا کر اُن کو نمسکار کریں۔ اگر آپ بیوپار کرتے ہیں۔ تو اِس ورش آپ کے بیوپار کے پربھاوت گرہ بوم اور برہسپتی ہیں۔ اِن دو گرہوں کے پربھاو سے آپ کے بیوپار میں اِستھر یہ جنگ اُتار چڑھاو ہوں گے۔ آپ کے بیوپار کی گتی ایک رفتار میں نہیں رہے گی پرنتو انت میں آپ مجموعی طور سے لابھ میں رہینگے

دھارمک کاموں سے دلچسپی کم رہے گی۔ اگر آپ گرہستی ہیں تو گرہست پکھ سے بھی آپ اکثر شانت ہی رہیں گے۔ کبھی ایک چنتا گھیرے رکھے گی اور کبھی دوسری پریشانی بنی رہے گی۔ اگر آپ ابھی وواہت نہیں ہیں تو اِس ورش بھی وواہ نہیں ہوگا۔ اگر آپ لڑکی ہیں تو وواہ کا یوگ بننے کی سمبھاونا ہے ؛

کُنبھ راشی کا ماسک پھل

اپریل :۔ یہ مہینہ دوڑ دھوپ تتھا سنگھرش میں گذریگا۔ آمدن حسبِ معمول چلتی رہے گی۔ خرچ کی نئی سکیمیں بنتی رہیں گی۔ شریر کی دشا ٹھیک نہیں رہے گی۔ اگر دیو یوگ سے شریر کی دشا سوستھ بھی رہے تو بھی گھر کے کسی ممبر کے شریر کیطرف سے پریشانی بنی ہی رہے گی۔ مہمان نوازی میں اِس مہینہ کا بہت سمیہ صرف ہوگا بھائی بندھوؤں تتھا متروں سے میل ملاپ میں ورِدھی ہوگی۔ ۲،۱ اپریل سے ۶،۱ اپریل تک ؛ ۱۱ سے ۱۶ تک ؛ اِس مہینہ کے خاص سنبھ دن ہیں۔ اگر آپ اِس مہینہ سے خاص لابھ اُٹھانا چاہتے ہیں تو اِس ماہ ویشنو رہیئے ؛

مئی :۔ اِس ورش چونکہ آپ کے سُکھ اور بھاگیہ کا پربھاوت گرہ شُکر ہے جو گوچر سے اِس مہینہ میں دُوسرے بھاو میں آئے گا۔ گوچر سے دُوسرا شُکر اُتم مانا جاتا ہے جیسا کہ گوچر پھلت میں کہا گیا ہے۔ شریر سوستھ رہتا ہے۔ وواہت ہونے پر پتی پتنی سُکھی رہتے ہیں۔ سنتان لابھ اتھوا سنتان سُکھ ملتا ہے۔ راج دربار میں عزت بڑھتی ہے۔ شترؤوں کا ناش ہوتا ہے۔ الغرض یہ مہینہ آپ کے سُکھ اور شانتی کا ہے۔ ہر کام میں عام طور پر کامیابی نصیب ہوگی ؛

جُون :۔ شریر کی سمسیا بنی رہے گی گرہستی ہونے پر گھر کے کسی ممبر کی پریشانی بنی رہے گی۔ بیوپاری ہونے پر نقصان کا خطرہ ہے۔ وِدیارتھی ہونے پر وِدیا میں سپھلتا پوروک اضافہ۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو کوئی اُلجھن کھڑی ہونے کا اندیشہ اکثر کاموں میں رُکاوٹ۔ آمدنی میں کوئی اضافہ نہیں ہوگا۔ بلکہ خرچ کے ایسے نئے نئے راستے نِکل آئیں گے۔ جن کے بارے میں آپکو علم بھی نہ ہوگا۔

جولائی :۔ اِس مہینہ میں آپ کو چوتھے اور پانچویں بھاو میں شکر ٹھہریگا۔ جو اِس مہینے کے سُکھ شانتی کو جتلاتا ہے۔ اگر آپ بیوپار کرتے ہیں تو اچانک لابھ ملنے کا یوگ ہے۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو نوکری میں اچانک ترقی کا یوگ ہے اگر ترقی نہ ہوگی تو بھی ترقی کی آشا مضبوط ہوگی۔ اگر آپ وِدیارتھی ہیں تو چونکہ اِس مہینہ میں پانچویں بھاو میں شُکر، بُدھ، راہو کا یوگ رہے گا۔ جس کا اثر یہ ہوگا۔ کہ آپکو پڑھنے لکھنے کیطرف رغبت کم رہے گی اور حسبِ خواہش کامیابی نہیں ہوگی۔ لہذا آپ ایسے میں مت پڑے رہیں بلکہ دِن رات مطالعہ میں لگے رہیں۔ ورنہ کامیابی ناممکن ہوگی۔

اگست :۔ اِس مہینہ میں آپکو چھٹے بھاو میں شکر آئیگا۔ شکر آپکا بھاگیہ گرہ ہے۔ اِس گرہ کے پربھاو سے یہ مہینہ اشانت واتاورن میں ہی گذر رہے گا کوئی بھی کام اُلجھن کے بنا سِدھ نہیں ہوگا۔ ہر کام میں کوئی نہ کوئی رکاوٹ پڑتی رہے گی۔ شریر کی چنتا بنی رہے گی۔ گرہستی ہونے پر گرہست پکھ سے اشانتی رہے گی۔

ستمبر :۔ اِس مہینہ کے آغاز پر شریر، بُدھ، شکر یہ تینوں گرہ ساتویں بھاو میں ٹھہرے ہیں۔ ۸ ستمبر کو منگل دسویں بھاو میں آئیگا۔ یہ ملا جُلا یوگ بھی جوتش گوچر سے ناقص مانا جاتا ہے۔ اِس یوگ کے زیرِ اثر ہر آرمبھ کئے ہوئے کام [illegible]

مانسک اشانتی۔ اچانک کوئی جھگڑا کھڑا ہونے کا اندیشہ۔ فضول خرچ۔ ودیارتھی ہونے پر پڑھنے لکھنے کیطرف زیادہ رغبت۔ گرہستی ہونے پر گھر کے کسی ممبر کی پریشانی۔

اکتوبر:۔ اِس مہینہ میں بوم ۲۰ اکتوبر کو راشی بدل رہا ہے۔ پرنتو یکم اکتوبر کو بوم جیشٹھا نکشتر میں آئے گا۔ اِس لئے بوم کا شُبھ پربھاؤ یکم اکتوبر سے ہی اپنا پربھاؤ دکھانے لگیگا۔ بوم آپکو ۱۱ دیں بھاؤ میں آئیگا۔ جو گوچر سے اُتّم مانا جاتا ہے۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو اچانک عہدہ اتھوا مان پرتشٹھا میں وردھی۔ بھائی بندھوؤں اور رشتہ داروں سے میل ملاپ۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں تو ودیا سمبندھت ہر کام میں کامیابی۔ گھریلو واتاورن انوکُول ہوگا۔

نومبر:۔ بہت سمیہ کے بعد اِس ماس میں قریباً سبھی گرہ آپکے انوکُول ہوں گے۔ جن کے پربھاؤ سے مانسک شانتی۔ کوئی شُبھ کام سرانجام دینے میں سفر دنیت۔ مان پرتشٹھا کے نظریہ سے یہ مہینہ خاص طور پر اُتّم ہے۔ ہر آرنبھ کئے ہُوئے کام میں سدّھی تتھا فائدہ ہوگا۔ اچانک کوئی خوشخبری ملے، رشتہ داروں کی طرف سے لابھ ملے۔ اگر آپ زمیندار ہیں تو آپ کیلئے یہ مہینہ بہت لابھ دائیک ہے، خاص طور پر اگر آپنے کچھ فروخت کرنا ہو۔ تو اُسمیں آپکو ادھک لابھ ہوگا۔

دسمبر:۔ برہسپتی اور شکر گرہ دونوں ہی دسویں بھاؤ میں گوچر سے ناقص مانے جاتے ہیں پرنتو یہ دونوں گرہ اِسی مہینہ میں اُودے ہوں گے۔ اِس لئے اِن دونوں گرہوں کا پربھاؤ آپ پر اچھا رہے گا۔ اِس کے علاوہ شُکر یہ اور چندرمہ دونوں گرہوں کا دسویں بھاؤ میں ہونا شُبھ مانا جاتا ہے۔ اِس ملے جُلے یوگ کے مطابق یہ مہینہ سُکھ، شانتی کے واتاورن میں ہی گذریگا۔ اچانک کوئی لابھ ملنے کا یوگ بھی ہے۔ اتھوا کوئی شُبھ کام کرنے کا پروگرام بنے ؛

[طول ... بجھ]

جنوری:۔ اِس مہینہ کے آرنبھ پر ہی بوم، بُدھ اور شکر کا بارھویں ... ہونا ہر کام کی اسپھلتا کو جتلاتا ہے ہر آرمبھ کئے ہُوئے کام میں اُلجھنیں کھڑی ہونگی لہٰذا اُدپائے کے روپ میں ہر اتوار کو گئے کو گُڑ کھلائیں اور ہر منگلوار کو تہہ بنا کر آپ پکھشیوں کو ڈالیں ؛

فروری:۔ لگن میں شُکر یہ، بوم اور شُکر کا ہونا آپ کی صحت کی خرابی کا سُوچک ہے شریر کے دیشئے میں ساودھان رہیئے۔ لیکن آرتھک درشٹی سے اتھوا مان پرتشٹھا کے لحاظ سے یہ مہینہ اُتّم ہے۔ اگر آپ گرہستی ہیں تو سنتان پکھ سے مانسک شانتی رہے گی۔ اگر آپ ودیارتھی ہیں تو ودیا سمبندھت ہر کام میں سپھلتا ہوگی۔ اچانک کوئی شُبھ مہوتسو رچانے اتھوا تعمیری کام شروع کرنے کا پروگرام بنے ؛

مارچ:۔ گرہوں کی ستھتی انوکُول ہونے سے ہر پرکار سے یہ مہینہ سکھ شانتی میں گذریگا۔ بھائی بندھوؤں، متروں سے میل جول۔ شُبھ کاموں میں خرچ۔ گرہستی ہونے پر گرہست پکھ سے مانسک شانتی۔ نوکری پیشہ ہونے پر اچانک ترقی اتھوا لابھ۔ ودیارتھی ہونے پر ودیارتھی ہونے پر ودیا میں سپھلتا۔ بیوپاری ہونے پر بیوپار میں فائدہ ؛

مین راشی کا سوبھاؤ

آپ بھاگیہ شالی ہیں آپ کا جنم مین راشی میں ہوا ہے۔ آپ میں اچھے گُن پائے جاتے ہیں۔ آپ کا بول چال میٹھا ہوتا ہے آپ کا مَن اُدّھار ہوتا ہے آپ سماج میں

پرنشٹھت ہوتے ہیں۔ آپ اپنا چرتر بچائے رکھنے میں ہوشیار ہوتے ہیں۔ آپ کو اپنا جیون بنانے میں ماتا پتا، بھائی بندھوؤں اور رشتہ داروں سے کوئی مدد ملتی نہیں ہے بلکہ آپ اپنا جیون اپنے باہوبل اور آتم بل سے بناتے ہیں۔ آپ کو اپنی ایمانداری اور اپنی محنت پر وشواس ہوتا ہے۔ آپ ادھک دھناڈھیہ نہیں ہوتے۔ آپ اِس روپ میں سچ مچ بھاگیوان ہیں۔ کیونکہ آپ کی پتنی سندر روپ وتی۔ اچھے پتروں کو جنم دینے والی۔ سوبھاگیہ وتی۔ مدھر بولنے والی تتھا میٹھے سوبھاؤ کی ہوتی ہے آپ ملنسار اور دیا وان ہوتے ہیں۔ آپ کو کسی سے ورودھ نہیں ہوتا ہے۔ آپ کا ہردیہ کومل ہوتا ہے۔ پرویکاری کاموں میں آپ بڑھ چڑھ کر حصّہ لیتے ہیں۔ دھارمک تتھا سماجک کاموں میں آپ سب کچھ نچھاور کرنے کے لئے تیار رہتے ہیں۔ مہمان نوازی آپکا اہم کرتویہ ہوتا ہے۔ آپ اتھتی (مہمان)، کو ایشور کا سروپ مانتے ہیں۔ آپ میں کچھ کمزوریاں بھی ہیں۔ جیسے کہ آپ ہوائی قلعے بنانے میں تیز ہوتے ہیں۔ کسی کام کے شروع کرنے میں ذرا سی اڑچن پڑنے پر آپ گھبراتے ہیں۔ آپ پرانے ریتی رواجوں میں ادھک وشواس رکھتے ہیں۔ آپ کو روڑھی وادی کہنا بھی نامناسب نہیں ہوگا۔ آپ سماج میں مانے ہوئے ویکتی ہوتے ہیں۔ آپ بیوپار کی نسبت نوکری میں زیادہ سپھل رہ سکتے ہیں۔ اگر آپ بیوپار کرتے ہیں تو آپ بیوپار میں بھی نام پاتے ہیں۔ آپ کا سمبندھ سمندر پار دیشوں سے بھی ہو سکتا ہے۔ کئی بار آپ اپنے کاروبار اتھوا نوکری کی لائن کو بدل لیتے ہیں۔ پرنتو ہر بار کی تبدیلی میں آپ عام طور پر لابھ اٹھاتے ہیں۔ آپ اپنی محنت کے بل بوتے پر جائیداد وغیرہ بنانے میں کامیاب ہوتے ہیں۔ دھن تتھا کاروبار کے لحاظ سے ۳۰ سے ۴۰ ورش کی اوستھا تک آپ کا بھاگیہ اُدے

ہوتا ہے۔ مین راشی والے اکثر ولاس پریہ ہوتے ہیں۔ طرح طرح کی وستوؤں سے اپنے شریر کو آرام اور سکھ پہنچانے کے پرتین میں لگے رہتے ہیں۔ آپ کا گھریلو جیون شانتی پورن ہوتا ہے آپ اپنے مستقبل کے لئے ہوشیار رہتے ہیں اور رات دِن اُسی دھن میں لگے رہتے ہیں۔ رشتہ داروں کا بھئے آپ کو اکثر بنا رہتا ہے۔ آپ کے شریر کو کوئی نہ کوئی روگ گھیرے رکھتا ہے۔ عمر کے ۴۔ ۲۵ ویں اتھوا چالیسویں ورش میں ایک بار آپ کو روگ ارِشٹ آتا ہے۔ آپ کی آیو لگ بھگ ۸۰ ورش کی ہوتی ہے۔ مین راشی والوں کا سمبندھ کرک تتھا ورشچک راشی والوں کے ساتھ دائمی تتھا سچائی پر مبنی ہوتا ہے۔ میتھن اور سمہ راشی والوں کے ساتھ آپ کا سمبندھ سکھدائی نہیں ہوتا بلکہ وہ سمبندھ آپ کے لئے دُکھ کا کارن بنتا ہے۔ گوروار اور شکروار آپ کے لئے شُبھ ہیں۔ اِن دنوں میں کوئی بھی شُبھ کام آپ آرمبھ کرینگے اُسمیں سپھلتا رہے گی۔ آپ کے لئے بینگنی تتھا نیلا رنگ شُبھ مانا گیا ہے۔ "پکھراج،، آپ کے لئے شُبھ رتن ہے؛

مین راشی کا وارشک پھل

اِس ورش آپ کا پربھاوت گرہ برہسپتی اور شکر ہے ورش کے آرنبھ میں شکر آپکا ۱۱ ویں بھاو میں ہے اگرچہ برہسپتی آٹھویں بھاو کا ہے۔ پرنتو وہ ۱۱ ستمبر ۱۹۸۲ سے نادیں بھاو میں آرہا ہے۔ اِس ملے جلے یوگ کے مطابق یہ ورش دوڑ دھوپ تتھا سنگھرش میں

ہی گذریگا۔ شریر کے گھر میں دو گرہوں کی یُوتی شریہ، چندرمہ کا ایسی سمیوگ آپ کے شریر کی دشا ڈانواں ڈول ستھتی میں رکھیگا۔ پرنتو ایسی ڈگمگاتی دشا صرف ۱۱ ستمبر تک ہوگی۔ ۱۱ ستمبر کے بعد برہسپتی آپ کے شریر کو پُورن درشٹی سے دیکھیگا جو آپ کے شریر کو سوستھ بنانے کا باعث بنے گا۔ اگر آپ کے شریر میں کوئی روگ ہے ۱۱ ستمبر کے بعد سادھارن سا علاج کروانے سے شریر کی دشا ٹھیک ہو گی۔ دھن کاروبار، نوکری کے بارے میں آپ چنتا نہ کریں۔ آپ کے کاروبار کو سپھل بنانے میں اِس درش گرہ آپ کے انوکُول ہیں۔ آپ اپنے کام میں سرگرمی سے جُٹ جائیں وشواس رکھیئے کاروبار سمبندھت عرصہ دراز کے خواب اِس درش ساکار رُوپ میں سامنے آئیں گے۔ نوکری پیشہ ہونے پر نوکری سمبندھت کوئی بھی سمسیا کیوں نہ ہو سبھی سُلجھ جائیں گی۔ بلکہ آپ کے ترقی کا مارگ بھی کھُل جائے گا۔ اِس درش بھائی بندھوؤں، متروں کے میل جول تتھا پریم دیوہاریں بھی وردھی ہوگی۔ اگر آپ کوئی تعمیری کام کرنا چاہتے ہیں تو اِس درش آپ کے تعمیری کام سے سمبندھت گرہ بُدھ ہے ۲۰ مارچ سے بُدھ، شریہ اور چندرمہ کے سمپرک میں پڑا ہے۔ اِس کے زیرِ اثر آپ جو کوئی تعمیری کام بھی آرنبھ کریں گے اُس میں رکاوٹیں پڑتی رہیں گی۔ بہت دوڑ دھوپ کے بعد ہی ایسے کاموں میں سپھلتا ملیگی۔ اگر آپ گرہستی ہیں تو گرہست پکھ سے آپ کو زیادہ تر مانسک اشانتی رہے گی۔ استری، سنتان پکھ وغیرہ گرہ بھی آپ کے موافق ہیں خاص طور سے ۱۱ نومبر سے سنتان سُکھ ملنے کی آشا رکھیں۔ گو آپ کسی سے دشمنی نہیں رکھتے تو بھی بغیر کسی کارن کے آپ کے دشمن پیدا ہوں گے۔ لیکن آپ گھبرائیں مت لینے کرتویہ کا پالن کرتے جائیں۔ کوئی بھی شترو آپ کو نقصان پہنچانے میں سپھل نہیں رہیگا

اگر آپ وواہت ہیں تو استری پکھ سے مانسک شانتی بنی رہے گی پرنتو ان کے کی قدرے چنتا رہے گی۔ اگر آپ وواہت نہیں ہیں اور وواہ کے خواہاں ہیں تو آپ خواہ لڑکی ہوں یا لڑکا۔ اِس درش یہ سمسیا اوشیہ حل ہو جائے گی۔ اگر اڑچنیں آتی رہیں گی تو اُپائے کے رُوپ میں ہر سوموار کو بھگوان شنکر پر شُدھ گائے کا دودھ چڑھائیں۔ دودھ چڑھاتے وقت پڑھیں:۔ کامد دھینو، سم اُوت بھُو تم، سرویشام جیونم پرم، پاونم یگیہ ہیتو تم پیاہ، سنانار بھم، ارپہ تم"۔ اگر یہ ورش آپ کی اِس درش تک کا طاق درشن ہے تو سمت ۲۰۳۹ بکرمی کا درشن آپ کے بھاگیہ اُدے کا درشن ہوگا۔ ودیا سمبندھت ہر کام میں سپھلتا یقینی ہے۔ ۱۱ نومبر کے بعد آپ کا برہسپتی بھاگیہ ستھان میں آئے گا۔ جہاں سے وہ ودیا کے گھر کو پُورن درشٹی سے دیکھیگا۔ اِس گرہ کے زیرِ اثر اگر آپ پڑھنے لکھنے کی طرف توجہ دیں گے اور میرے لکھے کو عملی رُوپ دیں گے تو آپ اچھے ڈویژن میں کامیاب ہو جائیں گے۔ اگر آپ گھر میں ماں باپ یا گھر کے کسی بزرگ کے ساتھ تیز کلامی کرتے ہیں تو آج سے ہی اس بُرے سوبھاؤ کو چھوڑنے کی پرتگیا کریں۔ صبح سویرے بستر سے اُٹھتے ہی سب سے پہلے ماتا پتا اتھوا گھر کے کسی بزرگ کے چرنوں کے سامنے جھُک کر چرنوں کو سپرش کرتے ہوئے اُچارن کریں "ابھی وادیئے!! اپنا نام لیکر" اہم بھو"۔ پڑھائی آرمبھ کرنے سے پہلے جب تک وقت ملے گائتری منتر کا اُچارن کرتے جائیں اِس اُپائے کو لگاتار اپنانے سے آپ اچھی پوزیشن میں کامیاب ہوں گے۔ اِس سے پہلے بین راشی والے جو بار بار فیل ہو چکے ہیں۔ اُن کے لئے لازمی ہے کہ وہ اِس درش دل لگا کر پڑھائی کریں۔ نشچے رکھیئے آپ کی محنت سپھل ہوگی:

مین راشی کا ماسک پھل

دسمبر سے ۱۵ اپریل تک بینہ یا ایرڈیشن ہی دیکھئے ۔

